This book is provided in digital form with the permission of the rightsholder as part of a Google project to make the world's books discoverable online.

The rightsholder has graciously given you the freedom to download all pages of this book. No additional commercial or other uses have been granted.

Please note that all copyrights remain reserved.

**About Google Books**

Google's mission is to organize the world's information and to make it universally accessible and useful. Google Books helps readers discover the world's books while helping authors and publishers reach new audiences. You can search through the full text of this book on the web at http://books.google.com/

https://www.urdututubes.com/

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

153

لاہور

# ماہنامہ عبقری ®

مارچ 2019ء رجب 1440 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب
شب برات تسبیح خانہ میں گزاریئے
تفصیلات صفحہ نمبر 55 پر ملاحظہ فرمائیں!

## قصے لاہوری قلندروں کے حیران کن ناقابل یقین!

## ہر سال رمضان مدینہ منورہ میں گزارنے کا آزمودہ راز

- سری پائے والے نے بتایا گنج پن اور بال جھڑ کا حیران کن ٹوٹکہ
- آنٹی نے بتایا گوری چٹی رنگت کیلئے آزمودہ گھریلو ماسک
- ماڈرن ماؤں کی اولاد بڑی ہوئی تو معاشرہ تباہ ہوگیا!
- نوجوان لڑکیوں کے پیچیدہ مسائل اور ان کا حل
- بیوی کی ایک مسکراہٹ کو ترستے خاوند کی دہائی
- بال کالے نہیں بلکہ کالے سیاہ کرنے کا آسان ٹوٹکہ
- بیوی دیوانی، منگیتر عاشق! گھر جنت! یہ عمل کرلے







## 70 سال کی عمر میں دوبارہ جوانی لوٹ آئی!



## حمل اور حاملہ کی حفاظت کیلئے 8 طاقتور روحانی عمل

## بار بار فیل ہونے والے اسٹوڈنٹس کیلئے کام کی بات!

اسم اعظم کا دم اور شفائیہ دعا: 31 مارچ بروز اتوار نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک شیخ الوظائف کا درس لاہور ہوگا ٹھیک ساڑھے چھ بجے شیخ الوظائف شفائیہ دعا کروائیں گے بعد ازاں اسم اعظم کا دم ہوگا فوراً بعد حلقہ کشف المحجوب درس اور مراقبہ ہوگا۔

جی یا عبقری کی سعادت حاصل کرنے والے بیان ذرا غور کیجئے تحریروں میں بچوں کے لئے پیارا تحفہ ... پڑھیں اور گفٹ کریں!


عبقری گروپ آف میڈیا
ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا
YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari www.ubqari.org
Follow Ubqari موبائل پر لکھ کر 40404 پر میسج کریں



Digitized by Google

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | دو وظائف پر محبت ایک الف کا حل | 33 | خواتین پوچھتی ہیں؟ |
| 4 | قدیم سائنس اور جدید سائنسدان | 34 | گڑ بھرے انڈے کھایئے! سونے جیسی صحت پایئے! |
| 5 | قصے لاہوری قلندروں کے! حیران کن ناقابل یقین! | 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں |
| 6 | آیئے! چھوٹے بچوں کو حادثات سے بچائیں | 37 | لوبیا کی پھلی جسم کو لوہے کی طرح مضبوط بنائے! |
| 7 | بار بار فیل ہونے والے اسٹوڈنٹس کیلئے کام کی بات! | 38 | سو نفل کی منت مانتی ہوں مسئلہ حل ہو جاتا ہے |
| 8 | کامیابی و کامرانی کے آسان اور آزمودہ گر! | 39 | جنات کا پیدائشی دوست |
| 9 | چمکتی صحت میں ریشہ دار غذاؤں کا کردار | 41 | سود اور قرض تلے دبے تھے کرشمہ ہوا اور سب ٹھیک |
| 10 | ماہ رجب! ہر شب جمعہ ایک مراد پوری کروانے کا عمل | 42 | خوش باش اور فٹ رہنے کے 10 گر! مجھ سے جانیے |
| 11 | حضرت شاہ معصوم اللہ گجراتی کے روحانی وظائف | 44 | قیمتی نہیں سلیقے سے رکھی چیزیں گھر کو خوبصورت بناتی ہیں! |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج | 45 | قارئین کے آزمودہ طبی و روحانی نوٹکے |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 47 | رمضان کے روحانی رنگ تسبیح خانہ کے سنگ |
| 15 | اپنوں کے حسد نے زندگی تباہ کر دی عبقری نے بچا لیا | 48 | فاقوں پہ مجبور کر دینے والی تنگی اور روحانی منزل مری کا کرشمہ |
| 17 | وزن نہ گھٹنے کے 10 بڑے اسباب | 49 | عبقری رسالہ اور ادویات آپ کے شہر میں |
| 18 | نوجوان لڑکیوں کے پیچیدہ مسائل اور ان کا حل | 50 | عبقری فیس بک پیج پر مخلصین کے بتائے انوکھے ٹوٹکے |
| 20 | حمل اور حاملہ کی حفاظت کیلئے 8 طاقتور روحانی عمل | 51 | پرندوں کو دانہ ڈالنے کا صلہ مجھے تو یہ ملا؟ |
| 22 | خوشحال کسان کیسے فاقوں پر مجبور ہوا؟ ضرور پڑھیے | 52 | کیا آپ کو خریداری کا جنون ہے؟ |
| 23 | سری پائے والے نے بتایا گنج پن اور بال جھڑ کا حیران کن ٹوٹکہ | 53 | المیئہ وفات سے تدفین تک کا سفر! آپ کو ہلا دے گا |
| 24 | جلیبی بزرگوں کی ریت روایت اور معالجین کی پہلی غذا | 54 | مضامین کا بقیہ |
| 26 | جسمانی دیوانی یا بھوسال کے جھگڑے ختم! آسان عمل | 55 | عبقری حلبینہ' کو پین والا خط |
| 28 | جن بولا: یہ میرے گھر میں! ما چلاتے ہیں! میں نہ چھوڑوں گا | 56 | عبقری ادویات فہرست |
| 29 | ماں کو گالیاں نکالنے والے بیٹے کا خوفناک انجام | 57 | بیری کا خالص شہد۔ جوش جوشاندہ |
| 32 | ماڈرن ماؤں کی اولاد بڑی ہوئی تو معاشرہ تباہ ہو گیا! | | |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں


عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۔ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب ؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائی ؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت) ، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 9 | جلد نمبر 13 | مارچ 2019 رجب المرجب 1440 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور مارچ 2019ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حمید اعوان، محمد راشد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ مع رجسٹرڈ ڈاک 1080 روپے بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

**فرمان قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ:** ”آج ہم یہاں دنیا کی عظیم ترین ہستی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و تکریم کروڑوں عام انسان ہی نہیں کرتے بلکہ دنیا کی تمام عظیم شخصیات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سر جھکاتی ہیں۔ وہ عظیم مصلح تھے، عظیم رہنما تھے، عظیم واضع قانون تھے، عظیم سیاستدان تھے اور عظیم حکمران تھے، ہم ان کی تعلیمات پر عمل کرتے رہے تو کسی میدان میں کبھی بھی ناکامی نہ ہوگی“ (25 جنوری 1948ء کراچی بار ایسوسی ایشن کے اجلاس سے خطاب)

| | |
|---|---|
| یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز | نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں سے پیدا |
| وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستان وجود | ہوتی ہے بندہ مومن کی اذان سے پیدا |

(علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن جوتے فرنیچر رضائیاں اپنی زکوٰۃ صدقات عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر بھیج دیں بلٹی کرا دیں شکریہ!


رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534


## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آ رہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔


خط و کتابت کا پتہ: ”عبقری“ عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس: 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 | E mail:contact@ubqari.org



محمد طارق محمود نے اظہار سنز پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ عبقری مزنگ چونگی لاہور سے شائع کیا

https://www.urdutubes.com/

## تو مہربان ہو اہل زمیں پہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”اللہ تعالیٰ مہربان ہیں اور مہربانی کو پسند فرماتے ہیں اور مہربانی کو پسند فرماتے ہیں اور مہربانی کی وجہ سے وہ کچھ عطا فرماتے ہیں جو سختی پر (عطا) نہیں فرماتے۔“ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ مہربان ہیں اور تمام کاموں میں مہربانی کو پسند فرماتے ہیں۔“ (سنن ابن ماجہ شریف: باب الرفق)

# حالِ دل

(ایڈیٹر کے قلم سے)

## جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

## دو ’’الف‘‘ ایک ’’الف‘‘ حاصل

گزشتہ دنوں مختلف شعبہ جات کی خدمت کرنے والوں سے میں ایک بات عرض کر رہا تھا خدمت کا اول اور آخر صرف اور صرف ’’الف‘‘ سے ہے اور الف کیا ہے؟ پہلا ’’الف‘‘ احساس دوسرا ’’الف‘‘ ایمانداری ان دونوں ’’الف‘‘ کے ساتھ ہی اگر خدمت کا سچا جذبہ ہو تو کبھی ناکامی نہیں ہوتی کیونکہ ’’الف‘‘ کے بغیر خدمت نامکمل اور بے یقینی ہے‘ خدمت کا یہ جذبہ احساس وقت کا احساس پیسے کا‘ احساس لمحوں کا احساس جس شعبہ اور جس خدمت میں ہم کام کر رہے ہیں اس شعبہ اور اس خدمت کا سچا احساس‘ جب احساس ہماری زندگی میں بھر جائے گا تو پھر کرپشن نام کی چیز کبھی نہ سننے میں آئے گی نہ بولنے میں آئے گی نہ لکھنے میں آئے گی ہمارا ذہن ہر وقت احساس اور ذمہ داری کو سوچتا اور پرکھتا رہے گا۔ یہی احساس پچھلی قوموں اور پچھلے کامیاب لوگوں میں تھا جنہوں نے پوری زندگی میں ترقی پائی اور پوری دنیا میں نام کمایا اور جب یہی احساس نسلوں سے چلا گیا پھر وہی لوگ تھے جن کو احساس دلانے کے لیے غیروں نے ان سے باتیں کیں‘ چاہے وہ میڈیا کے ذریعے یا اپنی بولی کے ذریعے۔ کامیاب زندگی کا پہلا قدم احساس ہے اور ناکام زندگی کا پہلا قدم بے حسی ہے۔ دوسرا لفظ ایمان ہے۔ ایمان واحد چیز ہے جو یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے کوئی دیکھے یا نہ دیکھے پھر کیمرے کی نظر اس کو دیکھ رہی اس سے زیادہ یقین اس کا ایمان پر ہوگا کہ ایمان وہ واحد طاقتور چیز ہے جو انسان کو اس سچے جذبے پر لاتی ہے کہ مجھے ایک دیکھنے والی طاقتور آنکھ دیکھ رہی اور مجھے پرکھنے والا طاقتور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ پرکھ رہا۔ ہماری زندگی کا قدم قدم احساس اور ایمان کے ساتھ اگر گزرے تو ایک ایسی ہستی جس کو اللہ کہتے ہیں اس سے ہمیں حیرت انگیز طور پر روشنی مدد اور فیضان ملے گا تو معلوم ہوا کہ اللہ کو پانے کے لیے اور ولایت کے آخری مقام کو حاصل کرنے کے لیے ہمیں جس چیز کی اشد ضرورت ہے وہ احساس اور ایمان ہے۔ جب یہ دونوں چیزیں اکٹھی مل جاتی ہیں تو انسان کے اندر جس چیز کا مجموعہ پیدا ہوتا ہے وہی انسان مجموعہ کے اعتبار سے مومن کہلاتا ہے‘ مخلص کہلواتا ہے اور سچا کہلواتا ہے جسے صادق کہتے ہیں اور یہی دو چیزیں انسان سے نکل جاتی ہیں تو جو لفظ اور جو چیز اس کے اندر پیدا ہوتی ہے وہ جھوٹ اور کذب ہے۔ ہر شخص اپنے گریبان میں جھانکے سب سے پہلے میں خود اس کا محتاج ہوں کہ کیا جو میں خدمت کر رہا ہوں‘ وہ گورنمنٹ کی نوکری ہے‘ پرائیویٹ نوکری ہے‘ کوئی شعبہ خدمت ایسا ہے جس میں مجھے معاوضہ لینا ہے یا معاوضہ نہیں لینا‘ میں گھریلو خادم ہوں‘ کسی فیکٹری میں ملازم ہوں‘ میں مسلمانوں کو کوئی خدمت کا شعبہ اور حصہ دے رہا ہوں‘ اس میں میرے اندر احساس اور ایمان کتنا ہے ایک چوکیدار بیٹھا ہوا ہے اسے علم ہے کہ صبح ہوگئی ہے لیکن اس نے تمام لائٹیں نہیں بجھائیں اور بجلی بند نہیں کی تو یہ اس کے اندر احساس اور ایمان کی کمی کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ موٹر چل رہی پانی زمین سے نکل کر ٹینکی کو بھر رہا پھر ٹینکی بھر گئی اور پانی باہر گر رہا‘ ہر شخص اس کو دیکھ رہا اور مطمئن ہے‘ سرکاری نل کھلا ہوا‘ پانی بہہ رہا لیکن میں مطمئن ہوں‘ میرے اندر احساس بیدار نہیں ہوا‘ بے حسی نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ میں ایک مسجد میں نماز پڑھتا تھا‘ مغرب سے ہی مسجد کی تمام لائٹیں اتنی جلائی جاتیں کہ چیونٹی بھی رات کو نظر آتی تھی جہاں ایک لائٹ کی ضرورت تھی وہاں تیس سے زائد لائٹیں جلائی ہوتی تھیں‘ مسجد کے منتظم سے میں نے درخواست کی۔ کہنے لگے: اللہ کا گھر روشن ہونا چاہیے‘ آپ کو کیا تکلیف ہے؟ کچھ ہی عرصہ کے بعد ان صاحب کے گھر مجھے جانا ہوا تو بہت بپھرے ہوئے اور غصہ کے عالم میں باہر نکلے۔ میں نے پوچھا خیریت تو ہے؟ کہنے لگے: ان کو احساس نہیں کہ اتنی لائٹیں جلاتے ہیں اتنا بل آتا ہے‘ پانی کا پمپ اور موٹر چلتی رہتی ہے۔ میں نے کہا: گھر جگمگ ہونا چاہیے‘ انہیں اپنی کہی ہوئی پرانی مسجد والی بات بھول گئی۔ کہنے لگے آپ بھی انوکھے بادشاہ ہیں‘ مہنگائی حد پر ہے‘ آمدنی کے ذرائع کم ہو رہے ہیں‘ بجلی پر ٹیکس اور بل بڑھ رہے ہیں میں خاموش ہوگیا اور مجھے دکھ ہوا کیونکہ مسجد میں چندے کا مال ہے اور مال مفت دل بے رحم‘ یہ احساس اور ایمان کی کمی ہے جو ایک بولتا ثبوت ہمارے معاشرے میں مختلف انداز سے ہم پیش کرتے ہیں ہم زندگی کے کسی بھی شعبہ میں ہیں اور کسی بھی انداز سے اپنی زندگی کو لے کر چل رہے بس اپنی زندگی میں احساس اور ایمان بہت زیادہ جگہ دیں اور توجہ دیں۔ ہماری زندگی احساس اور ایمان کے ساتھ زندہ و تابندہ رہے گی‘ وطن کی بدعنوانی بھی ختم ہوگی اور زندگی کی بدعنوانی بھی ختم ہوگی۔ اگر ہم اپنے من کو‘ دل کو‘ جذبوں کو اور اپنے معاشرے کو پرسکون اور شفاف بنانا چاہتے ہیں تو ہم پہلے اپنے آپ کو احساس اور ایمان کی مشق اور محنت پر لے آئیں پھر ایک ایسی ’’الف‘‘ جس کو ہم اللہ کہتے ہیں‘ ملے گی جو موت تک اور موت کے بعد تک ہمارے ساتھ رہے گی۔ آیئے! احساس اور ایمان کو آواز دیں اور احساس اور ایمان کو زندگی اور حیات دیں۔ احساس زندہ باد ایمان پائندہ باد۔ نوٹ: مومن سب سے پہلے ایمان کو دل میں پاتا ہے پھر یہی ایمان ہے جو احساس سطح کو آہستہ آہستہ بلند کرتا ہے اگر ایمان ہے تو ایمان پر محنت کریں کہ ایمان روز بروز بڑھتا چلا جائے۔

> **کامیاب زندگی کا پہلا قدم احساس ہے اور ناکام زندگی کا پہلا قدم بے حسی ہے۔**

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال
دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر عمر میں ہر وقت
اور ہر تکلیف کیلئے
کیل مہاسے‘ چھائیاں‘ داغ دھبے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

Digitized by Google

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

ہفتہ وار درس سے انتخاب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

# قدیم سائنس اور جدید سائنسدان

**جسم کی نعمتیں:** اللہ پاک جل شانہٗ نے سارا جسم ہمیں عطا کیا ہے، کبھی ہم نے اپنے جسم پر غور کیا ہے کہ اللہ پاک نے ہمیں یہ جسم کیوں دیا ہے؟ ہمارے جسم کے ایک ایک حصے میں اللہ پاک نے اپنی شان کو بیان کر دیا ہے۔ ہم اپنے دماغ، دل اور آنکھوں کو دیکھیں ہر عضو اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت ہے اور اللہ پاک نے ہمارے جسم کے ہر حصے کو اپنی محبت سے بنایا ہے، یقین جانیے اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ اللہ تعالیٰ نے جسم کے ہر حصے کو اپنی خصوصی محبت سے بنایا ہے، پھر اللہ پاک نے ہمیں جسم مفت دیا ہے۔ ہمارے لیے ایسا قانون بھی ہوسکتا تھا کہ ہر سال اس جسم کی کٹوتی ہوتی اور اللہ جل شانہٗ ایسا کرنے میں حق بجانب تھے لیکن اُنہوں نے جسم کی ساری مشین مفت میں دے دی۔ **جسم امانت خداوندی:** ایک بزرگ فرمانے لگے: اللہ پاک نے یہ جو جسم ہمیں دیا ہے یہ ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہے اور اسکی حفاظت کرنا ہمارے ذمہ ہے اگر ہم نے جسم کی حفاظت نہ کی تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے ہم جوابدہ ہونگے۔ غذا کے ذریعے، علاج کے ذریعے، استعمال کے ذریعے جسم کی حفاظت ہمارے ذِمّے ہے اور پھر اللہ والے بزرگ نے فرمایا: اسکی حفاظت کا سب سے بہترین سامان اللہ پاک نے اعمال کو بنایا ہے۔ علاج سے ہماری نظر فوراً دوا پر جاتی ہے، علاج سے ہماری فوراً دعا پر نہیں جاتی۔ یہ جسم اللہ پاک کی ایک امانت ہے اور امانت اپنی ملکیت نہیں ہوتی، وہ کسی کی عطا کردہ ہوتی ہے اور جس کی عطا کردہ ہے اُس نے اپنی دی ہوئی امانت کا حساب لینا ہے، اپنی امانت کا جواب لینا ہے۔ اُس نے پوچھنا ہے کہ تو نے میری امانت کی کتنی فیصد قدردانی کی؟۔ آنکھ کے ذِمّے ایک کام ہے اللہ پاک نے آنکھ کے بند ہونے اور جھپکنے کا نظام دیا ہے تا کہ کل کو انسان یہ نہ کہہ سکے کہ یا اللہ آنکھ کے اندر تو یہ خصوصیت ہی نہیں تھی! اللہ پاک نے ہاتھ کے اندر پھیلنے اور سکڑنے کا نظام رکھا ہے تا کہ کل کو انسان یہ شکوہ نہ کر سکے۔ اللہ پاک نے ہمیں جو دماغ دیا ہے یہ دماغ اللہ پاک نے احکامِ الٰہی کو سوچنے کے لیئے دیا ہے۔ انسان کا دماغ احکامِ الٰہی کیلئے اور دِل عشقِ الٰہی کیلئے بنایا گیا ہے، جتنا دماغ بڑھتا جائیگا اتنا احکامِ الٰہی کی طرف آتا جائیگا۔ اگر یہ دماغ احکامِ الٰہی اور دل عشقِ الٰہی کی طرف نہیں آرہا تو پھر یہ مرنے سے پہلے کے نظام کو سوچے گا اور مرنے کے بعد کے نظام کو یقیناً بھول جائے گا۔ اس کے ذِمّے احکامِ الٰہی کی اور عشقِ الٰہی کی حیثیت ہی کچھ نہیں ہوگی۔ یہ مرنے سے پہلے کے نظام کو سوچے گا۔

**خالق حقیقی پر محنت:** پہلے دور کے انسان مرنے سے پہلے کے نظام کو سوچتے تھے۔ پہلے دور کے انسان آخرت پر محنت کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ پر محنت کرتے تھے جبکہ ہماری ساری محنت دنیا پر ہے اور ہماری ساری محنت مخلوق پر ہے۔ ہمارے لیے کمپیوٹر مخلوق ہے، سائنس مخلوق ہے حتیٰ کہ حکیم کی دوا مخلوق، ڈاکٹر کی دوا مخلوق، کھانا مخلوق، پانی مخلوق ہے۔ ساری کائنات کی ساری چیزیں مخلوق ہیں، ہماری ساری محنتیں مخلوق پر ہوئیں خالق پر نہیں ہوئیں۔ پہلے دور کے انسان ساری محنتیں خالق پر کرتے تھے اسکا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ تھوڑی سی کوشش کرنے پر اللہ پاک جل شانہٗ انہیں بہت زیادہ عطا کر دیتے تھے۔ **حیرت انگیز ایجاد:** شاہی قلعہ جب انگریزوں نے لوٹا تو شاہی قلعے کے اندر ایک حمام تھا، اس حمام کے اندر گرمی میں ٹھنڈا پانی اور سردیوں میں گرم پانی آتا تھا۔ یہ پانی کہاں سے آتا تھا کوئی سمجھ نہیں آتی تھی۔ بڑے بڑے ماہرین کو اسکی تحقیق پر لگایا مگر ماہرین تحقیق کرنے کے باوجود اپنے اُس مقصد کو نہ پاسکے تو آخرکار اُس حمام کو توڑا تو دیکھا کہ ایک چراغ ہے وہ خود بخود جل رہا ہے، اس کا تیل کہاں سے آرہا ہے؟ بتی کہاں سے آرہی ہے، کچھ پتہ نہیں چلا۔ پھر جل بھی ایک خاص سمت میں رہا تھا۔

ہمارے پاس ایک ہاتھ کی لکھی ہوئی پرانی کتاب ہے جو والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دور کی ہے۔ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو مطالعہ کا شوق تھا اس لئے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتب بہت زیادہ تھیں۔ ان کی کتاب میں ایک عمل ہے اور وہ عمل اب بھی ویسے ہی ہے۔ یہ علم کے طور پر کہہ رہا ہوں، تقدیر اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے کہ: ”سرسوں کا تیل لیں اور ایک مخصوص پیالہ بنا ہوا ہو اس میں ڈالیں، جس مریض کو آپ دیکھیں کہ اس کے بچنے کی امید نہیں ہے اُس کا قارورہ (پیشاب) لیں اسکا ایک قطرہ پیالے میں ڈالیں، اب یہ دیکھیں کہ وہ کس سمت میں جاتا ہے، اس پیالے میں سمتیں لکھی ہوئیں ہیں، شمال، جنوب، مشرق، مغرب، مشرق شمال، جنوب مشرق ساری سمتیں اس پیالے میں لکھی ہوئی ہیں۔ غور سے اس ایک قطرے کو دیکھیں کہ وہ کس سمت میں جا رہا ہے، جدھر وہ قطرہ جاتا ہے اس سمت کے بارے میں لکھا ہوا ہے۔ ادھر جائے گا تو مریض بچ جائیگا، ادھر جائیگا تو مریض کے ساتھ یہ ہوگا ادھر جائیگا تو یہ ہوگا۔“ یہ میں علم کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں۔ تقدیر اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اُس دور کی جتنی بھی پرانی ریسرچ اور پرانی تحقیق کتابوں میں موجود ہے وہ آج بھی کامل ہے اور آج کا سائنسدان بھی اُسے جھٹلا نہیں سکتا۔ اسکی وجہ کیا ہے؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ: اُس دور کے لوگوں کا زیادہ وقت خالق پر لگتا تھا اور تھوڑا وقت مخلوق پر لگتا تھا۔ جس چیز کیلئے بندہ زیادہ محنت کرتا ہے اللہ اُس چیز کی خاصیت کو بندے کے سامنے کھول دیتا ہے۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

## صرف 25 عبقری شماروں نے بہن کا گھر بسا دیا

قارئین! میرے بھائی اور والد میں سخت ناراضگی تھی۔ چاہتی تھی کہ دونوں میں صلح کروادوں مگر دونوں کو اپنی اپنی جگہ پر سمجھایا مگر دونوں اپنی ضد پر اڑے رہے۔ بھائی اس لڑائی میں اس حد تک گرا کہ مجھے لکھتے شرم آرہی ہے کہ اس نے اپنی پاکباز اور باحیا چھوٹی بہن کے خاوند کیساتھ رابطہ کر کے کہا: میری یہ بہن بدکردار ہے، شادی سے پہلے اس کے لڑکوں کے ساتھ تعلقات تھے۔ نوبت طلاق تک پہنچی ہوتی تھی۔ میں نے نیت باندھی کہ میری چھوٹی بہن کا گھر بس جائے۔ ہر ماہ 25، ماہنامہ عبقری بچیوں میں تقسیم کروں گی جو میں گزشتہ چند ماہ سے کر رہی ہوں۔ الحمدللہ! آپ کی دعاؤں کے طفیل سے اب وہ اپنے گھر میں بہتر حالات میں ہے اور اس کا خاوند ساری صورتحال کو سمجھ گیا اور اسے اپنے ساتھ سعودی عرب لے گیا ہے۔ اب وہ وہاں خوش اور مطمئن ہے۔ الحمدللہ! اس چھوٹے سے عمل نے میری بہن کا گھر بسا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ میرے لیے توفیق کے دروازے کھولے مجھے آپ اپنی توجہات عطا فرمائیں بہت کمزور اور نالائق ہوں کہ اہلیت پیدا ہو۔ (ص، ش)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
”شفائے حیرت“ چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# آئیے! چھوٹے بچوں کو حادثات سے بچائیں

**طاقت کی گولیاں، مٹی کا تیل، پٹرول، مالش کا تیل، چوہے اور کیڑے مار ادویات، تمباکو، سگریٹ وغیرہ شامل ہیں۔ اونچی جگہ سے احتیاط: سیڑھیوں یا کھڑکیوں سے گر کر زخمی ہونے والے بچوں کی تعداد بھی حادثات کے شمار میں بہت زیادہ ہے۔**

گھر پر بچوں کی حادثات سے حفاظت کا خیال رکھنا تمام والدین اور گھر کے دیگر افراد کیلئے ضروری ہے۔ بہت چھوٹے بچوں کو سوتے جاگتے، کھیلتے، دودھ پیتے ہر وقت نظر میں رکھنا چاہیے۔ حادثات کی قطعی روک تھام تو شاید ماں باپ کے بس کی بات نہیں اور اس کی وجہ سے بچے کو اٹھائے اٹھائے اور سنبھالے سنبھالے پھرا جائے تو بچہ شرمیلا اور خوف زدہ ہو کر رہ جائے گا اور خود اعتمادی سے آشنا نہ ہو سکے گا۔ ہاں مگر بچے کو سخت قسم کے خطرات سے بچانا آپ کا فرض ہے اور اس کیلئے یہ ضروری ہے کہ آپ پوری طرح یہ بات جانچیں کہ کیا کیا چیزیں حادثات کا سبب بن سکتی ہیں اور ان سب کی روک تھام کیسے ممکن ہے۔ بچہ جب چھ ماہ کی عمر میں کروٹ لینے کے قابل ہوتا ہے تو اس کی نگہداشت زیادہ تندہی سے کرنی پڑتی ہے کیونکہ بچہ کسی بھی وقت بستر سے گر سکتا ہے۔ گھٹنوں کے بل چلنے سے لے کر بچے کی نگہداشت کے بھی کئی پہلو سامنے آئے ہیں چونکہ بنیادی طور پر تجسس کا شکار ہوتا ہے اس لیے اس بات کا خیال کرنا ضروری ہے کہ کوئی ایسی چیز جو اس کے تجسس کو دبانے اور اس کے نقصان کا باعث نہ بنے۔ بچوں کے سمجھداری کی عمر تک پہنچنے میں کئی ایسے گھریلو حادثات ہیں کہ جن کا بچے شکار ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ان کے تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے ذیل میں چند احتیاطیں پیش نظر ہیں جن کے اہتمام سے حادثات کے وقوع کو کم سے کم رکھا جا سکتا ہے۔ **سفر کے دوران:** پبلک ٹرانسپورٹ ہو یا سائیکل، موٹر بائیک، سکوٹر یا موٹر کار بچوں کو سواریوں میں سب سے زیادہ شرارتیں سوجھتی ہیں۔ موٹر بائیک، اسکوٹر یا سائیکل جیسی کھلی سواریوں میں بچوں کو سر کی چوٹ سے بچانا بہت ضروری ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ موٹر سائیکل پر ماں دو، دو تین تین بچوں کو گود میں لیے سفر کر رہی ہوتی ہیں۔ یہ انتہائی خطرناک فعل ہے کیونکہ اگر بچہ ہاتھ سے چھوٹ جائے تو انتہائی تکلیف دہ حادثہ رونما ہو سکتا ہے۔ موٹر کار میں اس بات کا خیال رکھیں کہ ماں کی گود میں بیٹھنے والے بچے کو آگے کی سیٹ پر نہ لے کر بیٹھیں۔ بچے اکثر گاڑی میں کھڑے ہو جاتے ہیں یا آگے کی دونوں سیٹوں کے بیچ لٹکتے رہتے ہیں اس سے ڈرائیور کا دھیان بٹنے کا خطرہ ہے اور بریک لگنے کی صورت میں بچے کا سر بھی ٹکرا سکتا ہے۔ کھڑکی سے باہر لٹکنے اور سر یا ہاتھ باہر نکالنے سے بھی منع کریں۔ **غیر محفوظ کھلونے:** سکے، بٹن، بٹنے اور کھلونوں کے ٹوٹے ہوئے کل پرزے چھوٹے بچوں کے تجسس کا خاص نشانہ ہوتے ہیں۔ چھوٹے بچوں کے منہ سے بروقت چیز کا پتہ نہ لگنے کی صورت میں سانس کی نالی میں پھنسنے کے امکانات ہوتے ہیں جو حادثات کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بچے پھلوں کے بیج، چنے، مونگ پھلی وغیرہ کان یا ناک میں چڑھا لیتے ہیں۔ کسی عضو میں کچھ پھنس جانے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ کھلونے خریدتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ وہ بچے کی عمر کے مطابق ہوں۔ تین سال سے کم عمر بچوں کو ایسے کھلونے نہ دلائیں جو منہ میں ڈالنے کی صورت میں سانس کی نالی میں پھنس جائیں۔ ہمارے ملک میں سانس کی نالی میں پھنسنے والی اشیاء میں سب سے زیادہ کھلونوں میں لگی سیٹی دیکھی گئی ہے۔ یہ سیٹی کھلونے سے آسانی سے نکل آتی ہے اور بچے اسے منہ میں لیے بجاتے پھرتے ہیں۔ چونکہ یہ باریک ہوتی ہے اس لیے اکثر حادثاتی طور پر سانس کے راستے اندر چلی جاتی ہے اور اس کو نکالنے کیلئے آپریشن لازمی ہو جاتا ہے۔

**کچن میں احتیاط:** جب کھانا پکانے یا نکالنے کا وقت ہو اس وقت بچے کو کچن کے فرش پر رینگنے یا گھٹنوں کے بل چلنے کا موقع نہ دیجئے ہو سکتا ہے کہ اس پر کوئی چیز مثلاً گھی یا گرم تیل وغیرہ گر جائے۔ مختلف اسپتالوں کے شعبہ حادثات میں لائے جانے والے بچوں کی تعداد جو گرم تیل، ابلتے پانی، چائے یا سالن سے جلے ہوں یا تیز چھری سے کٹ گئے ہوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ کچن بچوں کے لیے انتہائی غیر محفوظ جگہ ہے۔ کوشش کرنی چاہیے کہ کچن تک بچے کی پہنچ نہ ہو۔ وہاں اگر ادھر ادھر ہو تو بچہ پکتی ہوئی چیزوں کو چھیڑ کر خطرہ مول لے سکتا ہے ایسے وقت بچے کو پلنگ کے کٹہرے یا جھولے میں بٹھا دینا چاہیے یا جہاں وہ کھیل میں مصروف ہو اس کے آس پاس کرسیاں زمین پر لٹا دی جائیں تاکہ اس کیلئے رکاوٹ کا کام دیں اور گرائی بھی نہ جا سکیں۔ بچے کی کرسی جس پر بیلٹ باندھ دی گئی ہو کچن سے کچھ فاصلے پر ہونی چاہیے بچے کی پہنچ کے معاملے میں عام طور پر صحیح اندازہ نہیں کیا جا سکتا اگر بچہ کوشش کرے تو حیرت انگیز حد تک اس کی پہنچ ہوتی ہے۔ چائے پیتے وقت اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچہ جھپٹ کر اپنے اوپر چائے نہ گرائے، تیز کاٹنے کی چیزیں مثلاً چھری وغیرہ کو بھی دراز میں بند رکھیں یا اونچائی پر ایسی جگہ رکھیں جہاں بچے کا ہاتھ نہ جائے۔ **زہریلی چیز یا دوا کھلی نہ رہنے دیں:** دواؤں کی گولیاں جن پر چینی کی تہہ چڑھی ہوتی ہے۔ بچے آسانی سے نگل لیتے ہیں، اتفاقاً زہر خورانی کے واقعات اسی احتیاط کے فقدان کے باعث رونما ہوتے ہیں۔ تلاش اور جستجو کی عمر میں تو بچے کڑوی کسیلی اور بدمزاج چیزیں بھی نگلنے سے باز نہیں رہتے اور گولیاں تو انہیں بہت ہی خوش نما اور بھلی لگتی ہیں اور سگریٹ، ماچس کی تیلیوں سے بھی خطرناک حادثات پیش آ سکتے ہیں۔ کیا آپ یقین کر سکتے ہیں کہ اکثر و بیشتر حادثات جن چیزوں سے پیش آتے دیکھے گئے ہیں ان کی فہرست کچھ یوں ہے۔ طاقت کی گولیاں، مٹی کا تیل، پیٹرول، مالش کا تیل، چوہے اور کیڑے مار ادویات، تمباکو، سگریٹ وغیرہ شامل ہیں۔ **اونچی جگہ سے احتیاط:** سیڑھیوں یا کھڑکیوں سے گر کر زخمی ہونے والے بچوں کی تعداد بھی حادثات کے شمار میں بہت زیادہ ہے۔ بچوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے چھتوں پر منڈیر ضرور تعمیر کریں یا حفاظت کیلئے بڑی گرل لگوائیں۔ سیڑھیوں سے گرنے پر بچے کے دماغ پر چوٹ آ سکتی ہے جو بچے کو ساری عمر کیلئے محتاج کر سکتی ہے۔ سیڑھیوں کے سرے پر اور نیچے عام لکڑی یا لوہے کا گیٹ لگوا لیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بچے کو مناسب عمر میں سیڑھیوں سے اترنے اور چڑھنے کا طریقہ بھی سکھائیں۔ **بچے اور پانی:** بچے کو نہلانے سے پہلے آپ کو یہ عادت ڈالنی چاہیے کہ پہلی پانی کی گرمی یا سردی جانچ لیں۔ بچے کو ٹب میں بٹھائیں یا نہلائیں اگر چھوٹے بچے کو نہلاتے وقت کہیں جانا پڑے تو بچے کو تولیے میں لپیٹ کر ساتھ لے جائیں۔

**کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟**

معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

Digitized by Google

# کامیابی و کامرانی کے آسان گُر آزمودہ گُر!

ڈاکٹر سلمیٰ سید، بہاولپور

**اگر ہم اپنا طرز زندگی بدل ڈالیں اور کسی دوسرے کے وسیع و عریض گھر کو دیکھ کر کسی کمپلیکس کا شکار ہوں تو کسی ایسے شخص کے متعلق سوچیں جن کو سر چھپانے کو ایک کمرہ بھی میسر نہیں ہے تو ہمیں محسوس ہوگا کہ ہم ان سے بہتر ہیں۔**

آج کل کے دور میں معیار زندگی کی دوڑ نے ہر انسان کو تیز دوڑنے پر مجبور کردیا ہے۔ ہر شخص اپنی زندگی سے غیر مطمئن ہے اور دوسروں کی زندگی کو دیکھ کر حسد و رشک کا شکار ہے اور دوسروں کے لائف سٹائل کو اپنے سے بہتر دیکھ کر جلن اور حسد کا شکار ہو کر نت نئی بیماریوں کا شکار ہوجاتا ہے اور Self Pittiness کا عادی ہوجاتا ہے۔ ایسا انسان ہر وقت اپنی زندگی کا موازنہ دوسروں کی زندگی سے کرتا ہے اور یہ سوچتا رہتا ہے کہ میں تو اس سے ہر طرح سے بہتر ہوں لیکن زندگی کی دوڑ میں اس سے پیچھے کیوں ہوں اور ان ہی باتوں پر جل کڑھ کر وہ نت نئی نفسیاتی اور ذہنی بیماریوں کا شکار ہوجاتا ہے۔

لیکن اگر ہم اپنے طرز زندگی کا جائزہ لیں اور نت نئی نفسیاتی اور ذہنی بیماریوں کا شکار ہونے کے بجائے یہ سوچیں کہ بے شک کچھ لوگوں کو ہم سے بہتر وسائل میسر ہیں لیکن ہم اپنی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لاکر بہتر طرز زندگی اپنا سکتے ہیں۔

ہم اگر یہ انداز فکر ترک کردیں کہ دنیا کے بدقسمت ترین شخص ہم ہی ہیں اور اس شخص سے کیوں نہ سبق حاصل کریں جو اس بات پر محرومی کا شکار تھا کہ اس کے پاس پیسے نہیں کہ وہ جوتے خرید سکے لیکن جب اس نے ایک ایسے شخص کو دیکھا جس کے دونوں پاؤں ہی نہ تھے تو اسے اس بات کا احساس ہوا کہ دنیا میں اس سے بھی بدقسمت لوگ موجود ہیں۔

ہمارا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ جو کچھ ہمارے پاس موجود ہے ہم اس کی قدر کرنے کے بجائے جو چیز ہمارے پاس نہیں ہے اس کے متعلق سوچتے ہیں اور ہمارا یہ طرز عمل ہم میں خود ترسی اور نت نئی اقسام کی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔

اگر ہم اپنا طرز زندگی بدل ڈالیں اور کسی دوسرے کے وسیع و عریض گھر کو دیکھ کر کسی کمپلیکس کا شکار ہوں تو کسی ایسے شخص کے متعلق سوچیں جن کو سر چھپانے کو ایک کمرہ بھی میسر نہیں ہے تو ہمیں محسوس ہوگا کہ ہم ان سے بہتر ہیں۔

اسی طرح اگر ہم کسی جسمانی بیماری اور دکھ کا شکار ہیں تو اگر ہم اس وقت ان لوگوں کا سوچیں جن کو علاج کروانے کیلئے پیسے بھی میسر نہیں ہیں تو ہمیں محسوس ہوگا کہ ہم ان لوگوں سے ہزار ہا درجے بہتر ہیں کیونکہ ہمارے پاس پیسہ ہے' وسائل ہیں جن کی بدولت ہم اعلیٰ سے اعلیٰ علاج کرواسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے جن کا ہمیں ادراک نہیں ہے۔ اگر ہم اپنے دل و دماغ میں 'سوچو اور شکر کرو' کے الفاظ کو نقش کرلیں اور پھر اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی دی ہوئی نعمتوں کا شمار کریں تو ہم حیران رہ جائیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس قدر گراں بہا نعمتوں سے نوازا ہے۔ یہ نعمتیں آنکھ' کان ناک' ٹانگیں اور جسم ہے اور یہ ہمارا پیارا سا خاندان ہے۔ اگر کوئی شخص ایک کروڑ روپیہ دے کر بھی آپ کی آنکھیں آپ سے مانگیں تو کیا آپ دے دیں گے؟ ہرگز نہیں آپ ایسا بالکل نہیں چاہیں گے اور آپ جانتے ہیں آپ کے پاس ایک ایسا خزانہ بھی ہے جو دنیا کے تمام خزانوں سے بڑھ کر ہے اور وہ ہے آپ کا دماغ! اگر ہم سب اپنے دماغ سے خود غرضی' حسد اور لالچ جیسے الفاظ کو مٹا دیں تو ہماری زندگی کے تمام مسائل ختم ہوسکتے ہیں۔ بے غرض ہو کر بغیر لالچ کے بنی نوع انسان کے کام آنا سیکھیے۔ یہ ہمارے تمام ذہنی و نفسیاتی مسائل کا حل ہے۔

انسان کے اندر لچک کی حیرت انگیز اور پراسرار قوت موجود ہے۔ ڈاکٹر الفریڈ ایڈفر نے برسوں اس فطری قوت کا جائزہ لینے میں لگادیے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ قوت انسان کے منفی رجحانات کو مثبت رجحانات میں بدل دیتی ہے۔ اگر اسے آزادی سے اور صحیح طریقے سے کام کرنے دیا جائے۔ خود ترسی اور اپنے غم اور انداز فکر کو سینے سے لگا کر بیٹھ جانا ٹھیک نہیں۔ ہم اپنے انداز فکر کو بدلنا ہوگا اور جب ہم اپنا منفی انداز فکر بدل کر دیکھیں گے اور لوگوں سے بغض' حسد' نفرت کرنے کے بجائے ان سے پیار کرنا سیکھ جائیں گے تو ہماری زندگی کا ایک نیا رخ متعین ہوجائے گا۔ جو ہماری مثبت قوتوں کو بیدار کردے گا۔ لوگ کہتے ہیں کہ وقت بجا طور پر ہر زخم کا مرہم ہے لیکن یہ بات ذہن نشین کرلیجئے کہ کام اس سے بھی اچھا مرہم ہے جب آپ لوگوں کے دکھ' درد میں کام آنا سیکھتے ہیں اور ان کے دکھ درد کو اپنا دکھ درد سمجھنے لگتے ہیں تو ہمارے اندر مثبت جذبات پیدا ہوجاتے ہیں اور ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم ایک بہتر اور اچھی زندگی گزار رہے ہیں اور ہمارا یہ انداز فکر ہمیں بالکل ایک نیا انسان بنا دے گا۔ آزمائش شرط ہے!

## میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 52: کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول:** میری زندگی کا ایک بڑا حصہ روحانی قوتوں کی طرف سفر کرتے گزرا ہے کچھ قدم قبرستانوں' ویرانوں اور جنگلوں کی طرف بھی اٹھے ہیں۔ وہاں کیا دیکھا؟ کیا پایا؟ زندگی اور حالات کی عجیب و غریب کہانیاں پھر حاصل کیا ہوا؟ یہ ایک الگ داستان ہے جو کچھ طویل بھی اور انوکھی بھی ہے بلکہ بعض واقعات ناقابل فراموش اور ناقابل یقین ہیں۔ اس کتاب کی تالیف میں بندہ نے مختلف ماہرین فن کے تجربات بھی یکجا کیے ہیں۔ بس ایک بات پیش نظر رہے کہ اگر کوئی عمل شریعت اور اسلام سے متصادم ہے تو وہ میرا نہیں کسی تجربہ کار کا ہوسکتا ہے میری تو اول سے آخر یہی خواہش رہی ہے کہ آپ قرآن و سنت سے رہبری حاصل کریں بس اسی میں نجات کامیابی اور سرخروئی ہے۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات کی تحریروں اور کتب و رسائل سے رہنمائی حاصل کی ان کے نام درج ذیل ہیں:۔ سلطان محمود آشفتہ۔ سید سلیمان شاہ گیلانی۔ حسین ثاقب۔ مسز اشرف۔ سراجی نظامی۔ شمیم اختر۔ صلاح الدین ناسک۔ مسعود فارابی۔ ملک حبیب اللہ۔ **رسائل:** سیارہ ڈائجسٹ۔ حکایت۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)**

تندرستی ٹانک شاہی ٹانک جسم و جان کیلئے
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)



https://www.urdutubes.com/
URDU TUBE A HOME OF ENTERTAINMENT
Digitized by Google

# چمکتی صحت میں ریشہ دار غذاؤں کا کردار

عاطف حسین بھٹی شاہدرہ

**برطانوی تحقیق کے مطابق چاول اور گندم کا چوکر صحت مند غذا کا اہم ترین جزو ہوتا ہے جو قبض، بواسیر، انتڑیوں کے کینسر، وریدوں کے پھول جانے اور دل کی شریانوں میں خون کو جمنے سے روکنے میں بڑی مدد دیتا ہے۔**

جدید طب کے ماہرین کا مشورہ ہے کہ غذاؤں میں ریشے والی غذاؤں کا استعمال زیادہ رکھا جائے تاکہ مختلف امراض شکم سے بچا جا سکے۔ اگرچہ آج دنیا بھر کے ماہرین غذائیت ریشے دار غذاؤں کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں اور انسانی صحت کے لئے ریشے کی افادیت کے قائل بھی ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بیسویں صدی کے کئی عشروں تک دنیا کے ترقی یافتہ مغربی ممالک میں ریشے دار غذاؤں کو اہمیت نہیں دی جاتی تھی تاہم آج صورتحال تبدیل ہو چکی ہے اور ہم بڑے شوق سے ریشے دار خوراک کو استعمال کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ بغیر چھنے آٹے کی روٹی اور ڈبل روٹی کے علاوہ گندم سے تیار کردہ بسکٹ کو جو اپنے اندر ریشے کی خاصی مقدار رکھتے ہیں ذیابیطس کے مریض بطور دوا اور خوراک بھی استعمال کر رہے ہیں۔ یہ 1970ء کی بات ہے کہ جب ڈاکٹر ڈینس نے طویل تحقیق کے بعد اس بات کا اعلان کیا کہ جو لوگ ریشے دار غذاؤں کا زیادہ استعمال کرتے ہیں وہ قولون (بڑی آنت) کے کینسر، امراض قلب، پتے کی پتھری، آنتوں کی سوزش اور ذیابیطس کی بیماریوں سے کافی حد تک محفوظ رہتے ہیں۔ امریکی ڈاکٹر جان ہاروے کیلاگ نے بھی 1920ء میں یہ بات بڑے زور و شور سے کہی تھی کہ ''ریشے دار غذاؤں کے استعمال سے امریکی اپنی آنتوں کی صحت ٹھیک رکھ سکتے ہیں'' طبی تحقیقات ثابت کرتی ہیں کہ اناج کو مشینوں کے ذریعے پیس کر مصفا بنانے کا جو عمل ایک صدی قبل شروع ہوا تھا اس نے غذاؤں کو صرف ریشے سے ہی پاک نہیں کیا بلکہ بتدریج انسانوں کو صحت کے لئے کئی پیچیدہ مسائل سے بھی دو چار کر دیا۔ حالیہ طبی تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ غذائی ریشہ متعدد افعال انجام دینے والا عنصر نہیں ہے۔ **ریشہ کیا ہے؟:** تاریخ طب دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ ریشے کی اہمیت و افادیت صدیوں قبل بھی مسلمہ تھی جڑی بوٹیوں کے سفوف سے تیار ہونے والے معجون اور جوارش بھی اسی اصول کو پیش نظر رکھ کر تیار کئے جاتے تھے معجون کی دوائیں ذرا موٹی ہوتی تھیں تاکہ یہ معدے سے جلد نکل کر آنتوں میں پہنچیں اور اپنے چوبی ریشے سے ان کا فعل تیز کریں۔ واضح رہے کہ ادویات سازی میں آج بھی فرق ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ گویا دور قدیم سے انسانی غذا میں ریشے کی اہمیت مسلمہ چلی آ رہی ہے۔ غذائی ریشے سے مراد غذا کے وہ اجزا ہیں جو انسانی نظام انہضام کے خامرات (انزائم) اور ہاضم رطوبات سے متاثر نہیں ہوتے یعنی گلتے نہیں ہیں۔ یہ نباتاتی ریشے جو دراصل پودے کے خلیات کی دیواریں ہوتی ہیں معدے اور آنتوں میں سے گزر کر بھی حل نہیں ہوتے۔ غذائی ریشے کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ دانتوں اور معدے سے لے کر بڑی آنت تک ہضم ہوئے بغیر گزر جاتا ہے اور اس کی ماہیت میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ بڑی آنت یا قولون میں پہنچنے کے بعد آنتوں کے بیکٹیریا کی وجہ سے اس میں سے نصف ریشے میں خمیر پیدا ہو کر گیس بنتی ہے۔ **ریشے کی خصوصیات:** ریشے کی چونکہ کئی قسمیں ہیں ان میں سے ہر ایک کی خصوصیات بھی مختلف ہوتی ہیں۔ اس لئے کسی ایک قسم کے غذائی ریشے کے استعمال سے تمام فائدے حاصل نہیں ہو سکتے تاہم تمام ریشے صحت کیلئے مفید ہیں۔ یہ بات صدیوں کے تجربات سے ثابت ہو چکی ہے کہ ریشے میں قبض دور کرنے کی تاثیر ہوتی ہے۔ ریشے بڑی عمدگی سے آنتوں کی کارکردگی کو بہتر رکھتے ہیں۔ ریشے اپنے سے کئی گنا زیادہ پانی جذب کر کے بڑی آنت کو گیلے کپڑے کی طرح نم رکھ کر اجابت کو سخت نہیں ہونے دیتے۔ ان سے فضلے کا حجم زیادہ اور نرم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ آسانی کے ساتھ خارج ہوتا ہے۔ قبض دور کرنے کیلئے دلیہ، بے چھنے آٹے کی روٹی، بھورے چاول، پھل اور پتے دار سبزیوں کے ریشے بہترین ہوتے ہیں۔ **آنتوں کی بیماریاں:** تجربہ اور مشاہدے سے یہ بات ہوئی ہے کہ آنتوں کی کئی بیماریاں دراصل ان پر پڑنے والے بوجھ کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ آنتیں جب بار بار فضلہ خارج کرنے کی کوشش کرتی ہیں تو اس سے ان پر زیادہ بوجھ پڑتا ہے۔ اس کے نتیجے میں ان میں بل پڑ جاتے ہیں اور بواسیر کی شکایت بھی ہو جاتی ہے۔ غذائی ریشے کا فائدہ یہ بھی ہے کہ اس کی وجہ سے بڑی آنت میں سرطان لاحق نہیں ہوتا کیونکہ ریشے کی وجہ سے فضلہ زیادہ دیر تک اس آنت میں نہیں رکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ زہریلے مواد اور رطوبات کو سمیٹ کر جلد خارج کر دیتا ہے۔

**وزن پر اثر:** غذا میں ریشہ زیادہ ہوتا ہے اس میں حراروں (کیلوریز) کی تعداد بھی اتنی ہی کم ہوتی ہے۔ خود ریشے میں بھی حرارے نہیں ہوتے ہیں۔ ریشے سے پیٹ کے جلد بھرنے کا احساس بھی ہوتا ہے اور یہ اپنے اندر زیادہ پانی جذب کر کے خطِ ہضم سے جلد گزر جاتا ہے۔ غذائی ریشے کی وجہ سے چونکہ انہیں چبانے میں زیادہ وقت لگتا ہے اس وجہ سے بھی کھانا کم کھایا جاتا ہے یہی سبب ہے کہ دماغ پیٹ بھر جانے کا اشارہ جلد دے دیتا ہے۔ **امراض قلب:** غذائی ریشے سے چونکہ خون میں کولیسٹرول کی سطح کم رہتی ہے اس طرح امراض قلب کا خطرہ بھی کم رہتا ہے اس سلسلے میں ریشے کی قسم کی بھی بہت بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ کولیسٹرول کی سطح پر 90 فیصد سے زیادہ سلولوس والے ریشے کا کوئی اثر نہیں ہوتا ہے لیکن پانی میں حل پذیر ریشوں مثلاً پھلوں میں پائے جانے والے ریشے، پیکٹین، گوار گم (پھلیوں میں پایا جانے والا ریشہ) جئی (Oat) اور گاجر کے ریشے سے کولیسٹرول کی سطح میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ مشرقی طب میں گاجر اور اس کے مربے کا استعمال صدیوں سے امراض قلب کے لئے کیا جا رہا ہے۔ اطباء کے مطابق ریشے کی افادیت کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ اس کے استعمال سے کولیسٹرول میں شامل صفراوی تیزابوں کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ **ذیابیطس:** ذیابیطس کے نتیجے میں لبلبہ جسم کو درکار انسولین کی مقدار نہیں بنا پاتا ہے لہٰذا مریضوں کو مصنوعی طریقوں سے انسولین لے کر جسم میں شکر کی مقدار کو متوازن رکھنا پڑتا ہے۔ تاہم اب معالجین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ذیابیطس کے جو مریض ریشے دار غذاؤں کا زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ وہ خون میں شکر کی مقدار کو قابو میں رکھ سکتے ہیں۔ **ریشے کے ماخذ:** ریشے کے ماخذوں میں سب سے نمایاں گندم کا چوکر، بھوسی، سالم اناج، مثلاً گندم، چاول، جو، رائی، جوار، دالیں، ٹماٹر، گاجر، شلجم، چقندر، آلو، امرود، گوبھی، خرفہ، سلاد شامل ہیں۔ بھوسی یا چوکر جو دراصل اناج کا چھلکا ہوتا ہے اس میں غذائی ریشے کی مقدار سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
(بڑوں بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفاءٔ
قیمت -/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382
Digitized by Google

# حضرت شاہ معصوم اللہ بجگوریؒ کے روحانی وظائف

https://www.urdutubes.com/

جب مریض کو بخار چڑھنا شروع ہو تو پہلی آیت والے پرچے کی مریض کو دھونی دیں۔ اگر اسے افاقہ ہوجائے تو یہیں رک جائیں۔ ورنہ دوسری آیت والے پرچے کی دھونی پندرہ منٹ کے بعد دیں۔ اگر اس سے افاقہ ہوجائے تو عمل یہیں روک دیں


**مشکلات کے حل کیلئے:** جو آدمی پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت سورۂ کافرون دس بار پڑھ کر کسی مشکل کے حل یا مقصد کے حصول کیلئے دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کی وہ مشکل حل اور مقصد پورا فرمادیں گے۔ ان شاء اللہ عزوجل

**کاروباری بندش کا خاتمہ:** سات روز تک فجر کی نماز پڑھ کر کسی سے بات کیے بغیر دکان یا فیکٹری وغیرہ چلے جائیں اور دکان کا دروازہ کھولے بغیر باہر کھڑے ہوکر سات بار سورۂ فلق پڑھ کر دکان کے بند دروازے پر پھونک ماردیں۔ تلاوت کرتے وقت جوتے اتارلیں۔ پھر وہاں سے واپس آتے ہوئے کسی نہر یا دریا (آپ کے شہر میں جو بھی میسر ہو چاہے چھوٹا سا کھالا ہی ہو) کے کنارے بیٹھ کر اکتالیس بار سورۂ فلق پڑھ کر اس دریا یا نہر کے پانی میں اپنا عکس دیکھیں اور تین بار اپنے سر سے دونوں ہاتھوں کو جھاڑتے ہوئے دریا کے پانی کی طرف اس طرح اشارہ کریں گویا کوئی چیز سر سے اتار کر پانی میں غرق کردی ہو۔

ان شاء اللہ ہر طرح کی بندش کھل جائے گی اور کاروبار پھر سے چل پڑے گا۔ کوشش کریں کہ گھر آنے تک کسی سے بات نہ کریں۔ بہت مجبوری کی صورت میں دریا سے واپسی پر مختصر بات کرسکتے ہیں۔ یہ عمل بہت ہی مجرب ہے۔ جتنا زیادہ یقین اور توجہ ہوگی اتنی جلد اثر کرے گا۔

**سر درد کا مجرب علاج:** مریض کی کنپٹیوں کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے دبائیں اور سورۂ ناس پڑھتے ہوئے انگلی اور انگوٹھے کو ماتھے کی طرف لاتے ہوئے آخر میں بالکل آپس میں ملادیں۔ تین بار سورۂ ناس اس طریقے سے پڑھیں کہ جہاں بھی ناس کا لفظ آئے اسے تین بار دھرانا ہے جیسے برب الناس ناس ناس۔

**ڈھیٹ ترین بخار کیلئے عمل:** اگر بخار کسی کی جان نہ چھوڑتا ہو بالخصوص باری کا بخار جو دو یا تین دن کے بعد مریض پر حملہ آور ہوتا ہے اور اس کی جان نچوڑ لیتا ہے تو تین الگ کاغذ کے پرچوں پر سورۂ کوثر کی تین آیات اس طرح لکھیں کہ ہر آیت سے پہلے بسم اللہ شریف (مکمل) حروف توڑ کر (ب س م ال ل ہ ۔۔۔۔۔) اور آیت صحیح عبارت میں لکھیں۔ جب مریض کو بخار چڑھنا شروع ہو تو پہلی آیت والے پرچے کی مریض کو دھونی دیں۔ اگر اسے افاقہ ہوجائے تو یہیں رک جائیں۔ ورنہ دوسری آیت والے پرچے کی دھونی پندرہ منٹ کے بعد دیں۔ اگر اس سے افاقہ ہوجائے تو عمل یہیں روک دیں اگر اس سے بھی افاقہ نہ ہو تو پندرہ منٹ کے بعد تیسرے پرچے کی دھونی دیں۔ ان شاء اللہ بخار مکمل افاقہ ہوجائے گا۔




**اچانک کھانا کم پڑجائے:** اگر تھوڑے مہمانوں کیلئے کھانا تیار کیا گیا اور عین موقع پر زیادہ مہمان آگئے یا گھر میں کھانا کھانے بیٹھے ہیں اور اچانک مہمان آگئے۔ کھانا آپ نے اپنی گھریلو ضرورت کے مطابق ہی تیار کیا ہے اچانک آنے والے مہمانوں کی خاطر تو نہیں بنایا کہ انہیں بھی پورا ہوسکے اور وقت بھی اتنا نہیں کہ نئے سرے سے کھانا پکایا جاسکے تو ایسے میں پورے اطمینان سے آپ موجود کھانے پر صرف تین بار سورۂ قریش پڑھ کر دم کریں اور روٹی، سالن کو اوپر سے ڈھانپ دیں۔ ضرورت کے مطابق روٹی اور سالن نکال کر پھر برتن ڈھانپ دیں۔ ان شاء اللہ کھانا تمام مہمانوں کو پورا آجائے گا۔ یہ عمل کافی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی ضرور آزمائیے مگر یقین سو فیصد ہو پھر ہی کام ہوگا۔

**قضائے حاجات کے لیے:** یہ نہایت مجرب اور ہمارا بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ بڑی سے بڑی مشکل کیلئے دو نفل قضائے حاجت کے پڑھ کر ایک سو باون بار سورۂ الم نشرح پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ ہر مشکل آسان اور ہر حاجت پوری ہوگی۔ مالی مشکلات کے لیے نماز مغرب کے بعد پڑھنا بہتر ہوگا ورنہ جس وقت بھی نوافل پڑھے جاسکتے ہیں' اس وقت یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ اگر تین روز متواتر کرلیں تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔

**ڈیپریشن اور پریشانی کا علاج:** اگر کسی آدمی کو سخت پریشانی' غم' مایوسی یا ڈیپریشن کا سامنا ہو تو ایک برتن میں سورۂ الم نشرح لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر اسے پلادیں' اس کا ڈیپریشن یا غم فوری دور ہوجائے گا۔ بیماری زیادہ جڑ پکڑ چکی ہو تو چند دنوں تک پلاتے رہیں۔

**سحر اور جادو مکان میں دفن ہو تو:** سحر اور جادو کسی مکان میں دفن ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۂ الانفطار کو صرف ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پورے مکان کی دیواروں پر اس پانی کو چھڑکیں۔ ان شاء اللہ خواب میں جگہ معلوم ہوجائے گی۔

**قرض اتارنے کا نسخہ:** اگر کوئی قرض کے جال میں پھنس گیا ہو اور قرض اتارنے کے اسباب مہیا نہ ہورہے ہوں تو اسے چاہیے کہ سب سے پہلے پختہ نیت اور اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کرے کہ میں ہر صورت اپنا قرض اتاروں گا۔ پھر روزانہ عصر کی نماز کے بعد سورۂ نصر (پارہ 30) اکتالیس بار پڑھ کر اللہ رب العزت سے مدد مانگے' ان شاء اللہ قرض کی ادائیگی کا کوئی راستہ نکل آئے گا۔ اس کے علاوہ جب بھی گھر میں داخل ہوں اونچی آواز میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے چاہے گھر میں کوئی موجود ہو یا نہ ہو اور اس کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص اور ایک بار نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھے۔ پھر دیکھیے کیسے گھر میں رزق کی چہل پہل ہوتی ہے۔

## شوگر مکمل کنٹرول! تین نسخہ جات پیش خدمت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کے لیے شوگر سے نجات کے تین عدد نسخے پیش خدمت ہیں۔ جو آسان لگے بنا کر استعمال کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ 1- تمہ دو یا تین لے کر پاؤں کے تلوؤں سے دس پندرہ منٹ تک روزانہ چند روز کچلیں۔ ان شاء اللہ شوگر کنٹرول رہے گی۔ حیران نہ ہوں ایک بار آزما کر ضرور دیکھیں! 2- ایک کلو تمہ لیکر اس کی چھوٹی چھوٹی قاشیں کاٹ لیں۔ پھر کسی مرتبان میں ڈال کر اوپر دو کلو چینی ڈال دیں اور ایک ہفتے تک پڑا رہنے دیں۔ تمے گل جائیں گے اس کے بعد صبح و شام ایک ایک چمچ روزانہ کھائیں' چند روز کے استعمال کے بعد شوگر کنٹرول ہوجائے گی۔ 3- خشک تمے ایک چھٹانک، گوند کیکر ایک چھٹانک، بیج شریں ایک چھٹانک تینوں کو پیس لیں۔ خوراک: روزانہ ایک یا دو ماشے حلوے کے ساتھ کھائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔ اگر تمے کی کڑواہٹ برداشت، نہ ہو تو دوائی کو کیپسول میں بھر کر استعمال کرسکتے ہیں۔ (محمد نصیر شاہ' لاہور)

خاص الخاص عمل کے بعد
**جادو شکن تیل**
کالا جادو جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بُرے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 60 روپے)



Digitized by Google

# 70 سال کی عمر میں آملہ کھایا جوانی لوٹ آئی!

قاری محمد صادق، مظفر گڑھ

خشک آملہ ہم وزن مصری (شکری) ملا کر سفوف کر لیں روزانہ صبح و شام ایک چمچ تازہ پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ سر درد ختم، دماغی تھکن ختم، بدن کا درد ختم، سستی ختم، چہرے کے داغ دھبے، کیل مہاسے ختم، کمزور جسم والا طاقتور بن جائے، بواسیر ختم، پرانی سے پرانی کھانسی اور قبض ختم ہو جائیگی۔

مثل مشہور ہے کہ آملے کا کھایا اور بزرگوں کا کہا بعد میں پتا چلتا ہے یعنی ان دونوں میں جو فوائد پوشیدہ ہیں وہ آگے چل کر سامنے آتے ہیں۔ آملے میں قوت و توانائی کا خزانہ بند ہے۔ جو لوگ آملے کا خوردنی استعمال کریں وہ صحت کے ساتھ لمبی عمر پاتے ہیں۔ آملے کا پھل گول شکل کا ہوتا ہے گودا سخت اور موٹا ہوتا ہے۔ تحقیق کے مطابق اس میں موجود وٹامن سی کی مقدار دنیا کے سبھی پھلوں سے زیادہ ہے۔ یہ وٹامن بہت جلد انسانی بدن میں جذب ہو کر صحت اور قوت مدافعت بڑھانے اور درازی عمر میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

**طبی استعمال:** پھیپھڑوں کے امراض آملے کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ ☆ امراض قلب، زور زور سے دل دھڑکنے کی حالت اور کمزور دل حضرات کیلئے آملے کا مربہ مفید ہے۔ ☆ زیادہ پیاس لگنے یا قے آنے کی صورت میں آملہ چوستے رہیے۔ ☆ آملے کا سفوف منجن کے طور پر انگلی سے دانتوں پر ملیے، مسوڑھوں سے خون آنا بند، دانتوں کا میل صاف اور ہلتے اور دکھتے دانتوں کو آرام ملے گا۔ ☆ آملے کا باریک سفوف اگر چوٹ کے مقام پر چھڑک کر باندھ دیا جائے تو خون بہنا بند ہو جائے گا اور زخم بھی جلد ٹھیک ہوگا۔ ☆ تازہ آملے کا رس ایک چمچ اور ایک چمچ شہد ملا کر جو آمیزہ بنے وہ انتہائی عمدہ اور قیمتی دوا ہے۔ یہ متعدد بیماریوں کا شافی علاج ہونے کے ساتھ ساتھ صحت بخشتا ہے۔ ایک ہفتے تک روزانہ صبح سویرے اس آمیزے کا استعمال جسم کو قوت و توانائی سے بھر دیتا ہے۔ شدید کمزوری کی صورت میں اسے دو ہفتے استعمال کیجئے۔ اگر تازہ پھل دستیاب نہ ہو تو خشک سفوف کو بھی شہد میں ملا کر معجون بنا لیجئے۔ یہ آمیزہ سانس کی بیماریوں میں بہت مفید ہے۔ خاص طور پر پھیپھڑوں کی تپ دق، دمے اور کھانسی میں مؤثر ہے۔ ☆ آملہ، تخم جامن اور کریلوں کا ہم وزن سفوف ذیابیطس کی عمدہ دوا ہے۔ اس سفوف کی ایک چھوٹی چمچی دن میں ایک یا دو بار لینا مرض بڑھنے سے روکتا ہے۔ ☆ دس گرام آملہ پانی میں کوٹ کر چھان لیں۔ بعد ازاں اس میں مصری یا شکر ملا کر پینے سے نکسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔ اسی طریقے سے بواسیر کے خون کا علاج بھی کیا جا سکتا ہے۔ ☆ جوڑوں کے درد اور سوزش میں بھی آملہ مفید ہے۔ خشک آملے کا سفوف ایک چمچ شکر دو چمچ ملا کر ایک ماہ تک دن میں دو مرتبہ لینا اس مرض کا مؤثر علاج ہے۔ بڑھاپا: آملے میں نئی قوت اور توانائی مہیا کرنے کی تاثیر پائی جاتی ہے۔ اس میں ایک ایسا عنصر پایا جاتا ہے جو نہ صرف بڑھاپے کے آثار ختم کرتا ہے بلکہ طاقت بھی برقرار رکھتا ہے۔ یہ انسان کی جسمانی قوت مدافعت بڑھاتا اور اسے بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ دل کو قوت دیتا، بالوں کو مضبوط بناتا اور جسم کے مختلف غدودوں کو فعال کرتا ہے۔ ایک سنیاسی کی مثال ہے کہ اس نے ستر برس کی عمر میں آملے کے استعمال سے خود کو پھر سے جوان بنا لیا تھا۔

**بال:** گھنے بالوں اور آملے کا تو چولی دامن کا ساتھ ہے۔ بالوں کو چمکدار بنانے کیلئے دیسی نسخوں اور ٹوٹکوں میں آملے کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ تازہ آملہ ٹکڑوں میں کاٹ کر سائے میں خشک کر لیں۔ پھر انہیں ناریل کے تیل میں اتنا پکایئے کہ تیل کی شکل جلے ہوئے برادے جیسی ہو جائے۔ یہ سیاہی مائل تیل بالوں کو سفید ہونے سے بچانے کیلئے عمدہ دوا ہے۔ ☆ تازہ یا خشک آملے کے ٹکڑے رات کو پانی میں بھگو دیں۔ اگلے دن اس پانی سے سر کے بال دھوئیں۔ یہ ان کی نشوونما کیلئے اچھی غذا ہے۔ یاد رہے کہ صرف اسی پانی سے بال دھوئیے کسی قسم کا شیمپو استعمال نہ کریں۔ ☆ آملے کا سفوف پانی میں ملا کر گاڑھا سا لیپ بنا لیجئے۔ پھر اسے بالوں کی جڑوں میں لگا کر کچھ دیر بعد سر دھو لیں۔ سفوف اور پانی کا مرکب اتنا گاڑھا ہونا چاہیے کہ تمام بالوں کی جڑوں میں لیپ ہو سکے۔ ہرڑ اور آملہ ہم وزن کا سفوف ملا کر کھائیں قبض دور ہو جائے گی۔ (۲) آملہ خشک کو تین گھنٹہ پانی میں بھگو کر رکھیں بعد میں آنکھوں پر اس پانی سے چھینٹے ماریں کمزور نظر بہتر ہو جائے گی آنکھوں کی جلن خارش دور ہو جائے گی۔ آملہ کو پکا کر اچھی طرح حل کر کے خارش کے مریض کے بدن پر لیپ کریں پرانی سے پرانی خارش ختم ہو جائے گی۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

# مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## بلڈ کینسر کے لیے مجرب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ چھ سال سے ماہنامہ عبقری پڑھ اور آپ کے درس سن رہا ہوں۔ میرے پاس بلڈ کینسر کیلئے ایک انتہائی مجرب نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ ھوالشافی: یاقوت اعلیٰ قسم ایک تولہ، عقیق اعلیٰ قسم ایک تولہ، عرق گلاب سہ آتشہ حسب ضرورت۔ طریقہ: ایک کپ عرق گلاب لے کر درج بالا دونوں اشیاء ایک کڑاہی میں گرم کر کے چمٹے سے پکڑ کر عرق گلاب میں ٹھنڈا کریں، پھر گرم کر کے دوبارہ عرق گلاب میں ٹھنڈا کریں، اس طرح 21 مرتبہ کریں، ہر تین بار کے بعد عرق تبدیل کریں۔ آخری بار مبالغہ کی حد تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔ مقدار خوراک: ایک چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار میں ملا کر صبح و شام ایک ایک خوراک لیں۔ ایک ماہ میں واضح فرق سامنے آئے گا۔ انتہائی مجرب نسخہ ہے۔ ضرور آزمائیں۔ (حکیم نعمت اللہ شاہ، سوات)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
قوت و شباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔



Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

## بیٹیوں کو سکون نہیں تو یہ وظیفہ پڑھ لیں! ذرا دیکھیں! میرا بچہ پاس کیوں نہیں ہوتا

## اکلوتا جوان بیٹا اندھا ہو گیا کچھ بتائیے — تمام بیروزگار افراد کیلئے دو عمل

**ذرا دیکھیں! میرا بچہ پاس کیوں نہیں ہوتا:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا ایک ہی بیٹا ہے میں اس کی وجہ سے بہت پریشان ہوں' وہ اس لیے کہ ایف اے کے پیپرز پانچ چھ دفعہ دے چکا ہے مگر ہر مرتبہ فیل ہو جاتا ہے' کسی نہ کسی مضمون میں رہ جاتا ہے' اس بار بھی اس نے دو مضمون کے پیپرز دیئے ہوئے ہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ یہ کیوں پاس نہیں ہوتا' میں بہت پریشان ہوں ایک ہی میرا بیٹا ہے وہ لائق نکلے' آپ اس کیلئے مجھے کوئی وظیفہ بتائیے جو ہم پڑھتے رہیں تا کہ یہ کامیاب ہو جائے۔ (والدہ (ف)' لاہور)

جواب: آپ اور آپ جیسی جتنی بھی مائیں اپنے بچوں کی کامیابی کیلئے فکرمند ہوں ان سب کیلئے درج ذیل وظیفہ لکھا جا رہا ہے۔ اس دعا کے اول و آخر درود پاک پڑھنا ہے۔ دعا کو سات دفعہ پڑھنا ہے اور آخری دفعہ آخر میں وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ کا اضافہ بھی کرنا ہے' دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِكَ سارا دن کھلا پڑھیں۔ جتنا زیادہ یقین اور توجہ سے پڑھیں گے اتنا اچھا بچے کا رزلٹ آئے گا۔

**خدارا مجھے پریشانیوں کا حل بتائیے:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں عبقری رسالہ ہر ماہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں جس میں مختلف مسائل اور پریشانیوں کا حل موجود ہوتا ہے' اس لیے آج میں اپنا مسئلہ لے کر حاضر ہوا ہوں' میری اس پریشانی نے میرے گھر والوں کو بھی پریشان کر رکھا ہے' وہ پریشانی میری نوکری کی ہے' ایک جگہ سرکاری ملازمت کے لیے درخواست دی ہے' انٹرویو سب کچھ ہو چکا ہے لیکن چار ماہ ہو گئے ہیں کہتے ہیں کہ سٹے ہوا ہے' جب سٹے ختم ہو گا تو لیٹر بھی جاری ہو جائے گا' اس وجہ سے میں ہر وقت پریشان رہتا ہوں جس کی وجہ سے میری طبیعت بھی کافی خراب ہو چکی ہے کیونکہ مجھے نوکری کی اشد ضرورت ہے' اس لیے مہربانی فرما کر مجھے کوئی عمل یا وظیفہ بتا دیں۔ (علی رضا' وہاڑی)

جواب: تمام بیروزگار افراد کیلئے دو عمل دیئے جا رہے ہیں۔ ان شاء اللہ ان اعمال کی بدولت آپ کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ پہلا عمل: ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ سورۃ والضحیٰ اس ترتیب سے پڑھیں کہ سورۃ والضحیٰ میں نو (ک) ہیں ہر ک پر نو مرتبہ یَا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل نو دن کریں۔ نو دن میں ملازمت نہ ملے تو اٹھارہ دن کریں' ان شاء اللہ جلد ملازمت مل جاتی ہے۔ یہ عمل بے شمار کا آزمودہ ہے۔

دوسرا عمل: فجر کی نماز کے بعد اول و آخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں' ظہر کی نماز کے بعد اول و آخر بائیس مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں' عصر کی نماز کے بعد اول و آخر تئیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں' مغرب کی نماز کے بعد اول و آخر چوبیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل' عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد نوکری مل جاتی ہے۔

**اکلوتا جوان بیٹا اندھا ہو گیا' کچھ بتائیے:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا اکلوتا بیٹا ہے جو کہ شادی شدہ ہے' اس کی دونوں آنکھوں میں کالا موتیا اتر آیا ہے' آپریشن کروایا' نظر چلی گئی ہے' بالکل نظر نہیں آتا' یعنی اندھا ہو گیا ہے' نوکری بھی چلی گئی ہے' بہت پریشانی ہے' کوئی وظیفہ بتائیے کہ نظر بحال ہو جائے اور اس کے مالی حالات بھی بہتر ہو جائیں۔ (ایک دکھی باپ' راولپنڈی)

جواب: آپ' آپ کا بیٹا اور آپ کے تمام گھر والے سارا دن وضو بے وضو روزانہ ہزاروں کی تعداد میں نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ سخت تصور کے ساتھ پڑھیں۔ ہر فرد اس کے بے شمار سوا لاکھ پڑھے۔ ان شاء اللہ کریم نے چاہا تو آپ کے بیٹے کی آنکھوں کی روشنی لوٹ آئے گی۔

**بیٹی کے روحانی مسائل:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری بیٹی کی گردن اور پیٹ پر عجب طرح کی خارش ایک ماہ سے ہے' گردن کے چاروں طرف' اس کے دماغ پر دائیں طرف اوپر سوئیاں اور کومن پن جیسی چیزیں اکثر نمودار ہو جاتی ہیں' ایسی بہت سی چیزیں ہو رہی ہیں۔ ان سب چیزوں کی وجہ سے اس کی صحت بہت خراب' خون کی انتہائی کمی' اعصابی کمزوری اب حد سے زیادہ ہو گئی ہے۔ خدارا اسے کوئی وظیفہ یا عمل بتائیے ہم بہت پریشان ہیں۔ (ش،ش)

جواب: آپ اور آپ کے تمام گھر والے بیٹی کا تصور کر کے صبح و شام گیارہ تسبیح یَاقَھَّارُ کی اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا پڑھیں۔ ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

**بیٹیوں کو سکون نہیں:** محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں امید کرتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے خیریت سے ہوں گے' میری چار بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں' سب سے بڑی بیٹی کی شادی ابھی تک نہیں ہوئی اس کے بعد تین چھوٹی بیٹیوں کی شادی کر چکا ہوں' سب سے چھوٹی بیٹی کی شادی کامیاب نہیں ہوئی' جس میں ہمارے دشمنوں کا ہاتھ تھا اور دو جو شادی شدہ ہیں وہ اپنے گھر میں شدید پریشانیوں کا شکار ہیں۔ دو بیٹے پڑھے لکھے ہیں مگر کہیں نوکری نہیں ملتی' ہم لوگ کافی عرصہ سے کالے جادو کے شکار ہیں' آج تک کہیں سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ کالے جادو کی وجہ سے مجھ پر اور میری بیوی بچوں پر گندے پانی کے چھینٹے آتے ہیں۔ جس کی وجہ سے میرا سارا گھر پکڑا ہوا ہے اور مختلف بیماریوں کا شکار ہے۔ ہمارے گھر میں پانی کا کنواں ہے ابھی بیس دن پہلے کنوئیں کے اوپر اور اس کے اردگرد اور پاس پودوں پر بھی گندے خون کے چھینٹے آئے جس کی وجہ سے ہم بہت پریشان ہیں۔ دشمن ایسے ظالم ہیں کہ دو یا تین ماہ بعد نیا جادو کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے نئی تباہی ہمارا انتظار کر رہی ہوتی ہے۔ خدارا ہمیں جادو سے چھٹکارے کا علاج بتائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر اور صحت کاملہ عطا فرمائے۔ (م۔ر، فتح جنگ)

جواب: اَحَدٌ سَصْطَعْ كَلْمُوْهٗ صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 مرتبہ پڑھیں۔ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہو گا۔ اگر مسئلہ بہت مشکل ہو تو ہزاروں' لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ باقی وظائف اگر آپ پڑھ رہے ہیں تو پڑھیں لیکن اس پر بہت زیادہ توجہ دھیان دیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں چند دن کر کے گھبرا نہ جائیں۔ جتنی توجہ' دھیان ہو گا' اتنا نفع زیادہ ہو گا۔

اصلاح معدہ و جگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

## مردانہ جراثیم کی کمی کا مؤثر علاج

## بھائی کی شادی ہے مگر!!

## جادو نہیں، آپ کا معدہ خراب ہے

## گندم کی کٹائی کا موسم اور الرجی

**معدہ بہت خراب ہے!** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا معدہ بہت خراب رہتا ہے' کچھ بھی کھالوں ہضم نہیں ہوتا' میں کچھ بھی نہیں کھاسکتی' پرہیز کرکر کے میں اتنی کمزور ہوگئی ہوں کہ مجھے ہروقت چکر آتے رہتے ہیں' آپ بتائیں کہ کسی نے کوئی جادو ہے یا کسی نے تعویذ کروائے ہیں؟ آخر کیا وجہ ہے؟ (ام فرحان' لاہور)

مشورہ: بہن! نہ جادو ہے نہ کسی نے کوئی تعویذ کروائے ہیں صرف آپ کا معدہ خراب ہے۔ آپ عبقری دواخانہ کا ''معدہ کاالسر کورس'' اور ''فٹنس فولاد ٹانک'' چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے درج بالا مسائل جلد حل ہونا شروع ہوجائیں گے۔ شرط یہ ہے کہ سادہ غذائیں اپنائیں' بیکری اور برائلر سے جتنا بچ سکتی ہیں بچیں' دیر سے ہضم ہونے والی اشیاء' تلی اور مرچ مصالحے والی اشیاء سے مکمل پرہیز رکھیں۔ تازہ پھل اور سبزیاں استعمال کریں۔ پھر دیکھیں آپ کا جادو یا تعویذ کیسے ختم ہوتے ہیں۔

**جسم سے ہروقت بدبو آتی ہے:** میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے جسم سے ہروقت بدبو آتی ہے' نہانے کے بعد تھوڑی دیر بعد ویسے ہی بدبو آنے لگتی ہے جبکہ میں سردی ہو یا گرمی روز نہاتی ہوں' میری عمر 21 سال ہے' میں بہت پریشان ہوں' اس بیماری سے نجات کا کوئی نسخہ بتادیں' میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (پوشیدہ' لیہ)

مشورہ: آپ جب بھی نہائیں تو پہلے نہانے والے پانی میں چند پتے نیم اور نمک ڈال کر ابال لیں۔ پھر اس پانی سے نہائیں۔ اس کے علاوہ روزانہ صبح و شام کم از کم پچاس ملی لیٹر عرق گلاب پی لیا کریں یا دو سے تین چمچ ہر کھانے کے بعد گلقند کے کھالیا کریں۔ مزید عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' گولیاں چند ہفتے چند مہینے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ سارا دن میں کم از کم پانچ تسبیح کوئی بھی درود شریف انتہائی عقیدت اور باادب ہوکر پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

**بھائی کی شادی ہے مگر:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کی عمر تقریباً 25 سال ہے' تقریباً بچپن میں جب اس کی عمر صرف 6 ماہ تھی جس کی وجہ سے یہ اب تک مکمل ٹھیک نہیں ہوسکا۔ چڑچڑا رہتا ہے' اکثر گھر والوں سے لڑپڑتا ہے' اب ہم نے اس کی شادی کرنی ہے' اس نے مجھے بتایا ہے کہ اسے بہت زیادہ مردانہ کمزوری ہے' کسی کی بیٹی کی زندگی کا مسئلہ ہے' اسے کوئی نسخہ یا دوائی بتادیں تاکہ کسی کی زندگی برباد نہ ہوجائے۔ (ق، کوٹ ادو)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا ''عروسی سہاگ کورس'' اپنے بھائی کو استعمال کروائیں۔ اس کے علاوہ دودھ، مکھن، گوشت، تازہ پھلوں کا استعمال زیادہ کروائیں۔ انہیں روزانہ نماز فجر کے بعد واک پر لے جائیں اور انہیں کہیں کہ پرفضا مقام پر ہلکی پھلکی ورزش لازمی کریں۔ ہوسکے تو کم از کم تین سے پانچ کلومیٹر تیز چلیں یا دوڑیں۔ ان شاء اللہ شادی تک ان کے جملہ مسائل حل ہوجائیں گے۔

**مردانہ جراثیم کی کمی کا علاج:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی 2006ء کو ہوئی اور آج تک اولاد نہ ہوسکی' شادی کے ایک سال بعد ہم دونوں میاں بیوی نے ڈاکٹر سے رجوع کیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میری بیوی بالکل ٹھیک ہے جبکہ میرے مردانہ جراثیم انتہائی کم ہیں' بہت مشہور جگہوں سے علاج کروایا' مگر کچھ فرق نہ پڑا' انگریزی دوا کھانے سے بواسیر کا شکار ہوچکا ہوں' حکیمی اور ہومیو پیتھک بھی کھائی ہے مگر آج شادی کو تقریباً تیرہ سال ہوچکے ہیں مگر کچھ فرق نہیں پڑرہا۔ میری عمر 38 سال ہوچکی ہے' اولاد کی وجہ سے بہت ہی زیادہ پریشان رہتا ہوں' میں ڈیپریشن کا مریض بن گیا ہوں' پوری رات نیند نہیں آتی۔ کوئی اچھا سا نسخہ تجویز کردیں اور ساتھ وظیفہ بھی عنایت فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ میں عبقری رسالہ بہت ہی شوق سے پڑھتا ہوں!

مشورہ: محترم! آپ عبقری دواخانہ کا ''بے اولادی کورس'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ ایک کورس کے استعمال کے بعد آپ اپنا ٹیسٹ کروائیں آپ کے جراثیم بڑھ جائیں گے۔

**گرمی ہی گرمی:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 18 سال ہے' میرے اندر بہت زیادہ گرمی رہتی ہے جس کی وجہ سے میرے سینے میں جلن ہوتی ہے اور پیشاب بھی پیلا آتا ہے۔ میرے منہ میں دانے بھی بہت بنتے ہیں' میں نے بہت ڈاکٹروں سے ادویات لیں ہیں مگر منہ پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

**(ii) بڑی بہن کا مسئلہ:** مزید میری بڑی بہن' شادی شدہ ہے اس کے معدہ میں ہروقت جلن رہتی ہے اور خوراک' ہضم نہیں ہوتی' جس کی وجہ سے سر میں بہت زیادہ درد رہتا ہے اور چکر بھی آتے ہیں' موٹاپا دن بدن بڑھتا جارہا ہے' سستی رہتی ہے' اس کی دو بچیاں بھی ہیں اور اسے بھوک بھی نہیں لگتی۔ (عمر' ساہیوال)

مشورہ: محترم جسم کی گرمی اور معدہ کی خرابی کیلئے آپ عبقری دواخانہ کی ٹھنڈی مراد' جوہر شفاء مدینہ اور ہاضم خاص لیں۔ ان تمام ادویہ کو مکس کرلیں اور دن میں کم از کم چھ سے آٹھ مرتبہ تازہ پانی سے کھائیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کے بعد ان شاء اللہ آپ کے معدہ' گرمی اور منہ کے چھالوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ آپ اپنی بہن کو بھی درج بالا ادویات درج بالا طریقے سے ہی استعمال کروائیں جن بچیوں کو بھوک نہیں لگتی ان کو عبقری دواخانہ کا ''فٹنس فولاد ٹانک'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔

**گندم کی کٹائی کا موسم اور الرجی:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ایک بھانجا ہے اس کو چھوٹی عمر سے ہی سانس وغیرہ کا مسئلہ ہے' ہم نے کافی اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کو دکھایا ہے مگر جب گندم وغیرہ کی کٹائی کا موسم آتا ہے تو اس کی طبیعت مزید خراب ہوجاتی ہے۔ اس کا سانس لینا مشکل ہوجاتا ہے۔ اس کی عمر اب 15 سال ہے۔ (ع، س)

مشورہ: بھائی آپ عبقری دواخانہ کا بنفشی قہوہ اور شفائے حیرت سیرپ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' ایک چٹکی دن میں پانچ سے سات مرتبہ استعمال کروائیں۔ مزید روزانہ رات کو اس کی ناک کے دونوں نتھنوں میں خالص گائے کا دیسی گھی قابل برداشت حالت میں گرم کرکے ایک ایک قطرہ ڈال دیا جائے۔ ان شاء اللہ اس کے تمام طبی مسائل حل ہوجائیں گے۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ
کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں
قیمت 150 روپے
دانے کیل مہاسے چھائیاں داغ' گڑھے پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382
Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

میری زندگی کیسے بدلی؟

# اپنوں کے حسد نے زندگی تباہ کردی عبقری نے بچالیا

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

**یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔**

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! زندگی میں پہلی مرتبہ کسی ادارہ میں خط لکھ رہی ہوں' اگر ماہنامہ عبقری نہ ملتا تو خودکشی کرچکی ہوتی۔ الحمدللہ! میری زندگی میں کوئی کمی نہیں ہے مگر سکھ بھی مجھے نصیب نہیں تھا جو کہ دلی کیفیت کا نام ہے۔ میں بچپن سے ہی عجیب وغریب عادات کی مالک تھی' ضدی' چڑچڑا پن' نافرمانی' غرض کہ اچھے بچوں والی کوئی بات میرے اندر تھی ہی نہیں جس کی وجہ سے مجھے پسند بھی نہیں کیا جاتا تھا لیکن بات یہی پر ختم نہیں ہوتی میں نے تو سال کی عمر سے اپنے والدین کے دشمنوں کے ہاتھوں میں پرورش پائی' کسی بھی دشمن کیلئے اس سے بڑا انتقام کوئی نہیں ہوتا کہ اس کے بچے کے اخلاق تباہ کردیئے جائیں' غرض میری کسی بری عادت پر مجھے ٹوکا نہ جاتا نہ ہی پیار کے ساتھ کبھی سمجھایا گیا بلکہ ہمیشہ حوصلہ افزائی کی گئی اور لطف اندوز ہوا گیا۔ میرے والد صاحب نہایت سخت مزاج تھے ہماری چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر اس قدر پٹائی ہوتی کہ جب ان لوگوں نے مجھے اپنے پاس رکھنا چاہا تو میں ان لوگوں سے مانوس ہوگئی۔ مجھے نہیں یاد کہ مجھے ان لوگوں کے حوالے کرنے کے بعد کبھی میری والدہ نے میرے ایک ہی گھر میں ہوتے ہوئے مجھے اپنے جگر کا ٹکڑا ہونے کی حیثیت سے توجہ دی ہو ان سے صرف تب ملاقات ہوتی جب وہ مجھے صبح سکول کیلئے اٹھاتیں۔ اس کے بعد سارا دن میری والدہ کی سخت مخالف مجھے اپنے پاس رکھتیں اور میری والدہ نے خود مجھے ان کے حوالے کیا تھا۔ پھر میں جن کے زیر سایہ تھی انہوں نے میری ماں سے بدلہ کیسے لیا ذرا وہ بھی پڑھ لیں' ان کا ہر وقت میرے ساتھ اور میرے سامنے گندی اور جنسی ہیجان پیدا کرنے والی گفتگو کرنا' مجھے ساتھ بٹھا کر فلموں کے گندے مناظر دکھانا اور ان پر گندے اور کھلم کھلا تبصرے کرنا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میری تنہائی برباد ہوگئی' میں غلط عادات میں مبتلا ہوگئی' ان غیرفطری حرکات کا خمیازہ آج تک بھگت رہی ہوں' میں جسمانی طور پر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوچکی ہوں' میں نے اپنے بچپن میں انتہائی گھٹیا فلموں کے وہ مناظر اپنی ان عزیز خواتین کی سرپرستی میں دیکھے ہیں جو کسی کو تنہا بھی نہیں دیکھنے چاہئیں' اپنے اندر کے شدید ہیجان کے باوجود اللہ تعالیٰ کی رحمت وتوفیق سے میں گناہوں کی زندگی میں جانے سے بچی

> میری ماں سے بدلہ کیسے لیا ذرا وہ بھی پڑھ لیں ان کا ہر وقت میرے ساتھ اور میرے سامنے گندی اور جنسی ہیجان پیدا کرنے والی گفتگو کرنا مجھے ساتھ بٹھا کر فلموں کے گندے مناظر دکھانا اور ان پر گندے اور کھلم کھلا تبصرے کرنا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میری تنہائی برباد ہوگئی

رہی' میری میرے والدین کی عزت' اللہ کی رحمت سے یوں ہی رہی کہ میں نے کسی مرد سے کبھی کوئی میل ملاقات' غیرضروری بات چیت تک بھی کبھی نہ کی' شرعی پردہ کی پابند ہوکر گھر سے باہر کی زندگی گزاری۔ مگر اپنی پاک دامنی کو بچاتے قائم رکھتے اپنی اندر کی آگ سے اپنی روح و جسم کو تباہ حال کر بیٹھی کہ اب اس صورتحال سے شدید تکلیف میں ہوں۔ میں جس خاتون کے پاس رہی وہ ہمہ وقت میری ماں کی اس قدر برائیاں کرتی تھیں کہ ناقابل بیان' بچپن میں میری ماں نے کبھی مجھ سے بات تک نہ کی' ان حالات نے مجھے بری' چڑچڑی' لڑائی جھگڑے کی عادات کی مالک' نافرمان اور بدزبان کردیا ہے' مگر میں کہاں جاؤں بہت سوچا' بہت چاہا مگر کبھی اپنے آپ کو ذرا بھر بھی نہ بدل پائی' میرے والدین مجھے پاگل اور نفسیاتی مریض کہتے ہیں' لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں کہ میں قابل نفرت ہوں' بہت ٹوٹ چکی ہوں۔ اب میں سنبھل رہی ہوں اور پہلے سے بہت زیادہ سنبھل چکی ہوں' ماہنامہ عبقری پڑھنا شروع ہوئی ہوں اور آپ کے درس سن کر خود کو بہتر محسوس کرتی ہوں' مگر میں بہت بری ہوں' اتنی بری کہ شاید مجھے زمین بھی جگہ نہ دے۔ درس سنتی ہوں مگر جب دعا ہوتی ہے تو تمام ضبط کے بندھن ٹوٹ جاتے ہیں' اتنا روتی ہوں کہ بعض اوقات بے حال ہو جاتی ہوں' میں نے خود پر بہت ظلم کیا ہے' اور مجھ پر میرے بڑوں نے بڑا ظلم کیا ہے' میری تنہائیاں ناپاک تھیں' اے کاش! میرے اپنے مجھے اس راہ پر نہ لگاتے' میں پوشیدہ امراض کی شکار ہوچکی ہوں۔ مگر الحمدللہ ثم الحمدللہ! مجھے عبقری ملا' درس ملا اس نے میری زندگی بدل کر رکھ دی ہے۔ میرے دل کو سکون ہے' روح کو چین مل رہا ہے' اب درس سے ملے مسنون اعمال کی بدولت شیطان سے حفاظت میں ہوں۔ خود کو سنبھال رہی ہوں۔ اللہ کا خاص فضل وکرم ہے کہ اس نے مجھے عبقری دے دیا' تسبیح خانہ سے میری نسبت بنا دی' ورنہ شاید میں اب بھی لوگوں کے سامنے تو باپردہ باحیا ہوتی مگر تنہائی میں خود پر ظلم کررہی ہوتی۔ اے کاش! لوگ کسی کے ساتھ اتنا ''ویر'' بھی نہ رکھیں کہ اس کی نسلوں کے اخلاق ہی تباہ و برباد کردیں۔ اے کاش! میرے گھر کی خواتین اپنی لڑائی اپنے تک ہی رکھتیں مجھے برباد نہ کرتیں۔ (پوشیدہ)

## جب کوئی بچھو نظر آئے تو یہ کام ضرور کریں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری کو بہت پسند کرتے ہیں اور شدت سے ہر ماہ اس کا انتظار کرتے ہیں۔ میرا تعلق بہاولپور سے ہے اور چونکہ ہمارے قریب ہی صحرا بھی ہے اور وہاں صحرائی بچھوؤں کی بھرمار ہے۔ آج میں قارئین کو اپنے دادا کا آزمودہ ٹوٹکہ بتارہا ہوں یقیناً جو صحرا میں رہتے ہیں اور کوئی ہسپتال یا ڈسپنسری قریب نہیں ان لوگوں کیلئے یہ عمل انتہائی لاجواب ہے۔ دادا جان کے دور کی بات ہے کہ انہیں اگر کوئی بچھو نظر آجاتا تو وہ اس پر شیشے کی کوئی وزنی چیز رکھ دیتے اور چکنی مٹی کو لے کر اس کی کرکٹ کی گیند سے کچھ چھوٹی گیند بنالیتے' اسے دو ٹکڑے کرکے بیچ میں تھوڑی جگہ خالی کردیتے اور پھر چمٹے سے بچھو کو پکڑ کر اس گیند میں رکھ کر دونوں حصے آپس میں ملا کر گیند مکمل کردیتے' بچھو ڈنک مارتا رہتا اور یہ ڈنک چکنی مٹی میں سرایت کرتا رہتا۔ جب بھی کوئی آدمی روتا ہوا آتا کہ اسے بچھو نے کاٹ لیا ہے تو دادا جی وہی گیند زہریلی جگہ پر پھیر دیتے اسے فوراً ہی آرام آجاتا۔ (محمد احمد' بہاولپور)

لاعلاج مریض صرف چند دنوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب
جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق
معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید

ستر شفائیں

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء



Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# وزن نہ گھٹنے کے 10 بڑے اسباب

قارئین! ایک رپورٹ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ہر چھ میں سے ایک خاتون اپنا وزن کم کرنے کی کوشش کر رہی ہوتی ہے اگر آپ کا شمار بھی ایسی ہی خواتین میں ہوتا ہے اور کوشش کے باوجود آپ کا وزن کم نہیں ہو پا رہا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی نہ کوئی وجہ ضرور ہوگی اس کا کھوج لگانا آپ کا کام ہے۔

**1۔پرورش:** معلوم کریں کہ آپ کی پرورش ماں کے دودھ پر ہوئی تھی یا ڈبہ کے دودھ پر۔وزن کے مسئلے کا اس بات سے گہرا تعلق ہے۔ ماں کے دودھ پر پرورش پانے والے افراد بڑے ہو کر موٹاپے کا بہت کم شکار ہوتے ہیں۔

**غذا سے متعلق خودفریبی:** ریسرچ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ موٹے افراد عموماً کہتے ہیں کہ وہ کچھ زیادہ کھانا نہیں کھاتے۔ بس اتنا ہی کھاتے ہیں جتنا کہ دوسرے لوگ۔ ایک برطانوی ڈاکٹر کا مشورہ ہے کہ موٹے افراد کو چاہیے کہ وہ ہفتہ بھر تک جو کچھ بھی کھائیں اسے لکھ لیا کریں۔ اگر ایمانداری سے یہ ڈائری لکھی جائے تو اسے دیکھ کر ایسے لوگ ضرور حیران ہوں گے کہ وہ کتنا زیادہ کھاتے پیتے رہتے ہیں؟ موٹے افراد عموماً دن بھر میں 2500 کیلوریز کھا جاتے ہیں۔اگر یہ مقدار کم کردی جائے تو موٹاپا کم ہوسکتا ہے۔

**ناکافی نیند:** اگر آپ کا وزن نہیں ہو پا رہا تو اس کا ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ تھکن کا شکار ہیں جو لوگ تھکن کا شکار ہوتے ہیں وہ عموماً ورزش نہیں کرتے۔ان کے اندر قوت ارادی کی کمی ہوتی ہے اور وہ وزن بڑھانے والی چیزوں کو ترک نہیں کر پاتے۔ تھکے ہوئے جسم کو آرام کی ضرورت ہوتی ہے۔ تھکن کے احساس کو ایک سگنل سمجھئے اور اسے آرام پہنچایئے۔

**مسلز کی کمی:** زیادہ مسلز میٹابولک ریٹ بڑھاتے ہیں۔مسلز چربی کے مقابلے میں 25 سے 32 فیصد زیادہ کیلوریز جلاتے ہیں۔مسلز بڑھانے کے لیے طاقت کی تربیت کریں۔ مشینوں سے اس ضمن میں مدد لی جاسکتی ہے۔ یہ کام گھر پر بھی ہوسکتا ہے اور تربیت گاہوں میں بھی۔ ہوسکے تو سٹرینگ ٹریننگ ہفتے میں کم از کم تین بار ضرور کریں۔

**تھائی رائیڈ کی ناقص کارکردگی:** ہمارے جسم میں جو غدود تھائی رائیڈ کہلاتا ہے یہ تھائیروکسین بناتا ہے۔ یہ ایک ہارمون ہے جو ہمارے جسمانی نظام پر اثر انداز ہوتا ہے۔ کبھی یہ غدود زیادہ سرگرم ہو جاتا ہے اور کبھی اس کی کارکردگی کم ہوجاتی ہے۔ دونوں باتیں مسائل پیدا کرتی ہیں مگر تھائی رائیڈ کی کارکردگی میں کمی موٹاپے کا باعث بنتی ہے۔اس عارضہ میں انسان میں توانائی کم ہوجاتی ہے۔ دل کی رفتار سست ہوجاتی ہے۔ جسم کی کھال خشک ہوجاتی ہے اور چہرے پر ورم آجاتا ہے۔ تشخیص ہوتے ہی اس کا علاج تھائی رائیڈ ہارمون سے کیا جاتا ہے۔

**موروثی اثرات:** کبھی کبھی موٹاپا ورثے میں بھی ملتا ہے۔دراصل انسانی جسم کی اشکال تین طرح کی ہوتی ہیں۔ لمبے اور دبلے مسکولر اور گولائی دار جسم والے۔ اگر ہم اپنی اپنی اشکال کی مناسبت سے اپنی خوراک اور ورزش کا التزام کریں تو موٹاپے سے بہت حد تک بچا جاسکتا ہے۔

**ناشتہ:** دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ پابندی سے ناشتہ کرتے ہیں وہ موٹے نہیں ہوتے۔ ماہرین کا مشورہ ہے کہ ناشتہ میں ہمیں دلیہ اور ٹوسٹ وغیرہ استعمال کرنا چاہیے اور ناشتہ میں کم سے کم چکنائی ہو۔ دہی اور تازہ پھل بھی مفید رہتے ہیں۔

**ہولی سسٹک اووری سنڈروم:** ہر دس عورتوں میں سے ایک عورت عموماً پولی سسٹک اووری سنڈروم کا شکار ملتی ہے۔ ایسی عورتیں زیادہ تر موٹاپے کے مرض میں مبتلا ملتی ہیں۔ ان کا وزن کم نہیں ہو پاتا۔ اس کی پہچان جسم پر بالوں کی زیادتی' تکان اور ماہواری کے مسائل سے ہوسکتی ہے۔ ان عورتوں میں کیل مہاسوں اور سینے کے درد کی شکایات بھی ملتی ہیں۔

**موٹاپے کی فکر:** اپنے موٹاپے پر فکرمند رہنے والی خواتین کا وزن بھی کم نہیں ہو پاتا۔ اس تشویش سے ان کی قوت مزاحمت ختم ہوجاتی ہے اور وزن برقرار رہتا ہے۔ ان کے وہ غدود جو چربی کم کرنے کا کام کرتے ہیں متاثر ہوجاتے ہیں۔

**ناقص غذا:** موٹاپا کم نہ ہونے کا ایک سبب غیرمتوازن اور ناقص غذا کا استعمال ہے۔ ناقص غذا جسم کو مناسب وٹامن اور معدنیات فراہم نہیں کرپاتی۔ ایسی غذا کھانے سے ہمارے اندر توانائی کم پیدا ہوتی ہے اور بدن پر چربی کی تہیں چڑھنے لگتی ہیں۔ ایسی غذائیں جن میں وٹامن بی ون، بی ٹو، بی تھری، بی سکس، وٹامن سی، آئرن، کورمیم، زنک اور کوانزائم، کیوانزئم کیو 10 شامل ہوں موٹاپا کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ یہ معدنیات اور وٹامنز، تازہ پھلوں، دہی' بالائی اترا دودھ، مرغی اور مچھلی وغیرہ میں موجود ہوتے ہیں۔

## طالب علم پیپرز میں یہ چیز پاس رکھنا ہرگز نہ بھولیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو ہمیشہ خوش' صحت مند اور ہنستا مسکراتا رکھے۔ آج کل میرے پیپرز ہو رہے ہیں۔ دوران پیپرز ہی یہ خط لکھنے بیٹھ گئی وجہ صرف یہ ہے کہ میرا ایک تجربہ اور مشاہدہ ہے جو میں قارئین عبقری سے شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ قارئین! میرے جو پہلے دو پیپر تھے وہ تو اچھے ہوگئے لیکن تیسرا' پاس تو ہو جاؤں گی ان شاء اللہ لیکن کچھ خاص نہیں ہوا تیاری بھی کی تھی لیکن بری بات یہ ہوئی کہ پہلے دو پیپر میں میرے ہاتھ میں نقش نعلین پاک اور شہادت والی انگلی پر سورہ قلم کی پہلی دو آیات لکھی ہوئی تھی لیکن جو مشکل پیپر تھا اس میں بھول گئی' میں یاد کرتی تھی کیا نہیں کیا' ٹینشن ہوئی لیکن جب دیکھا تو بیگ سے نقش نعلین پاک ہی غائب تھا اور پھر اُسی ٹینشن میں' میں شہادت والی انگلی پر سورہ قلم کی پہلی دو آیات ہی لکھنا بھول گئی۔ میں بہت زیادہ پریشان ہوئی جو تھوڑا بہت پیپر آتا تھی وہ بھی بھولنا شروع ہوگیا پھر میں نے اپنے ہاتھ پہ نام محمد (ﷺ) لکھا اور پیپر شروع کیا۔ اللہ کے کرم سے اتنا تو ہوا کہ ان شاء اللہ پاس ہوجاؤں گی۔ اب میں آپ کو اس عمل کا کمال بتاتی ہوں کہ جب بھی آپ کے پیپرز ہوں یا کہیں انٹرویو کیلئے جائیں اپنے پاس نقش نعلین پاک اور سورۂ قلم کی پہلی دو آیات اپنی شہادت کی انگلی پر لکھ لیں۔ پھر دیکھیں آپ کا قلم کیسے چلتا ہے اور دماغ کیسے کھلتا ہے۔ یہ میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ سٹوڈنٹس حضرات توجہ سے نوٹ فرمالیں۔ ہمیشہ اپنے پاس نقش نعلین پاک ضرور رکھیں۔ (ش،ج)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# نوجوان لڑکیوں کے پیچیدہ مسائل اور ان کا حل

موجودہ دور میں بچیوں میں ماہواری کے دوران تکالیف، سیلان الرحم (لیکوریا) بانجھ پن اور ماہواری کے ساتھ شدید دردوں کا ہونا عام ہے جس کی وجہ خواتین میں زنک کی کمی ہے جانوروں پر کئے گئے تجربات سے ثابت ہے کہ اگر انہیں زنک مناسب مقدار میں دیا جائے تو یہ تمام تکالیف جڑ سے ختم ہو جاتی ہیں۔

خواتین ہمارے معاشرے کا لازمی حصہ ہیں۔ایک صحت مند اور تندرست ماں ہی اپنی نسل کی بقاء کیلئے معاشرے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے اگر خواتین اپنی تندرستی کی طرف توجہ نہیں دیں گی تو وہ قوم کیلئے صحت مند معمار نہیں پیدا کرسکیں گی۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بچیوں کی پرورش پر اتنی توجہ نہیں دی جاتی جتنی بچوں کی پرورش پر دی جاتی ہے۔ اگر ہم اپنے اکثر طبی دواء ساز اداروں کو دیکھیں تو وہ جب کوئی ٹانک بناتے ہیں وہ مردوں کیلئے ہوتا ہے عورتوں کیلئے نہیں ہوتا۔ ادویات کے سلسلے میں خواتین نے اپنے آباؤ اجداد سے جو بھی علم حاصل کیا وہ اسی پر عمل کرتی رہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ وہ علم بھی موجودہ نسل میں منتقل نہیں ہوسکا وہ غذائیں‘ وہ چیزیں جن کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ بچے کھائیں اور بچیاں نہ کھائیں اب ہر کوئی ان کا بے دریغ استعمال کرتا ہے۔ علامہ اقبالؒ نے عورت کی شان اس طرح بیان کی ہے

’’وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ‘‘

لیکن بدقسمتی سے ہم اس رنگ کو بھرنے ہی نہیں دیتے۔ ہمارے گھروں میں بچیاں پیدا ہو جائیں تو سنسنی کا عالم ہو جاتا ہے اسلام اور سائنس نے ہمیں جو تعلیم دی ہے ہم اس سے دور ہو گئے ہیں۔ عورت ماں بنتی ہے بچوں کو جنم دیتی ہے اس مقصد کیلئے اس کا صحت مند رہنا بے حد ضروری ہے اگر ہم بچیوں کی صحت پر توجہ نہیں دیں گے تو آئندہ نسلیں متاثر ہوئے بغیر نہیں رہیں گی۔ پیدائشی طور پر بچوں میں یرقان، اٹھرا، وضع حمل میں دشواریاں اور دیگر عوارض تمام تر غذائیں ان چیزوں کے استعمال نہ کرنے کا باعث ہے جن کی بچیوں کو ضرورت ہوتی ہے۔ امریکہ میں لیڈی ڈاکٹرز خواتین کو اس بات کی تلقین کرتی ہیں کہ 30 سال کے بعد السی اور کیلشیم باقاعدگی سے استعمال کریں۔ ہمارے ہاں یہ دونوں چیزیں ناپید ہوچکی ہیں دودھ تک لوگوں کی پہنچ سے باہر ہو چکا ہے۔ یورپ کی نسبت ہمارے ہاں بچیاں جلد بوڑھی ہو جاتی ہیں۔ موجودہ دور میں بچیوں میں ماہواری کے دوران تکالیف، سیلان الرحم (لیکوریا) بانجھ پن اور ماہواری کے ساتھ شدید دردوں کا ہونا عام ہے جس کی وجہ خواتین میں زنک کی کمی ہے جانوروں پر کئے گئے تجربات سے ثابت ہے کہ اگر انہیں زنک مناسب مقدار میں دیا جائے تو یہ تمام تکالیف جڑ سے ختم ہو جاتی ہیں۔ زنک (جست) ٹیسٹوسٹیران لیول کو بڑھا دیتا ہے۔ زنک اور کیلشیم کی کمی کے باعث خواتین اٹھرا کا شکار ہو جاتی ہیں یورپی ممالک میں جب بچہ پیدا ہونا ہوتا ہے تو اس کی اطلاع ہسپتال میں کی جاتی ہے جہاں ان خواتین کو 30 گولیوں (جو کہ کیلشیم، آئرن پر مبنی ہوتی ہیں) کی ڈبیاں مہیا کر دی جاتی ہیں۔ جب کہ ہمارے ہاں خواتین اور بچیاں ان دونوں کی کمی کا شکار ہو رہی ہیں۔ اعصاب کا بادشاہ کیلشیم جب کہ عضلات کا بادشاہ میگنیشیم گردانا جاتا ہے جب عضلات میں سختی آجاتی ہے تو جان لیں کہ کیلشیم کی کمی ہے۔ جسم میں کڑل پڑتے ہیں ماہواری درد کے ساتھ آنا، زیادہ مقدار میں آنا، دونوں کیلشیم کی کمی کے باعث ہوتے ہیں پرانے زمانے میں خواتین بکھڑا (Tribulus Tresteris) کے بیج کی پنجیری بنا کر استعمال کیا کرتی تھیں جو خواتین میں شرح پیدائش (Fertility Rate) کو بڑھاتا ہے یہ بات بلغاریہ میں ہونے والی تحقیق سے ثابت بھی ہوچکی ہے۔ خواتین میں (Essential Fattyacid) کی کمی پائی جاتی ہے جو اعصاب کی کمزوری کا باعث بنتے ہیں۔ السی میں اومیگا فیٹی ایسڈز پائے جاتے ہیں۔ اس کا استعمال کرنے والے کا کولیسٹرول لیول نہیں بڑھتا۔ خواتین کو اپنی صحت برقرار رکھنے کیلئے مچھلی کے تیل کے کیپسول استعمال کرنے چاہئیں اس سے انہیں اومیگا تھری فیٹی ایسڈز میسر ہوتے ہیں۔ موجودہ دور میں کولا مشروبات اور چائے، کافی کے استعمال سے خواتین میں سیلان الرحم (لیکوریا) کا مرض بڑھتا جارہا ہے۔ تاہم اس مرض سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے بیضہ مرغ مرکب (کشتہ بیضہ مرغ) کا استعمال انتہائی فائدہ مند ہے۔ موجودہ دور کی خواتین اور بچیاں دودھ اور دہی کا استعمال نہیں کرتیں جس سے ان میں بیماریوں کی بنیاد ابتداء میں ہی رکھ دی جاتی ہے۔ کیلشیم کا استعمال نہ کرنا خواتین میں مسائل کا باعث بن رہا ہے جس کی وجہ ناقص غذاؤں کا استعمال ہے۔ لہٰذا تندرست رہنے کیلئے ضروری ہے کہ آج سے 50 سال قبل والی غذاؤں کا استعمال کیا جائے خواتین میں اندرونی سوزش کیلئے مکو کا ساگ اور ہلدی کا استعمال کروایا جاتا ہے۔ بالوں کا گرنا، بالوں کا سفید ہونا، جلدی امراض، چہرے پر دانوں کا نکلنا جیسے امراض خواتین میں بڑھتے جارہے ہیں جس کی وجہ بالوں میں تیل نہ لگانا اور شیمپو کا استعمال کرنا ہے بالوں میں تیل نہ لگانے سے سکری پیدا ہو جاتی ہے پرانے زمانے میں خواتین سکاکائی، دہی اور لسی سے بالوں کو دھویا کرتی تھیں۔ اگر خواتین چاہتی ہیں کہ ان کے بال وقت سے پہلے سفید نہ ہوں اور نہ ہی گریں تو وقتاً فوقتاً اسطخدوس کا استعمال کیا کریں کیونکہ یہ دماغ کے جھاڑو کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایام حمل کے دوران قے اور ابکائیوں سے بچنے کیلئے سونٹھ کا استعمال بے حد فائدہ مند ہوتا ہے اس کا استعمال ہمارا استحالی نظام (Metabolism) بھی درست کرتا ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق نمکیات (Minerals) کی کمی کے باعث خواتین میں فیلوپین ٹیوب سکڑ جاتی ہیں جس سے خواتین کے بانجھ پن میں اضافہ ہورہا ہے۔ دودھ اور دہی کا استعمال اس ضمن میں ہونے والی کمی کو پورا کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ ماں کا دودھ بچے کیلئے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے اس میں سب سے زیادہ جست (زنک) پایا جاتا ہے اگر خواتین کو صحیح خوراک دی جائے تو وہ اٹھرا اور دیگر پیچیدہ عوارض کا شکار نہیں ہوسکتیں۔ موجودہ دور میں ڈائٹنگ کے جنون نے خواتین کو بہت زیادہ متاثر کیا ہے۔ چائے، کافی اور دیگر کولا مشروبات جسم انسانی میں کیلشیم کو جذب نہیں ہونے دیتے جس کے نتیجہ میں بیماریوں کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ جسم میں کیلشیم کی کمی کے باعث خواتین میں ہڈیوں کے فریکچر (Fracture) کی شرح زیادہ ہوتی جارہی ہے۔ تاہم کیلشیم کی مناسب مقدار جسم میں شکست و ریخت کو روکتی ہیں۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی بچیوں میں تازہ پھلوں، دودھ اور دہی کے استعمال کا رجحان پیدا کریں تازہ سبزیوں کا استعمال خواتین اور بچیوں کی صحت کو قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنے گھر کے تمام کام خود کیا کریں اور اپنی خوراک کو متوازن رکھیں تاکہ صحت مندی کے اصولوں کو اپنایا جاسکے اس سے صحت مند معاشرے کے قیام میں بہت زیادہ رہنمائی ہوگی۔

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے۔ قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# بیوی کی ایک مسکراہٹ کو ترستے خاوند کی ہائے

**جب کسی لڑکی کی شادی ہوتی ہے تو شہنائیاں بجتی ہیں رسم ورواج کے مطابق دلہن کی آمد زرق، برق لباس میں ہوتی ہے۔شروع شروع میں دلہن کے نازنخرے اٹھائے جاتے ہیں کچھ عرصے تک تو دعوتیں ہوتی ہیں لیکن تھوڑے ہی عرصے بعد ناچاقیاں اورلڑائی جھگڑے شروع ہوجاتے ہیں**

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین یہ واقعہ بیان کرنے سے قبل میں کچھ عرض کرنا چاہوں گا کہ میاں بیوی کا رشتہ جتنا خوبصورت، مضبوط، پائیدار ہے اتنا ہی حساس اور نازک بھی ہے جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اس دنیا میں سب سے پہلا رشتہ جو قائم ہوا وہ میاں بیوی کا رشتہ ہی تھا اور جنت میں بھی میاں بیوی کا رشتہ ہی ہوگا۔اسلام نے میاں بیوی کے حقوق واضح طور پر بیان کیے ہیں جس میں خاوند کے حقوق بھی ہے اور بیوی کے حقوق بھی چونکہ یہ واقعہ خاوند کے حقوق کے بارے میں ہے‘اس لئے اس پر بات کروں گا۔

حضور ﷺ نے فرمایا ’’اگر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کوسجدہ کی اجازت ہوتی تو میں بیوی کو حکم کرتا اپنے خاوند کوسجدہ کرے‘‘

محترم قارئین! اس حوالے سے بہت سی احادیث واقعات ہیں جس سے ہر بندہ واقف ہے لیکن میں حیران ہوں کہ عورت (سب خواتین نہیں مگر اکثریت) کی نظر میں، دنیا کا سب سے بہترین شخص اور مکمل اس کا باپ، دنیا کا سب دکھی خاونداس کا بھائی، دنیا کا سب سے خوبصورت اس کا بیٹا، دنیا کا خوش نصیب شخص اس کی بہن کا شوہراور دنیا کا سب سے کنجوس، خودغرض اور بے کار قابل نفرت اس کا اپنا خاوند ہوتا ہے لیکن کیوں؟ (بعض خواتین) اس شخص کے لئے تمام نفرت، جو سارادن خون پسینہ ایک کر کے محنت کرتا ہے صرف بیوی بچوں کے لئے‘ اپنا آرام ختم کر کے بیوی کی آسودگی، آرام اور خواہشات کے لئے، دن رات ایک کر کے تمام ضروریات زندگی اور کھانا، مہیا کرتا ہے، اس کا دیا کھا کر، پہن کر اس کے لئے نفرت میری سمجھ سے باہر ہے۔میں ان بہنوں سے درخواست کرتا ہوں کہ اپنے خاوند کی قدر کریں، ان کے گھر واپسی پر آپ کی مسکراہٹ انکی سارے دن کی تھکاوٹ ختم کردے گی، یہ واقعہ ایسی بہنوں کے لئے ہے جو خاوند سے نفرت کرتی ہیں اوران کی حقوق سے بے پرواہیں میں اپنے گھر میں اسی چیز کی کمی محسوس کرتا ہوں اور جانتا ہوں کہ گھروالی اگر صحیح رُخ نہ دے تو کتنی اذیت ہوتی ہے۔واقعہ کچھ یوں ہے کہ ہمارے دادا جی سنایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ ہم ایک عورت کا جنازہ لے کر قبرستان گئے اسے دفن کر کے واپس ہوئے! ابھی دو کلومیٹر ہی رہ گئے تھے کہ پیچھے آگ کے شعلے آسمانوں کو چھوتے ہوئے دکھائی دیئے۔سب نے سمجھا کسی کے مکان وغیرہ کو آگ لگ گئی ہے سب واپس دوڑے اس وقت لوگوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے درد اور فکر ہوئی تھی آج کل تو لوگ صرف تماشہ دیکھنے کے لیے ہی جمع ہوتے ہیں خیر جب سب لوگ وہاں پہنچے تو دیکھا کہ کسی مکان وغیرہ کو آگ نہیں لگی ہوئی تھی بلکہ اس عورت کی قبر سے آگ کے شعلے بلند ہورہے تھے جس کو وہ ابھی دفنا کر گئے تھے۔شعلے قبر سے نکل کر آسمان کو چھو رہے تھے سب نے استغفار کیا اور قرآن مجید ذکر وغیرہ پڑھنے لگے تا کہ عذاب ختم ہو جب واپسی ہوئی تو کسی نے اس کے خاوند کو جو ایک کسان تھا سے پوچھا اس عورت کا کیا گناہ تھا جو قبر کو آگ لگ گئی اس نے ٹھنڈا سانس لیا اور بتایا کہ یہ میری نافرمان تھی ہر وقت مجھ سے لڑائی جھگڑا کرتی تھی میں کھیتوں میں سارا دن کام کرتا رہتا تھا‘ دوپہر کو یہ میرے لیے کھانا لے کر آتی تھی اور دور سے روٹی میری طرف پھینکتی جیسے کوئی کتے کو روٹی دیتا ہے اور گالیاں نکال کر چلی جاتی ساتھ بیٹھے ساتھی کہتے تمہاری بیوی تمہاری اتنی گستاخی کرتی ہے اور تم اسے کچھ نہیں کہتے؟ میں انہیں کہتا اس سے اللہ پوچھے گا میرا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے میں صبر کر جاتا تھا، وقت گزر گیا اور مرنے کے بعد اللہ نے سب کو دکھا دیا کہ خاوند کے ساتھ ناروا سلوک اور حقوق سے بے پروائی کا انجام یہ ہوتا ہے۔ اللہ ہم سب کو ایک دوسرے کی عزت کرنے کی توفیق دے آمین۔ (گلفام، کوٹ ادو)

## شادی خانہ آباد مگر پھر بربادی کی داستانیں کیوں؟

جب کسی کے گھر بیٹی پیدا ہوتی ہے تو اس کی پیدائش کے ساتھ ہی اس کی شادی کی فکر شروع ہو جاتی ہے۔ والدین اپنی بیٹیوں کو پرایا دھن سمجھ کر ان کی پرورش انتہائی نازونعم سے کرتے ہیں۔ شادی ایک خوبصورت بندھن ہے۔ والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ اپنے بچوں اور بچیوں کی شادی شان وشوکت اور بروقت کرسکیں۔شادی محض ایک رسم نہیں، بلکہ نئی زندگی کا آغاز ہوتا ہے۔شادی سے پہلے کی زندگی میں زیادہ تر لڑکیاں صبر نام سے واقف نہیں ہوتیں۔اور ان میں قوت برداشت بہت کم ہوتی ہے۔لیکن شادی کے بعد گھریلو ماحول کوخوشگوار بنانے کے لیے عورت کو بہت زیادہ صبر وتحمل سے کام لینا پڑتا ہے۔کوئی بھی لڑکا، لڑکی شادی کے بندھن میں بندھ کر جب اپنی نئی زندگی کا آغاز کرتے ہیں توانہیں ان دیکھی خوشیوں، غم، مسائل اور دکھ سکھ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس نئے بندھن میں عورت کو بہت سی قربانیاں دینی پڑتی ہیں اور ہر قسم کا سمجھوتا کرنا پڑتا ہے۔جب کسی لڑکی کی شادی ہوتی ہے تو شہنائیاں بجتی ہیں رسم ورواج کے مطابق دلہن کی آمد زرق، برق لباس میں ہوتی ہے۔شروع شروع میں دلہن کے نازنخرے اٹھائے جاتے ہیں کچھ عرصے تک تو دعوتیں ہوتی ہیں لیکن تھوڑے ہی عرصے بعد ناچاقیاں اورلڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔ذات پات کی فوقیت، جہیز کے طعنے، طلاق کی دھمکی اور کبھی کبھار دولہا اور اس کے خاندان کی طرف سے روپے جائیداد کی ڈیمانڈ آجاتی ہے اور یوں ہنستا بستا گھر اُجڑ جاتا ہے گویا شادی مذاق بن جاتی ہے مگر جب شادی کے بعد سسرال والوں کے طعنوں اورظلم وستم سے تنگ آکر بیٹی میکے واپس آجاتی ہے تو والدین اس صدمے اور بدسلوکی سے نڈھال ہو جاتے ہیں۔**بربادی کی وجوہات:** ایسی کونسی وجوہات ہیں جن کی بناء پر گھرانے تباہ ہوجاتے ہیں ان میں سب سے بڑی وجہ شوہر کا حاکمانہ رویہ ہے۔شوہر سمجھتا ہے کہ بیوی اس کے پاؤں کی جوتی ہے اور اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شوہر کا حکم مانے حالانکہ شادی سے پہلے لڑکیوں کے والدین کو باور کرایا جاتا ہے کہ آپ کی بیٹی ہمارے گھر کی مالکن ہوگی اور ہمارے گھر میں راج کرے گی۔مگر پھر اس کی حیثیت ایک نوکرانی کی سی ہوجاتی ہے۔ اگر شوہر یہ سوچ کر اپنی بیوی کا خیال رکھے کہ وہ دوسرے گھرانے اور ماحول سے آئی ہے۔ اور ماحول سے آئی ہے اور اپنے والدین، بہن، بھائی، دوست ارباب الغرض اپنا سب کچھ اس کے لیے چھوڑ آئی ہے اور اس کوشوہر کے گھر کے ماحول میں ڈھلنے میں کچھ وقت لگے گا تو ایسی صورتحال پیدا نہ ہو۔شادی سے پہلے اور شادی کے بعد بھی لڑکی کے والدین لڑکے والوں کی خوب آؤ بھگت کرتے ہیں لیکن شادی کے بعد لڑکی کے رشتے داروں کی آمد پر لڑکے والوں کی طرف سے نفرت وحقارت کا اظہار کیا جاتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ وہ نہ (بقیہ صفحہ نمبر 54)

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری‘ ملازم پیشہ مردوں‘ عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

مستند روحانی نسخے

# حمل اور حاملہ کی حفاظت کیلئے طاقتور 8 روحانی عمل

ہر قسم کا درد دور کرنے کے لیے اوّل و آخر ایک دفعہ درود پاک درمیان میں یَااَللّٰہُ شَافِیْ. یَااَللّٰہُ مُعَافِیْ. یَااَللّٰہ خَیْر. یَااَللّٰہُ مَدَدْ. یَاسَلَامُ. یَاحَفِیْظُ ایک دفعہ تین دفعہ 7 دفعہ پڑھیں دم کر دیں۔ مجھے اجازت یافتہ عمل ہے۔ سب کو اجازت دیتا ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دوران حمل حاملہ اور حمل کی حفاظت کیلئے لاکھ جتن کیے جاتے ہیں۔ میرے پاس بھی آٹھ ایسے طاقتور روحانی راز ہیں‘ جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ ان شاء اللہ یہ اعمال کرنے سے حمل اور حاملہ کی مکمل حفاظت رہتی ہے۔-1 بلڈ پریشر بڑھ جائے تو یَاقَوِیُّ گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیں۔-2 حاملہ کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر 99 مرتبہ یَامُبْدِئُ یَاسَلَامُ حمل قرار پانے کے بعد روزانہ پڑھیں۔3۔ 41 دن سورۃ کوثر کی تلاوت بعد از نماز فجر کریں۔4۔سورۃ الشمس کو 41 مرتبہ بعد نماز اشراق پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پئیں انشاء اللہ حمل محفوظ اور بچہ سلامت رہے گا۔5۔روزانہ 312 دفعہ یَارَقِیْبُ کا ورد کریں اور سات دفعہ پانی پر پڑھ کر پئیں۔6۔"یَامُغْنِیُ" (اے کسی کی پروا کرنے والے) اگر مرد 70 مرتبہ پڑھ کر عورت کے پاس جائے تو انشاء اللہ کبھی بچہ ضائع نہ ہوگا۔7۔جس عورت کا لڑکا زندہ نہ رہتا ہو۔ وہ اجوائن اور کالی مرچ دونوں چیزیں لیکر سوموار کے روز دوپہر کو 40 دفعہ سورۃ الشمس اوّل آخر درود شریف پڑھ کر اس کو حمل کے شروع سے لیکر بچے کے دودھ چھڑانے تک مسلسل کھائے‘ انشاء اللہ بچہ محفوظ رہے گا۔8۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو 61 مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر پاس رکھیں ان شاء اللہ بچہ محفوظ رہے گا۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے بیٹیاں دیتا ہے جسے چاہتا ہے بیٹے دیتا ہے انہیں جمع کر دیتا ہے بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی اور جسے چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے وہ بڑے علم والا اور کامل قدرت والا ہے۔ (القرآن)

## میرے آزمودہ روحانی و طبی نسخے قارئین کے نام

1-رش سے نکلنے کے لیے تین دفعہ سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ 2۔نزلہ وزکام کا فوری علاج: امرود کے پتوں کو تھوڑے سے پانی میں بطور چائے اُبال کر استعمال کرنا۔3۔اگر بچھو بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگانا اس سے درد دور ہو جائے گا اور زہر اثر نہیں کرے گا میری زوجہ محترمہ نے آزمایا ہوا ہے۔4۔ ہر قسم کا درد دور کرنے کے لیے اوّل و آخر ایک دفعہ درود پاک درمیان میں یَااَللّٰہُ شَافِیْ. یَااَللّٰہُ مُعَافِیْ. یَااَللّٰہُ خَیْر. یَااَللّٰہُ مَدَدْ. یَاسَلَامُ. یَاحَفِیْظُ ایک دفعہ تین دفعہ 7 دفعہ پڑھیں دم کر دیں۔ مجھے اجازت یافتہ عمل ہے۔ سب کو اجازت دیتا ہوں۔5۔آسان وظیفہ سے مشکلات کا حل: ایک اللہ والے کے وعظ سے ملا ایک دفعہ اوّل و آخر درود پاک سات دفعہ اسماء حسنیٰ یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ بہت فائدہ ہوا بے شمار تجربات ہیں۔ 6۔اخروٹ: ایک عدد اخروٹ کم از کم زیادہ سے زیادہ تین یا چار کھانے سے بہت طاقت ملتی ہے۔ ازدواجی خوشیوں کے لیے کارآمد ہے۔ نہار منہ صرف ایک یا دو کھانے ہیں برسوں سے آزمودہ ہے۔7۔ٹھنڈے پانی سے نہانے سے میرا زکام کا کھانسی اور نزلہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ہوسکتا ہے اس کی خاصیت صرف میرے جسمانی نظام کے لیے ہو۔ مشورہ سے کریں۔ میں گرم پانی سے نہاتا ہوں تو نزلہ زکام کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔ شوگر کنٹرول! آزمودہ تجربہ: اوّل و آخر گیارہ دفعہ درود ابراہیمی، ایک سو گیارہ مرتبہ سورۃ یاسین کی آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ 2 بوتل پانی پر دم کریں سارا دن استعمال کریں 30 سے 35 دن روزانہ کریں۔ انشاء اللہ شوگر نارمل ہو جائے گا اور ٹھیک ہو جائے گی۔ (محمد افضل رفیق رحمانی، کامرہ اٹک)

## مسائل‘ بچوں کی دینداری اور دولت کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ پانچ چھ سال سے عبقری سے مستفید ہو رہا ہے۔ آج قارئین عبقری کی خدمت میں دو تحفے پیش کرنا چاہتا ہوں۔

1۔ ہر قسم کی مالی و جانی مشکلات‘ بچوں کی دینداری‘ لوگوں سے محبت اور شفقت حاصل کرنے کیلئے اور رزق کی فراوانی کیلئے میرا معمول ہے۔ مجھے اس وظیفہ سے بہت فائدہ ہوا۔ سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 37۔ دن میں گیارہ‘ اکیس‘ اکتالیس بار پڑھنی ہے‘ ان شاء اللہ۔ بہت جلد فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

# لوہے کو موم بنانے والے مبارک ہاتھ

(از رفیق احمد)

حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں‘ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو الہامی کتاب زبور عطا کی یعنی نبوت اور کتاب اور اس کے ساتھ حسن صورت وغیرہ اللہ تعالیٰ نے تمام چیزیں جو آپ کو خصوصیت کے ساتھ عطا فرمائی گئیں اللہ سبحان تعالیٰ نے پہاڑوں اور پرندوں کو حکم دیا کہ وہ تسبیح کریں تو ان کے ساتھ تسبیح کرو چنانچہ جب داؤدؑ تسبیح کرتے تو پہاڑوں سے بھی تسبیح سنی جاتی اور پرندے جھک آتے یہ آپ کا معجزہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے لوہے کو نرم کر دیا کہ لوہا آپ کے دست مبارک میں آ کر موم یا گوندھے ہوئے آٹے کے مانند نرم ہو جاتا اور آپ اسے جو چاہتے بغیر ٹھوکنے پیٹے بنا لیتے۔ اس کا سبب یہ تھا کہ جب آپ بنی اسرائیل کے بادشاہ ہوئے تو آپ کا طریقہ کار یہ تھا کہ آپ لوگوں کے حالات کی جستجو کے لیے اس طرح نکلتے کہ لوگ آپ کو نہ پہچانیں اور جب کوئی ملتا تو آپ کو نہ پہچانتا تو آپ اسے دریافت فرماتے کہ داؤد کیسا شخص ہے سب لوگ تعریف کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بصورت انسان بھیجا حضرت داؤد علیہ السلام نے اسے بھی حسب عادت یہی سوال کیا تو فرشتے نے کہا کہ داؤد ہیں تو بہت اچھے آدمی کاش ان میں ایک خصلت نہ ہوتی! اس پر آپ متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ بندہ خدا میں کونسی خصلت؟ اس نے کہا کہ وہ اپنا اور اپنے اہل وعیال کا خرچ بیت المال سے لیتے ہیں۔ یہ سن کر آپ کے خیال میں آیا کہ اگر آپ بیت المال سے وظیفہ نہ لیتے تو زیادہ بہتر ہوتا اس لیے آپ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ ان کے لیے کوئی ایسا سبب کر دے جس سے آپ اپنے اہل وعیال کا گزارہ کریں‘ بیت المال سے آپ کو بے نیازی ہو جائے آپ کی دعا مستجب ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے لوہے کو نرم کیا اور آپ کو صنعت سازی کا علم دیا‘ سب سے پہلے زرہ بنانے والے آپ ہی ہیں آپ روزانہ ایک زرہ بناتے تھے وہ چار ہزار کی بکتی تھی۔ اس میں سے آپ اپنے اہل وعیال پر بھی خرچ فرماتے اور فقراء اور مساکین پر بھی صدقہ فرماتے۔

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے بُرے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے‘ اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا
ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔
جادو شکن پانی
قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382
Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

## پریشان اور بدحال گھرانوں کے جھوٹے خصوص ور ساجھے جواب

- معجزے کا انتظار
- لڑکی تو خوش ہے مگر میں
- میری فکر کی کوئی انتہا نہیں
- شادی والد کے احسان کا بدلہ
- لوگ ڈرتے ہیں کہیں وہ۔۔
- سسکتی زندگی اور اک روگ

**معجزے کا انتظار:** میں نے میٹرک فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ اس کے بعد ایف ایس سی میں داخلہ لے لیا۔ پہلے سال میں پاس ہوگیا لیکن دوسرے سال میں 4 پرچے رہ گئے۔ ایک لڑکی کے ساتھ سلسلہ ہوگیا تھا جو دو سال تک چلا۔ گھر والے ناراض ہوئے تو اس کو چھوڑ دیا۔ اب اس کی یاد بھی نہیں آتی۔ گھر والوں نے میری بات پر یقین تو کرلیا ہے لیکن یہاں عزت نہیں۔ مستقبل بھی خراب ہے، جو کام کرتا ہوں پورا نہیں ہو پاتا، معجزے کے انتظار میں رہتا ہوں، دوبارہ امتحان دینا چاہتا ہوں، دوں یا نہیں۔ (ثاقب، راولپنڈی)

**مشورہ:** میٹرک میں اچھے نمبروں سے پاس ہونے کی مثال سامنے رکھتے ہوئے انٹر کے امتحان کی تیاری کریں، اس امید کے ساتھ کہ پاس ہوسکتے ہیں۔ محنت شرط ہے۔ ایک مرتبہ فیل ہوجانے کا مطلب یہ نہیں کہ مستقبل خراب ہوگیا۔ اپنی ذمہ داریوں کو مستقل مزاجی سے انجام دینے کی عادت اپنائیں۔ کام پورے ہونے لگیں گے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدلنا معجزے سے کم نہیں۔ عملی زندگی کے ابتدائی دور میں ناکامی کا سامنا کرنا حیران کن یا مستقبل کی تباہی کا سبب نہیں ہوتا۔ مشکلات اور مسائل زندگی کا حصہ ہیں۔ مایوس نہ ہوں اور حوصلہ نہ کھوئیں۔

**لڑکی خوش ہے:** بہن کی بیٹی کو میں نے اپنی بیٹی بنا کر رکھا۔ جب وہ 18 سال کی ہوئی تو بہن نے اسے واپس لے لیا۔ اب وہ 20 سال کی ہے۔ کسی لڑکے کو پسند کرنے لگی۔ بہن بھی راضی ہے لیکن مجھ سے برداشت نہیں ہورہا۔ اس کی زندگی کے اس قدر اہم فیصلے میں میری رائے نہیں لی۔ میں نے ان لوگوں سے ملنا چھوڑ دیا۔ لڑکی کالج سے واپسی پر مجھ سے ملنے آتی ہے لیکن اس سے کوئی بات نہیں ہوتی۔ مجھے بہت رونا آتا ہے کہ کسی دوسرے کی اولاد سے اتنی محبت کیوں کی۔ شوہر ملک سے باہر ہیں۔ سوچتی ہوں کچھ عرصہ بعد مجھے بھی یہاں سے جانا ہوگا تو اس لڑکی کی شکل بھی نہ دیکھ سکوں گی۔ (آ۔خ، گجرات)

**مشورہ:** درگزر کریں۔ اگر بہن سے مشورہ نہیں لیا تو ہوسکتا ہے وہ خود بھی لڑکی کی طرف سے فکر مند ہوں۔ جھجک بھی ہوسکتی ہے کہ لڑکی نے اپنی پسند پر شادی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ وہ یہ بات آپ سے کہنے میں مشکل محسوس کررہی ہوں گی۔ لڑکی خوش ہے، آپ کی خوشی بھی اسی میں ہونی چاہیے۔ اپنی ذہنی صحت کی فکر کریں۔ اپنا خیال کریں، جو محبت دے دی وہ واپس نہیں لی جاسکتی۔ اپنی زندگی کی خوشیوں کو انسان ہر دور میں محسوس کرنے کے قابل ہوتا ہے۔

> مجھے ایک لڑکی پسند تھی۔ میں نے اس سے بات کی تو وہ بھی اچھی طرح اخلاق سے پیش آئی۔ پھر اس نے مجھے بتائے بغیر منگنی کرلی۔ سب لوگوں میں شور مچا دیا کہ لڑکا میرے والد کی پسند کا ہے

**سسکتی زندگی:** میری بہن کی عمر 38 سال ہے۔ اس نے اپنی ساری دنیاوی خواہشات کو فراموش کردیا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے دن سسک سسک کر گزار رہی ہے۔ اس کی ایک بیٹی بھی ہے تین سال کی۔ جو جھگڑے کے وقت ساس نے چھین لی۔ شوہر ملنے آتے ہیں تو بہن ان سے بات تک کرنا پسند نہیں کرتی۔ نہ کوئی شکوہ نہ شکایت، مکمل طور پر خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے۔ ہم لوگ ڈرتے ہیں کہ اس کا شوہر دوسری شادی نہ کرلے۔ (سویرا، فیصل آباد)

**مشورہ:** کسی ماں سے اس کی تین سال کی بچی چھین لی جائے تو وہ صدمے سے نڈھال ہی ہوگی۔ آپ کے گھر کے بڑے، بہن کے شوہر سے بات کریں کہ وہ تحفظ دیں اور بچی کو ماں کے پاس لے کر آئیں۔ اس دوران بہن کا رویہ دیکھیں کہ بچی کے آنے کی بات پر وہ کتنی بہتر ہوتی ہیں اور بچی کے آجانے کے بعد کس قدر خوشی کا احساس ہوتا ہے۔ ان کی موجودہ کیفیت سے نفسیاتی مرض 'ڈپریشن' کا اظہار ہورہا ہے۔ مکمل خاموشی، لاتعلقی، زندگی سے بیزاری، رونا، سسکنا، اس مرض کی علامات ہیں۔ اگر وہ اپنی طرف سے اس قدر لاپروا ہوجائے کہ کھانے پینے، سونے جاگنے، اور اپنے حلیے کا بھی احساس نہ رہے تو یہ اور زیادہ شدید نفسیاتی مرض کی علامات ہوں گی۔

**میری فکر کی کوئی انتہا نہیں:** کوشش کے باوجود میرے دماغ سے فکر نہیں جاتی۔ مثلاً تھوڑی دیر بعد کیا ہوگا، کل کیا ہوگا، چھ ماہ بعد مالی حالات خراب نہ ہوجائیں، ایک سال بعد بیٹی کی عمر اور بڑھ جائے گی، کسی سے رشتہ ہوگا، کیسے لوگ ہوں گے۔ میری اپنی زندگی بہت زیادہ مشکلات میں گزری، اب بچوں کو خوشحال دیکھنا چاہتی ہوں۔ میری فکر کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ (عائشہ، لاہور)

**مشورہ:** مستقبل کے حوالے سے کسی کو کچھ نہیں معلوم، نہ تو چند لمحوں بعد کا اور نہ ہی ایک سال بعد اور نہ شادی بیاہ کے حوالے سے قبل از وقت کچھ معلوم کیا جاسکتا ہے۔ خدشات، وسوسے، اندیشے اور تفکرات کیلئے اپنے دماغ کو خالی نہ چھوڑیں۔ اب فکر کی انتہا ہوگئی اور جس جگہ تفکرات نے اندھیرا کردیا ہو وہاں دعاؤں کی دنیا روشنی بخشتی ہے۔ دعا، مایوسی اور ناامیدی میں امید کے ساتھ قلب بے قرار کیلئے قرار و سکون ہے۔

**شادی، احسان کا بدلہ:** مجھے ایک لڑکی پسند تھی۔ میں نے اس سے بات کی تو وہ بھی اچھی طرح اخلاق سے پیش آئی۔ پھر اس نے مجھے بتائے بغیر منگنی کرلی۔ سب لوگوں میں شور مچا دیا کہ لڑکا میرے والد کی پسند کا ہے۔ اس کے والد نے ایک زمانے میں ہم لوگوں پر احسان کیا جب ہم قرض کی مصیبت میں پھنس گئے تھے۔ میں نے سوچا تھا کہ ان کی بیٹی سے شادی کرکے ان کے احسان کا بدلہ چکا دوں گا۔ اب بار بار دل کہتا ہے کہ اس کے منگیتر کو بتادوں کہ اس لڑکی کو میں پسند کرتا ہوں (حارث، شیخوپورہ)

**مشورہ:** منگیتر سے بات کرنے کے نقصانات ہی ہیں۔ پہلا نقصان یہ ہے کہ آپ کا اپنا تاثر خراب ہوگا۔ دوسرا یہ کہ لڑکی اور اس کے والد کو یہ بات گراں گزرے گی۔ تیسرے یہ کہ اپنا مقصد بھی پورا کرنے کا موقع نہ ملے گا۔ لڑکی کے والد نے احسان کیا ہے جس کا آپ کو احساس بھی ہے۔ لہٰذا ان کی عزت و قدر کرتے ہوئے ایسا کچھ نہ کریں جس سے ان کو احسان فراموشی کا احساس ہو۔

### نام محمد ﷺ کی شفاء یابی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود وظائف سے ہماری بہت سی پریشانیاں حل ہورہی ہیں۔ ایک میرا آزمودہ عمل ہے جو میں ماہنامہ عبقری کیلئے لکھ رہی ہوں۔ جب بھی درد ہوتا ہے میں نام محمد ﷺ درد والی جگہ پر لکھتی ہوں درد فوراً ٹھیک ہوجاتا ہے۔ (پوشیدہ)

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتی کہ الرجی
دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال دماغ کمزور حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے



Google

https://www.urdutubes.com/

# جیٹھانی دیورانی یا بہو ساس کے جھگڑے ختم! آسان عمل

گھر یا محلے کی گیارہ عورتیں بیٹھی ہیں اوّل آخر درود شریف سات دفعہ پھر درود تنجینا پڑھتے ہیں درمیان میں بات نہیں کرنی اٹھنا بھی نہیں آخر میں دعا مانگیں دعا تک کوئی بات نہیں کرنی۔ اللہ پاک مشکل آسان فرما دیتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہر آفت‘ ہر پریشانی‘ دکھ و تکلیف سے محفوظ رکھے اور ہمیں آپ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ ہم بھی آسانیاں سمیٹ سکیں اور آسانیاں تقسیم کرسکیں (آمین)

**گھریلو الجھن کیلئے:** (۱) گھریلو الجھنوں کے حل کیلئے اکثر ہم درود تنجینا 300 بار پڑھتے ہیں طریقہ کار اس طرح ہے کہ گھر یا محلے کی گیارہ عورتیں بیٹھی ہیں اوّل آخر درود شریف سات دفعہ پھر درود تنجینا پڑھتے ہیں درمیان میں بات نہیں کرنی اٹھنا بھی نہیں آخر میں دعا مانگیں دعا تک کوئی بات نہیں کرنی۔ اللہ پاک مشکل آسان فرمادیتے ہیں یہ عمل ایک تین پانچ سات بار یعنی مشکل حل ہونے مسلسل کریں۔

**جس مسئلہ کا کوئی حل نظر نہ آتا ہو:** (۲) کوئی ایسا مسئلہ جس کے حل کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو اس کے لیے سورۃ نوح ہزار دفعہ پڑھیں انشاء اللہ مسئلہ حل ہو جائیگا یہ عمل چند اشخاص بھی کرسکتے ہیں اور ایک شخص بھی کرسکتا ہے۔

**سخت مشکل کیلئے:** (۳) کسی سخت مشکل کے حل کیلئے یَابَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِیَا بَدِیۡعُ کا وظیفہ بہت موثر ہے۔ جمعرات کی رات عشاء کی نماز کے بعد اوّل آخر تین بار درود شریف کیساتھ پڑھیں ہر روز 1200 بارہ سو دفعہ پڑھنا ہے اور بارہ دن پڑھنا ہے۔

**گھر میں ناچاقی کا علاج:** (۴) گھر میں ناچاقی میاں بیوی کی ہو ساس بہو کی ہو یا جیٹھانی دیورانی، نند، بھاوج یا رشتے داروں محلے داروں کی ہو تو جیسے اللہ توفیق دے وہ ہر وقت یَاوَدُوۡدُ یَاسَلَامُ پڑھے تو جب بہت دیر پڑھ لے تو کسی شخص رشتے دار محلے دار کا تصور کر کے پھونک مار دے اور اپنے گھر میں کھانے پینے کی چیزوں اور خصوصاً چینی اور پانی پھر پھونک ماردیں انشاء اللہ ناچاقی محبت میں بدل جائے گی۔

**اگر بچوں کی وجہ سے کوئی پریشانی ہوتو:** (۵) اگر بچوں کی وجہ سے کوئی پریشانی ہوتو یَاشَہِیۡدُ ہزار دفعہ پڑھ کر سارے گھر کا پانی دم کردیں چینی پر بھی پھونک دیں اللہ تعالیٰ بچوں کو ہدایت نصیب کرینگے۔

**مالی و جانی پریشانیاں دور کرنے کا ٹوٹکہ:** (۶) یَااللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ کسی بھی وقت آنکھیں بند کر کے پڑھیں مسئلہ ذہن میں رکھیں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوگا۔ اللہ پاک ہم سب کی مالی جانی پریشانیاں دور فرمائیں ہم پر رحم کریں اور ہمیں دین کا داعی بنادے (آمین)۔ (عالم بنت افسر دین، ایبٹ آباد)

## اب تو خودکشی کرنے کو جی چاہتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! عبقری بڑی عقیدت و احترام سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود وظائف اور ٹوٹکے بہت ہی کمال کے ہوتے ہیں۔ میرے بھی کئی مشاہدات ہیں جو میں عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ ایک بندہ میرے پاس آیا جو عالم اور مفتی بھی ہیں۔ اور آپ سے شاید اس وقت ملے تھے جب آپ لوگوں کے اکٹھے بیٹھ کر مسائل سنتے تھے جب انہیں پتہ چلا کہ میرا تعلق تسبیح خانہ سے ہے تو میرے پاس آئے۔ ان کا سارا جسم کسی عجیب بیماری کی وجہ سے زخمی تھا۔ سارے جسم پر زخم تھے اور جسم سے عفونیت آتی تھی۔ اس نے کہا علاج کرا کرا کے تنگ آ گیا ہوں۔ اب تو خودکشی کرنے کو جی چاہتا ہے۔ میں نے اسے یَاقَہَّارُ 1100 بار پانی میں پاؤں رکھ کر پڑھنے کو کہا اور ساتھ کہا کہ طلوع و غروب کے وقت اوپلوں کی راکھ کو ان زخموں پر چھڑکنا ہے اور ساتھ الحمد سورت پڑھنا ہے اور ساتھ ہی شربت کلونجی اور شربت عناب پینے کا مشورہ دیا (یہ نسخہ آپ کی کتاب میرے طبی رازوں کا خزانہ میں پڑھا تھا) ماشاء اللہ اب وہ صرف ایک ماہ کے استعمال سے 100% ٹھیک ہوگیا ہے۔ (ج۔ر)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

# جلدی امراض اور برص کا آزمودہ علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا ماہنامہ عبقری جنوری 2012ء کو نظر سے گزرا اور اس کے بعد ہر مہینے خرید تا ہوں۔ اللہ پاک آپ کو تا حیات زندگی نصیب کرے تاکہ آپ عالم اسلام کی دل سے خدمت کرسکیں۔ آمین!۔ 1997ء میں مجھے برص شروع ہوا‘ اس کا کافی علاج کرایا لیکن فائدہ نہیں ہوا۔ 2006ء میں ایک آدمی نے سورۂ آل عمران کی آیت 49 بتائی۔ اس آیت کو صبح و شام 7 بار پڑھتا رہا تو اللہ پاک نے برص ٹھیک کردیا۔ یہ آیت اَنِّیۡ قَدۡ جِئۡتُکُمۡ سے لے کر اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿آل عمران ۴۹﴾ تک پڑھنی ہے اول و آخر درود شریف لازمی پڑھنا ہے۔ پانی پر دم کر کے پی لیتا ہوں اور تیل پر دم کر کے لگا لیتا ہوں۔

**گھنے لمبے بالوں اور یادداشت کیلئے:** سفوف آملہ‘ بہیڑا‘ ہریڑ‘ مہندی‘ کلونجی‘ میتھی‘ بھنگرا سیاہ‘ برہمی بوٹی‘ سیاہ ہلیلہ‘ الائچی خورد‘ مغز کشنیز‘ اسطخدوس‘ تخم کدو‘ مروارید‘ چاروں مغز ہم وزن لے کر کوٹ پیس کر پھکی بنالیں اور صبح و شام ایک چمچ چائے والا استعمال کریں۔

**امراض معدہ‘ تبخیر کیلئے اکسیر حکمت:** سونف‘ دھنیا‘ بڑی الائچی تینوں اشیاء ہم وزن اور مصری دو حصے پیس کر سفوف بنالیں اور کھانے کے بعد بقدر ایک چھوٹا چمچہ استعمال کریں۔ جملہ امراض معدہ اور تبخیر کیلئے اکسیر حکمت کی یہ چٹکی مخلوق کے افادہ عام کے لیے فی سبیل اللہ ہدیہ ہے۔ کوئی صاحب اسے ذریعہ معاش نہ بنائے۔

**درد ختم کرنے کا عجیب ٹوٹکہ: ھوالشافی:** میتھرے کے دانے کوٹ پیس کر اُس میں تھوڑا سا پانی ملا کر چمچ سے ہلکا سا ہلا لیں اور پھر کسی کپڑے پر یہ لیس دار مادہ لگا کر وہ کپڑا جسم کے کسی بھی حصے میں درد والی جگہ پر یا جہاں چوٹ لگی ہو وہاں لگادیں۔ درد ختم ہونے پر یہ کپڑا خودبخود اتر جائے گا۔

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی‘ جسمانی‘ نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔
(قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

گھریلو ناچاقیوں‘ رزق کی تنگی‘ پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# ایک ماں کا آنسو اور ابابیل کا ننھا بچہ

کوثر، خیرپور میرس، سندھ

**اے ہوا! تم ساری زمین پر چلتی ہو۔ جب بلگیر یا ملک کے اوپر سے گزرو تب میرے پیارے پنچھی کو دیکھنے کے لئے رکنا اور اس سے کہنا کہ کالی بلی سے خبردار رہے جب میں اِدھر آرہی تھی، تب میں اپنے بچے کو یہ سمجھانا بھول گئی تھی'**

خزاں کی رُت کی بارش برس رہی تھی اور بارش کی بوندوں سے باغ میں درختوں کے پیلے پتے چمک رہے تھے۔ انگور کی بیل میں لگے انگور کے دانے مرجھانے لگے تھے۔ آکاش بیل اپنے پھولوں سمیت پودوں میں چھپے ہوئے ایک ٹوٹے ہوئے منکے پر جھک آئی تھی۔ چھوٹا سا ابابیل، منکے کی نچلی تہہ میں سردی کی وجہ سے کانپ رہا تھا۔ اس کی دو بہنیں جنوب کی طرف پرواز کر چکی تھیں۔ اس کی ماں کسی گرم ملک کا رخ کر کے اس کی نظروں سے غائب ہوگئی تھی۔ اس سرد اور یخ بستہ رات میں اس کو کون گرمی پہنچا سکتا تھا؟ وہ سب تو اس کو اس منکے میں اکیلا چھوڑ کر جا چکے تھے کیونکہ اس کا ایک پَر ٹوٹا ہوا تھا اور وہ اڑ نہیں سکتا تھا گزشتہ سردیوں کے موسم میں ان کے اس گھر کو آگ لگی تھی جس کی چھت پر اس کی ماں نے اپنا گھونسلہ بنایا تھا۔ اس سے پہلے کہ بوڑھی ماں اپنے بچے کو آگ سے بچانے کی خاطر لے کے اڑتی ایک چنگاڑی گھونسلے میں آگری اور اس چھوٹے سے ابابیل کا ایک پر جل گیا اور وہ اس درد کی شدت سے بے ہوش ہوگیا تھا جب ہوش آیا تو اس نے اپنے آپ کو ایک نئے گھونسلے میں دیکھا، اور اس کی ماں اس کے اوپر اپنا سر جھکائے بیٹھی تھی۔

ایک صبح، بوڑھی ابابیل ماں، اپنے زخمی بچے کو باغ میں باہر لے کے آئی اور اس سے کہا ''میری جان، میرے بچے! آج ہم جنوب کی جانب کوچ کریں گے۔ تم اڑ نہیں سکتے اس لیے تمہیں یہیں ٹھہرنا ہوگا۔ میں نے نرم نرم پر تمہارے لئے اس منکے میں ڈال دیئے ہیں ان پروں پر لیٹ جانا اور جب بھوک لگے تو باہر نکل کے کچھ چگ آنا۔ سارا باغ میوہ جات سے بھرا ہوا ہے۔ دیکھو، منکے کے چاروں طرف کیسی خوبصورت آکاش بیل لٹک رہی ہے!! ہم بہار کے موسم میں لوٹ آئیں گے''

اور اس کے بعد وہ سب اُڑ کے چلے گئے۔ بہار کا خوبصورت موسم آگیا۔ بارش برسنا شروع ہوگئی۔ بارش کا قطرہ آکاش بیل کے نچلے حصے پر لگے ایک پتے پر آکے گرا اور گرنے ہی والا تھا۔ ''اُف! کتنا تھکا ہوا ہوں!'' بارش کے قطرے نے ٹھنڈی آہ بھر کے کہا۔ ''کہاں سے آئے ہو؟'' چھوٹے سے ابابیل نے تعجب سے پوچھا۔ ''یہ مت پوچھو۔ بہت دور سے آیا ہوں'' اچھا۔ ''پُرسکون سمندر سے، میں ادھر ہی پیدا ہوا تھا میں بارش کی بوند نہیں ہوں میں آنسو کا قطرہ ہوں!!''

''آنسو؟ کیسا آنسو؟''

''ماں کا آنسو! چند دن قبل ایک تھکی ہوئی اور آنسوؤں سے لبریز آنکھوں والی ابابیل ایک بڑے سے بحری جہاز کے اوپر آکے بیٹھی تھی۔ میں اس غمزدہ پرندے کی دائیں آنکھ میں تھا۔ سمندر ایک بوند میں نہیں سما سکتا تھا۔ بے بسی سے بھرائی ہوئی آواز میں اس ابابیل نے ہوا سے کہا:

اے ہوا! تم ساری زمین پر چلتی ہو۔ جب بلگیر یا ملک کے اوپر سے گزرو تب میرے پیارے پنچھی کو دیکھنے کے لئے رکنا اور اس سے کہنا کہ کالی بلی سے خبردار رہے جب میں اِدھر آرہی تھی، تب میں اپنے بچے کو یہ سمجھانا بھول گئی تھی'

''تمہارا وہ معصوم سا ابابیل کہاں ہے؟'' ہوا نے پوچھا: ''میں نے اس کو ایک ٹوٹے ہوئے منکے میں چھوڑا تھا۔ باغ کے ایک کونے میں جس کے اوپر آکاش بیل جھکی ہوئی تھی اس کی بوڑھی ابابیل ماں نے ابھی یہ الفاظ ادا ہی کیئے کہ میں اس کی آنکھ سے گر پڑا۔ ہوا نے مجھے تھام لیا اور زمین کے اوپر اپنے ساتھی اڑاتی آئی۔ میں آٹھ روز تک مسلسل اُڑتا رہا اور اب اس پتے کے اوپر آکے گرا ہوں۔ بہت تھکا ہوا ہوں۔ دل کرتا ہے اس پتے سے اُٹھ کر نیچے آجاؤں اور آکے سو جاؤں!!'' چھوٹے سے ابابیل کا دل زور سے دھڑکنے لگا۔ وہ فوراً اٹھا اور اپنی چونچ کھولی۔ بچھڑی ہوئی ماں کا آنسو اپنی چونچ میں لے لیا۔ اور پھر وہ اپنے منکے کی تہہ میں بچھے ہوئے پروں پر آکے لیٹ گیا۔ آنسو کی گرمی محسوس کر کے وہ سو گیا اور اس کو گہری نیند آگئی۔ ایسے جس طرح اپنی ماں کے پروں میں چھپ کر بے فکر ہو کے سوتا تھا!!

پیارے بچو! دیکھا آپ نے ایک ماں اپنے بچے سے کتنا پیار کرتی ہے اور اس کا کس طرح خیال رکھتی ہے۔ اسی طرح ہی آپ کی امی جان بھی آپ سے اسی ابابیل کی طرح محبت کرتی ہے۔ جب آپ سکول میں ہوتے ہیں تو وہ پریشان رہتی ہے اور آپ کیلئے دعائیں مانگتی رہتی ہے جب تک آپ گھر نہیں آجاتے' وہ بھلے گھر کے ڈھیروں کام نمٹاتی ہے مگر اس کا دھیان ہمیشہ آپ ہی کی طرف رہتا ہے کہ اس وقت میرا لال یا میری رانی نا معلوم کیا کر رہی ہوگی' اب بریک کا وقت ہے' میری اولاد اب کھانا کھا رہی ہوگی' اب چھٹی ہونے والی ہے' اب چھٹی ہو چکی ہے گھر آنے والے ہیں' آپ کیلئے کھانا تیار کرتی ہے اور جب آپ تھکے ماندے گھر پہنچتے ہیں تو آپ کا ماتھا چوم کر آپ کو گرما گرم تازہ کھانا دیتی ہے تاکہ آپ کھا پی کر بالکل فریش ہو جائیں۔ پیارے بچو! دیکھا آپ نے' آپ کی والدہ آپ سے کتنا پیار کرتی ہیں تو آپ کو بھی چاہیے کہ ان کا کہنا مانیں' چاہے آپ کا دل مانے یا نہ مانے ان کی ہر بات کا جواب جی سے دیں اور فوراً وہ کام کر ڈالیں۔ پھر دیکھئے گا وہ کتنا خوش ہوتیں اور آپ کو ڈھیروں دعائیں ملیں گی جو زندگی کے ہر قدم پر آپ کے کام آئیں گی۔ ان شاء اللہ

## بیوی دیوانی' منگیتر عاشق! گھر جنت! یہ عمل کرلے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! ماہنامہ عبقری ہر ماہ ضرور پڑھتا ہوں۔ میرے پاس ایک آزمودہ ہے جس کے کرنے سے گھر جنت بن جاتا ہے۔ عمل یہ ہے کہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دعا کرے اگر ابھی رشتہ طے نہیں ہوا تو کہے میرا جیون ساتھی جو بھی ہوگا الٰہی میں یہ عمل اس شخص یا عورت کو ہدیہ کرتا/کرتی ہوں اور جن کا رشتہ طے ہو چکا ہے وہ اس شخص/بیوی کا نام لے کر یہ عمل اس کے دل کو ہدیہ کریں اور جن کی شادی ہو چکی ہے وہ اپنے میاں یا بیوی کا نام لے کر اس کے دل کو ہدیہ کریں۔ اب اس کے کمالات سنیں: تینوں کیفیات والے یعنی کنوارے' ادھ کنوارے اور شادی شدہ تینوں قسم کے لوگ سدا خوش رہیں گے' جو شوہر پڑھ کر بیوی کو ہدیہ کرے گا بیوی اس کی دیوانی ہوگی' جو منگیتر کیلئے پڑھے گا منگیتر اس کی عاشق ہوگی۔ اس کے دل میں محبت کا چراغ روشن سے روشن تر ہوتا چلا جائے گا۔ جھگڑا' الجھاؤ ذہنی بے سکونی کبھی پاس نہ آئے گی۔ گھر جنت بنانے کا نسخہ آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے' کر کے دیکھیں اس کے کمالات اس قدر ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ (تنویر اقبال' اٹک)

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)



Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# جن میرے گھر میں گانے چلاتے ہیں! بولا یہ میں نہ چھوڑوں گا

محمد عرفان۔ خضر آباد، لیہ

جنات سے ملاقات کے حوالے سے چند مشاہدات عرض کرتا ہوں۔ حضرت صاحب دو ماہ پہلے میں ملتان اپنے رشتہ داروں کو ملنے گیا۔ تو وہاں ایک عورت آئی اور اسے اکثر دورے پڑتے تھے اور اس کی حالت اچانک بگڑ جاتی تھی۔

**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ پاک آپ کو آپ کے اہل خانہ کو اور سدا سلامت رکھے۔ عرصہ چار سال سے تسبیح خانہ میں تعلق ہے۔ اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور آپ کی شفقت ہے کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور اللہ تعالیٰ سے مانگنا آتا جارہا ہے۔ شکر ہے کہ معمولی سی تکلیف یا ضرورت پر فوراً دل ودماغ اور زبان اپنے رب کی طرف جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حضرت صاحب آپ کا تصور بھی ہر وقت دل ودماغ پر چھایا رہتا ہے۔ صبح جاگنے سے لے کر رات سونے تک، اہل خانہ سے لے کر دوست احباب تک صرف اور صرف آپ کا ہی ذکر اچھا لگتا ہے۔ آپ کے درس باقاعدگی سے سننے کی کوشش کرتا ہوں۔

جنات سے ملاقات کے حوالے سے چند مشاہدات عرض کرتا ہوں۔ حضرت صاحب دو ماہ پہلے میں ملتان اپنے رشتہ داروں کو ملنے گیا۔ تو وہاں ایک عورت آئی اور اسے اکثر دورے پڑتے تھے اور اس کی حالت اچانک بگڑ جاتی تھی۔ انہوں نے مجھے کہا آپ کا تعلق عبقری سے ہے؟ اس عورت کو کوئی وظیفہ ہی بتا دو اور دم تو کردو۔ بیچاری بہت پریشان ہے میں نے انہیں مسلسل سارا دن ''یاقہار'' پڑھنے کو کہا اور ساتھ ہی یاقہار کا نقش بھی لکھ دیا۔ وہ بضد تھے کہ اسے دم بھی کردو۔ خیر میں نے یونہی انمول خزانہ نمبر 1 پڑھنا شروع کیا تو اس عورت کی آنکھیں سرخ ہونے لگ گئیں اور آواز مردانہ ہوگئی۔ میں اس پوزیشن کے لیے ذہنی طور پر بالکل تیار نہ تھا۔ لیکن اللہ کی ذات پر بھروسہ اور آپ کی توجہات کے پیش نظر میں نے اسے سلام کیا۔ اس نے جواب دیا۔ اس سے کافی باتیں ہوئیں۔ جو اہم بات تھی وہ یہ کہ ان کے گھر میں گانا بجانا چلتا ہے' ہر وقت اس کے بچے میرے بچوں کو تنگ کرتے ہیں۔ شریعت کی کوئی پابندی نہیں۔ میری اس گھر میں عرصہ سے رہائش ہے۔ یہ لوگ کرایہ دار ہیں؟ اس مکان کو چھوڑ دیں۔ میں نے کہا یہ تو انسان ہیں یہ تو رہیں گے آپ چھوڑ جاؤ۔ اس بات پر وہ طیش میں آگیا اور مجھ پر حملہ کرنے کے لیے اٹھا تو اچانک وہ دھڑم سے چارپائی پر گر گیا۔ ایسے لگا جیسے کسی نادیدہ قوت نے اس عورت کو دھکا دیا ہو۔ گرتے ہی اس نے خونخوار آنکھوں سے دیکھتے ہوئے کہا'' آخر تم عبقری والے چاہتے کیا ہو'' یونہی اس نے عبقری کا نام لیا۔ میں نے فون پر آپ کا درس لگا دیا۔ آپ کی آواز سنتے ہی (یعنی شروع میں جو آپ درود شریف پڑھتے ہیں) وہ عورت یک دم اچھی اور نارمل ہوگئی۔ میں نے انہیں مکان چھوڑ دینے کا مشورہ دیا انہوں نے اس مکان کو چھوڑ دیا اور اب وہ عورت بالکل ٹھیک ہے۔ حضرت صاحب میرا بارہا کا تجربہ ہے کہ اگر کسی پر اثرات ہوں تو آپ درس کے شروع میں جو تلاوت کرتے ہیں یا درس کے آخر میں جو ذکر کرتے ہیں۔ اگر لگا دیا جائے تو بیرونی چیزیں فوراً بھاگ جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ حضرت صاحب آپ کا درس اگر رات کو لگا کر لیٹا جائے تو کوئی خطرناک چیز نہ تو گھر میں داخل ہوتی ہے۔ اگر گھر میں موجود ہو تو بندہ ان کے خطرے سے محفوظ رہتا ہے۔ حتیٰ کہ مچھر بھی بھاگ جاتے ہیں۔ جب سے رات کو آپ کا درس ہمارے گھر میں چلنے لگا ہے۔ یقین کریں۔ اردگرد لوگ مچھروں سے پریشان ہیں۔ ہم ہیں کہ بچوں سمیت لمبی تان کر سوتے ہیں۔ اگر ادھر ادھر سے آبھی جائے تو صبح خالی پیٹ مرا ہوتا ہے۔

## کرنجوہ میں چھپا تھا میری شفاء یابی کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل خانہ اور تسبیح خانہ سے وابستہ ہر فرد پر اپنی خاص رحمتیں عنایت فرمائے آمین۔ عبقری میں یہ میرا پہلا خط ہے عرصہ دراز سے عبقری کی قاریہ ہوں۔ عبقری کی وجہ سے ہمارے گھر کے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ میں عبقری کی بہت بہت شکر گزار ہوں۔ مجھے بادی بواسیر تھی اور میں علاج ادویات کھا کھا کر تھک گئی تھی۔ عبقری میں لکھا ایک ٹوٹکہ اپنایا۔ الحمدللہ اب میں بالکل ٹھیک ہوں۔ ٹوٹکہ یہ تھا کہ کرنجوہ جو پنسار سے عام مل جاتا ہے۔ اس کی گٹھلی نکال کر ایک صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ لینی تھی' میں نے صرف تین بار استعمال کیا اور بالکل ٹھیک ہوگئی۔ (عصمت، کہوٹہ)

# ہر قدم کے بدلے جنت میں ایک شہر

ڈاکٹر عباس علی' واہ کینٹ

تنبیہ الغافلین میں ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے عالم کی زیارت کی گویا اس نے میری زیارت کی اور جس نے عالم سے مصافحہ کیا گویا اس نے مجھ سے مصافحہ کیا جس نے عالم کی صحبت اختیار کی اس نے میری صحبت اختیار کی جس نے دنیا میں میری صحبت اختیار کی اللہ اس کو قیامت کے روز جنت میں میرا ہم نشین بنائے گا۔ فخر موجودات ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اور تمام آسمان اور زمین والے یہاں تک کہ چیونٹیاں اپنے سوراخوں اور یہاں تک کہ مچھلیاں سمندر میں اس کی بھلائی کی خواہاں ہیں جو لوگوں کو اچھی چیز کی تعلیم دیتا ہے۔ (ترمذی)۔ ترمذی شریف میں ہے کہ ایک فقیہہ (عالم) ہزار عابد سے زیادہ شیطان پر سخت ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم نے فرمایا: ایک گھڑی رات میں پڑھنا پڑھانا ساری رات عبادت سے افضل ہے۔ (دارمی) فرمان نبوی ﷺ ہے: علماء کی سیاہی شہید کے خون سے تولی جائے گی اور اس پر غالب ہوجائے گی۔ (بہار شریعت) ارشاد رسول کریم ﷺ ہے ہر دن اور رات میں 999 رحمتیں علماء اور طالب علموں کیلئے ہے اور باقی اور لوگوں کیلئے ایک رحمت ہے۔ (نزہۃ المجالس)۔ فرمان نبوی ﷺ ہے اس ذات پاک کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جو کوئی طالب علم کسی عالم کے دروازہ پر علم سیکھنے کے لیے آمدورفت رکھتا ہے تو اس کے ہر ہر قدم پر اس کیلئے ایک ایک سال کی عبادت لکھی جاتی ہے اور ہر ہر قدم کے بدلے میں جنت میں اس کیلئے ایک شہر آباد ہوجاتا ہے اور وہ جس زمین پر چلتا ہے وہ تمام زمین اس کے لیے استغفار کرتی ہے۔ (نزہۃ المجالس)

## کہیں اپنوں کو نہ ہار جانا

طنز اور بے حسی سے رشتے کمزور ہوجاتے ہیں۔ بس کبھی اپنوں سے ایسی لڑائی نہ لڑنا کہ لڑائی تو تم جیت جاؤ مگر اپنوں کو ہار جاؤ۔ رشتہ داری میں ہمیشہ درگزر کا ایک گُر اپنا لو پھر دیکھو کیسے ہر تقریب میں تمہارے اردگرد اپنوں کو ہجوم ہوگا اور تم سب کی پسندیدہ شخصیت۔ (سنبل ماہین' پنڈدادنخان)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا موثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پیئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

نزلہ زکام اور جوانی کے مسائل | کمر مہروں کے درد کیلئے لاجواب نسخہ | مکان فروخت کیلئے وظیفہ
میاں کی محبت کیلئے | ضدی بچوں کے والدین کیلئے عمل | بندش کے شکار بچے

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## فروری کے جوابات

1۔آپ نے کمر اور مہروں کے مسئلہ کیلئے نسخہ پوچھا تو یہ نسخہ میرا نہیں بلکہ میں نے جس کو بھی بتایا سب کو فائدہ ہوا۔اس نسخہ سے ایسے ایسے مریض تندرست ہوگئے جو سالہا سال سے چار پائی کے ساتھ لگ گئے تھے۔یہ نسخہ 2008ء کے عبقری شمارہ میں شیخ الوظائف نے بتایا تھا۔**ھوالشافی:** درب یا کھبل کی لمبی جڑیں چھاؤں میں خشک کرکے ان جڑوں کو آہن دستہ میں باریک پیس کر اور باریک چھلنی سے اسے چھان کر بوتل میں زردی مائل سفوف محفوظ کریں۔دیسی گھی آدھ چھٹانک ایک گلاس گرم دودھ میں ڈال کر ایک ماشہ سفوف منہ میں ڈال لیں اور اگر دیسی گھی آدھ چھٹانک سے آدھا کردیا جائے تو شاید موجودہ حالات میں بہتر ہو لیکن اگر کمی بیشی کی ضرورت پڑے،تو کرلیں۔اللہ تبارک تعالیٰ کے فضل وکرم سے مریض انشاءاللہ صحت یاب ہوجائیگا۔

2۔آپ اپنے طبی مسائل کے حل کیلئے عبقری دواخانہ کی ''اکسیرالبدن'' کی چند ڈبیاں مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔مکان کی فروخت کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر مکان یا جو بھی چیز فروخت کرنا ہو اس پر پھونک دیں۔انشاءاللہ تعالیٰ جلد فروخت ہوجائے گی۔آیت یہ ہے:بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ فَلَنۡ اَبۡرَحَ الۡاَرۡضَ حَتّٰی یَاۡذَنَ لِیۡۤ اَبِیۡۤ اَوۡ یَحۡکُمَ اللّٰہُ لِیۡ ۚ وَ ہُوَ خَیۡرُ الۡحٰکِمِیۡنَ۔(یوسف:80)(پروین'لاہور)

3۔آپ عبقری دواخانہ کا الرجی نزلہ کورس اور نوجوان شفاء کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔الحمدللہ! میرا کزن انہی ادویات سے ٹھیک ہوا۔(ماجد'قصور)

4۔آپ کا بچہ آپ کو بہت زیادہ تنگ کرتا ہے تو آپ اس طرح کریں کہ روزانہ اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے اسے پلادیا کریں۔کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ عمل کریں۔یہ عمل صرف پاک حالت میں اور باوضو کریں۔ان شاءاللہ اس کی عادتیں تبدیل اور نیکی طرف راغب ہوجائے گا۔

## مارچ کے سوالات

**میاں بیوی کی محبت:** قارئین سے درخواست ہے کہ میرے اور میرے شوہر کے رشتہ کی مضبوطی' آپس کے پیار' عزت واحترام اور احساس کیلئے کوئی وظیفہ بتائیے' اللہ تعالیٰ ہمارے رشتہ کو ہر مخلوق کے شر اور نظر بد سے بچا کر رکھے۔میرے شوہر کی اچھی صحت اور کامیابی کا وظیفہ دیں' اگر ہماری قسمت میں ملک سے باہر جانا لکھا ہے جس کے ہم خواہشمند بھی ہے اللہ تعالیٰ اس وظیفہ کے پڑھنے کی برکت سے ہماری یہ خواہش بھی پوری کردے۔(پوشیدہ'راولپنڈی)

**بندش کا شکار بچے:** محترم قارئین السلام علیکم! میں اپنے ایک بیٹے اور ایک بیٹی کی شادی کی وجہ سے بہت پریشان ہوں' لاکھ کوشش کے باوجود ان کی شادی نہ ہوسکی۔جہاں کسی نے بتایا ہر جگہ گئی ہوں' بہت دولت برباد کی' سبھی یہی کہتے ہیں کہ آپ کی بیٹی اور بیٹے پر بہت سخت بندش کی گئی ہے' عمل سے تھوڑا بہت فرق پڑتا ہے مگر رشتہ نہیں طے پاتا' اگر آتا ہے تو ایسا آتا ہے کہ رشتہ لے کر آنے والوں کو مارنے کا دل کرتا ہے۔بچی بھی بہت پریشان ہے' میں تو اندر اندر ہی سوچ سوچ کر ختم ہورہی ہوں۔کچھ سمجھ نہیں آتا۔بچہ برسر روزگار ہے' کسی قسم کا عیب نہیں' ماشاءاللہ دونوں خوبصورت ہیں مگر پھر بھی رشتہ نہیں ہوتا۔(م،رحیم یارخان)

**کیرا' زکام اور کان کا مسئلہ:** کافی عرصہ سے کیرا' زکام اور کان کا مسئلہ کان کبھی بہنا شروع کردیتا ہے' کبھی خود بخود بند ہوجاتا ہے' پیپ نکلتی ہے بدبو آتی ہے۔پھر ایک سال سے کھانسی مسلسل' اب ٹیسٹ کروائے تو پھیپھڑے میں پانی کی شکایت آئی کیونکہ سانس پھولنا شروع ہوگیا تھا۔اب ٹیسٹ کروایا تو انہوں نے کینسر کے جراثیم بھی بتائے۔'جب کھانا کھاتی ہوں فوراً گیس بن جاتی ہے'شفاء کیلئے کوئی نسخہ اور وظیفہ بتادیں۔(ایک مجبور بہن)

دل دھڑکتا ہے: میری عمر 13 سال ہے' میرے ہاتھ پاؤں خشک ہوجاتے ہیں' کوئی چھوٹی سی بات بھی ہو تو دل تیزی سے دھڑکنے لگتا ہے۔مہربانی فرما کر اس کے حل کیلئے کوئی روحانی عمل بتائیں۔(محمد عزیز صدیقی'خوشاب)

URDU TUBE
www.urdutubes.com

# مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: مکی احمد پوری

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسن اور حسن رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں ارشاد فرمایا:''جس نے ان سے بغض رکھا یا ان سے بغاوت کی وہ میرے ہاں مبغوض ہوگیا اور جو میرے ہاں مبغوض ہوگیا وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا شکار ہوگیا اور جو اللہ تعالیٰ کے ہاں غضب یافتہ ہوگیا تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے عذاب میں داخل کرے گا (جہاں) اس کیلئے ہمیشہ کا ٹھکانہ ہوگا۔'(امام طبرانی)۔حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہم اجمعین کیلئے فرمایا:''جس نے ان سے محبت کی اس سے میں نے محبت کی اور جس سے میں محبت کروں اس سے اللہ محبت کرتا ہے اور جس کو اللہ محبوب رکھتا ہے اسے نعمتوں والی جنتوں میں داخل کرتا ہے۔(امام طبرانی)۔حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:''میں' فاطمہ' حسن' حسین اور جو ہم سے محبت کرتے ہیں قیامت کے دن ایک ہی مقام پر جمع ہوں گے' ہمارا کھانا پینا بھی اکٹھا ہوگا تا آنکہ لوگ (حساب وکتاب کے بعد) جدا جدا کردیئے جائیں گے۔''
(اخرجہ الطبرانی فی المعجم الکبیر 41/3،الرقم 2623)

## عبقری سے آزمایا' فیض پایا اور دوسروں کو بتایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں اس میں موجود وظائف نے میری زندگ آسان بنا دی ہے۔مجھے خواب میں اکثر جنات ڈراتے تھے اب جب بھی ڈراتے ہیں تو میں یاقہار پڑھتی ہوں جنات دور ہوجاتے ہیں۔جب بھی کوئی چیز گم ہو تو یارب موسیٰ یارب کلیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا شروع ہوجاتی ہوں چیز مل جاتی ہے۔رکشے والے بھائی سے کرایہ طے کرنا ہو تو میں یاقہار پڑھتی رہتی ہوں' میری مرضی کا کرایہ ہمیشہ طے ہوتا ہے۔سورۂ والعصر کا وظیفہ (چاند کی چودھویں کو چاند کو دیکھ کر لاتعداد پڑھنی ہے) کرنے سے میری زندگی میں گناہوں کی تعداد بہت زیادہ کم ہوگئی ہے۔الحمدللہ! شکریہ عبقری!(پوشیدہ)

اکسیر البدن
کامیاب بچپن' لاجواب جوانی
بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یا دماغی وجسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل ودماغ ۔اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف 300/- روپے

Digitized by Google

## ☆ بھورا سانپ اور بلی کا سر ☆ ہم ایئر پورٹ نہیں جائیں گے ☆ بستے میں کتابیں اور سفید چادر ☆ سفید رنگ کا سانپ اور مٹی ☆ اللہ والوں کا فیض ☆ بوڑھی عورت کے ہاتھوں پر مہندی اور شادی ☆ کمرہ امتحان ☆ ارے میں تو مر گئی ہوں!

https://www.urdutubes.com/

**بھورا سانپ اور بلی کا سر:** میں نے دیکھا کہ مکانات تعمیر ہورہے ہیں جو کہ بہت گہرائی میں ہیں۔ مزدور کام کررہے ہیں۔ میں اور میرا نوکر انہی مکانات میں اونچی جگہ پر بیٹھے ہوئے ہیں اور ان مزدوروں سے باتیں کررہے ہیں۔ اتنے میں دیکھتا ہوں کہ ایک بہت بڑا سانپ نمودار ہوتا ہے اس کا رنگ بھورا ہے اور اس کا سر بلی جیسا ہے۔ آنکھیں اور مونچھیں بھی بلی کی طرح ہیں اس کے تین چار بچے بھی بلی کے بچوں کی طرح ہیں' میں اپنے نوکر سے کہتا ہوں کہ وہ دیکھو سانپ۔ وہ بھی دیکھتا ہے اور کہتا ہے یہ تو عجیب سانپ ہے' میں اس کو فولادی سلاخ سے مارتا ہوں وہ زخمی ہو جاتا ہے لیکن مرتا نہیں، پھر بھاگ جاتا ہے اس کے بچے بھی بھاگ جاتے ہیں۔(م۔خ' پشاور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کسی اہم کام میں بعض لوگ جو ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں حائل ہونے کی کوشش کریں گے تاہم اگر آپ نے حسن تدبیر سے کام لیا تو مخالفین ناکام ہو کر واپس ہو جائیں گے۔ پانچ وقت کی نماز ضرور پڑھیں۔ باقی سارا دن چلتے پھرتے درود شریف پڑھتے رہیں۔

**ہم ایئر پورٹ نہیں جائیں گے:** خواب میں نے دیکھا کہ ہمارے گھر کے سامنے ایک نیا ائیر پورٹ بنا ہے اور میں کھڑکی میں کھڑی دیکھ رہی ہوں۔ رن وے کے اوپر بجلی کی تاریں بہت ہی بے ہنگم طریقے سے اِدھر اُدھر گزر رہی ہیں۔ اتنی دیر میں میرے ابو مجھے اور میری بہن کو کہتے ہیں کہ اس ائیر پورٹ سے آج پہلی فلائٹ جارہی ہے تم لوگ بھی اس میں چلے جاؤ۔ میں اپنی بہن سے کہتی ہوں اس فلائٹ کے ساتھ یقیناً کوئی مسئلہ ہوگا ہم اس میں نہیں جائیں گے۔ (شانزے' بہاولپور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کسی کام میں رکاوٹ آرہی تھی وہ رکاوٹ ان شاء اللہ جلد دور ہونے والی ہے۔ آپ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ہر نماز کے بعد 21 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

**مجھے امتحان دینے جانا ہے!:** میں نے دیکھا کہ مجھے امتحان دینے جانا ہے مگر صبح اٹھی تو دیر ہوگئی۔ جلدی سے باہر گئی اور دکان سے جاکر دو پین خریدے۔ ایک نیلا اور دوسرا لال۔ دکان کے راستے میں کچھ کیچڑ بھی تھا۔ کمرۂ امتحان میں دیر سے پہنچی مگر پیچھے سے آواز آئی کہ کوئی بات نہیں، آپ کا امتحان ہو جائے گا۔ فکر نہ کریں۔ (سویرا' کراچی)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے تمام اہم کام اللہ پاک کے فضل وکرم سے خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے۔ آپ روزانہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ قریش 31 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

**بستے میں کتابیں اور سفید چادر:** میں نے دیکھا کہ کسی پرانے گھر میں ہوں اور سکول جانے کی تیاری کررہی ہوں۔ بستے میں کتابیں اور اپنی سفید چادر رکھی ہے اور نیلا سوئٹر پہنا ہے اور باہر بارش ہورہی ہے، والد مرحوم پلنگ پر بیٹھے ہیں، وہ 250 روپے مجھے دینے لگتے ہیں تو امی کہتی ہیں کہ اسے 200 دو۔ پھر تین اجنبی آدمی گھر پر آتے ہیں۔ پھر منظر بدلتا ہے۔ میں پل پر چڑھتی ہوں میں نے برقع پہن رکھا ہے اور شوخ پیلے کپڑے اور پیلے جوتے پہن رکھے ہیں، وہاں بچوں کا کافی ہجوم ہوتا ہے، پھر وہ تین آدمی جو گھر آئے تھے وہاں بھی آجاتے ہیں اور میں پل سے اتر جاتی ہوں، پھر وہ آدمی چلے جاتے ہیں، میں پل کے نیچے سڑک پر کھڑی ہوں۔ وہاں سے ایک بس گزرتی ہے میں اس میں نہیں بیٹھی بلکہ سوچتی ہوں کہ رکشے سے سکول جاؤں گی، پھر ایک جگہ سے گزرتی ہوں جہاں شادی ہورہی ہوتی ہے اور ایک بوڑھی عورت اپنے پورے ہاتھوں میں مہندی لگائے ہوئے ہوتی ہے۔ (کنول، لاہور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کچھ مالی پریشانیاں آئیں گی تاہم یہ عارضی ہوں گی اور ان شاء اللہ غیب سے مدد ہوگی۔ آپ روزانہ ایک مرتبہ سورۂ یٰسین اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب اپنے والد مرحوم کو پہنچا دیا کریں۔

**سفید رنگ کا سانپ اور مٹی:** میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا سفید رنگ کا سانپ ہے۔ دیکھتے دیکھتے وہ سانپ مٹی میں بری طرح لوٹنے لگتا ہے۔ پہلے تو سانپ کا منہ کالا ہونا شروع ہو جاتا ہے اور پھر جیسے جیسے سانپ مٹی میں لوٹتا ہے اس پر کالے رنگ کی موٹی موٹی لائنیں پڑنے لگتی ہیں، میں سوچتی ہوں کہ لوگ کہتے ہیں کہ سفید سانپ تو بزرگ ہوتا ہے تو پھر یہ کالا کیوں ہورہا ہے۔ سانپ کا دم والا حصہ میری طرف ہے، پھر دیکھتی ہوں کہ جیسے مجھے گولی لگ گئی ہے اور خون بھی نکل رہا ہے۔ سب خاندان کے لوگ جمع ہیں تو میں سوچتی ہوں کہ میں تو مرگئی ہوں تو پھر میں ان سب سے کیسے ملوں۔ (ام قاسم۔ گوجرانوالہ)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات کا اشارہ دیا گیا ہے کہ کوئی شخص بزرگ کے روپ میں آپ کے ساتھ دشمنی کا معاملہ کررہا ہے اور کسی بھی وقت آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے لہٰذا آپ اس طرح کے لوگوں سے محتاط رہیں۔

**اللہ والوں کا فیض:** میں نے دیکھا کہ میں نے سفید یونیفارم پہن رکھا ہے۔ علاقے میں بہت بارش ہورہی ہے اور راستے میں پانی بھرا ہے۔ سیلاب کی سی صورتحال ہے۔ اس میں سے گزر کر گھر تک پہنچتی ہوں اور اس سے پہلے مختلف درگاہوں سے گزر کر ایک جگہ پہنچتی ہوں تو پتہ چلتا ہے کہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ ہے۔ دو آدمی اندر نماز پڑھ رہے ہیں، ان کے پاس سے گزر کر ایک عورت کے پاس جاتی ہوں۔ وہ کہتی ہے کہ بزرگ کے بارے میں ساری معلومات فراہم کرے گی کہ کب پیدا ہوئے اور کب دنیا سے رخصت ہوئے اور کہاں رہتے ہیں پھر میں اپنے گھر جاتی ہوں تو سیلاب سے گزرتی ہوں اور گھر کے دروازے تک پہنچتی ہوں، مگر میرے کپڑوں پر کیچڑ کا کوئی نشان نہیں ہوتا۔ (فروا' لاہور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اللہ والوں کا فیض نصیب ہوگا اور دین پر چلنے کی توفیق بھی نصیب ہوگی، نیز اللہ پاک سے محبت اور تعلق میں اضافے کا اشارہ بھی ہے۔ ممکن ہو تو کسی اللہ والے متبع سنت و شریعت بزرگ سے اصلاحی تعلق فرمالیں۔ پانچ وقت کی نماز یقینی بنائیے اور حرام کاموں' حرام رزق سے خود کو بچائیں۔

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف 120/- روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

# ماڈرن ماؤں کی اولاد بگڑی ہوئی تو معاشرہ تباہ ہوگیا!

عظمیٰ انصاری

معاشرے میں اتنی خرابیاں اس لئے پیدا ہوئی ہیں کہ اس جوان نسل کی مائیں وہ تھیں جن کے والدین نے پابندی کی زندگی گزاری اور شادی ہوتے ہی وہ بے لگام ہوگئیں بلا آستین کے کپڑے، گانا بجانا، ہر مہذب کام کو ''دقیانوسی'' سمجھنے والی ''Love marriages'' کی شوقین اور اسلامی فرائض سے لاپرواہ ہوگئیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر مہینے ہم شوق سے عبقری پڑھتے ہیں' آپ کے کالم ''حال دل'' میں دُکھی والدین کا حال پڑھ کر بہت افسوس ہوتا ہے ایسے کئی واقعات ہمارے سامنے بھی آئے ہیں۔ میرا تجربہ ہے کہ (1) باہر جاکر foreign exchange کمانے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن خدارا اپنے بچوں پر بے تحاشا خرچ نہ کیجئے۔ ان کو محنت کرنا سکھایئے۔ بہترین تعلیم دیجئے لیکن ساتھ ہی ترغیب دیجئے کہ بہترین کامیابی کیلئے محنت کریں۔ دینے کی جلدی نہ کریں ان کے لئے پیسے جمع کرسکتے ہیں۔ (2) سب سے پہلے اپنے بڑھاپے کا، رہائش کا اور ممکنہ میڈیکل اخراجات کا انتظام کیجئے بچوں پر کبھی ظاہر نہ ہونے دیں کہ آپکے پاس بہت مال و دولت ہے۔ (3) آپ کتنے بھی مالدار ہوں حق مہر لڑکوں اور لڑکیوں کا شرعی ہی رکھیں۔ بعد میں آپکی مرضی ہے چاہے ایک گھر بھی ان کے نام کروادیں۔ خاص طور پر اگر بیٹا یا بیٹی کا باہر سیٹل ہونے کا امکان ہو تو بغیر انہیں زیادہ تفصیلات بتائے ان کے نام پر ایک رقم بینک میں جمع کردیں۔ نہیں تو لوگ لالچی ڈیمانڈ کرتے ہیں۔ (4) اولاد کو اسلامی قدروں کی ترغیب دیں اور modernity سے منع کریں۔ بے ضرر کاموں سے نہ روکیں۔ مثلاً اگر پڑھائی اچھی طرح کررہے ہیں، نماز کی پابندی ہے تو ویڈیو گیمز کھیلنے میں کوئی حرج نہیں۔ بڑوں کا ادب اور رحم کرنا ضرور سکھائیں خدمت کا جذبہ پیدا کریں۔

ہماری ملنے والی ہیں جو بیوہ ہیں اور دو گھر بیچ کر انہوں نے اپنے بچوں کو لندن میں پڑھایا اور کروڑوں جہیز اور شادیوں پر خرچ کیا اب خود اکیلی ایک معمولی سے فلیٹ میں رہتی ہیں کچھ عرصہ ایک بیٹا اور بہو بھی ساتھ رہے تھے لیکن بہو بیحد بے ادب، فضول خرچ اور باہر کے ملکوں کی سیر کی شوقین تھی۔ جب ماں بیٹے سے شکایت کرتی تو وہ گستاخی پر اُتر آتا اور ماں پر ہاتھ بھی اٹھالیتا تھا۔ ماں نے تنگ آکر الگ ایک چھوٹا سا فلیٹ کرائے پر لے لیا۔ اب بیمار ہیں اور بیٹوں اور بیٹیوں نے کبھی فون کرکے حال نہیں پوچھا۔ ایک ملازمہ آتی ہے۔ تھوڑی سی صفائی کرکے کچھ دال دلیہ بنا کر چلی جاتی ہے اور کافی سامان بھی چرا لیتی ہے۔ جب ممکن ہوتا ہے کچھ پڑوسی خواتین ان کی مدد کرتی ہیں لیکن ہر روز ممکن نہیں ہوتا۔ جو کروڑوں کا جہیز بیٹیوں کو دیا تھا۔ وہ سسرالی عزیزوں نے بٹور لیا کیونکہ لڑکیاں باہر چلی گئیں اپنے شوہروں کیساتھ۔ جو بیٹوں کی بیویاں تھیں وہ خالی ہاتھ آئیں اور اپنا سارا جہیز اپنے شوہروں سے بنوالیا اور ڈھیروں کپڑے زیور، کراکری اور فرنیچر سے گھر بھر لئے اور شوہر ایسے عاشق ہیں کہ خوشی سے بیویوں کی ہر خواہش پوری کرتے ہیں۔ باہر کے ملکوں میں خاص طور سے امریکہ میں کمپاؤنڈ بنے ہوئے ہیں جن میں عمر رسیدہ لوگوں کیلئے چھوٹے vilbs بنے ہوئے ہیں اور کمپاؤنڈ میں ہی سوپر مارکیٹ، ڈاکٹرز کے کلینک، سینما ہال مختلف کورسز سکھانے کا انتظام ہے اور صحت کی ضروریات کے مطابق Cafe ہے جہاں تازہ جوس، کھانا، سب بہت رعایتی قیمتوں پر ملتا ہے۔ اسی کمپاؤنڈ میں نرسز، بس سروس بھی ہے اور ڈھیروں اور آسائشیں ہیں یہاں پاکستان میں ایسی سہولتوں کی اشد ضرورت ہے۔ گزشتہ شمارے میں ایک اور ایسے بھائی کا حال لکھا ہے جس کا بھی ایسا ہی حشر ہوا ہے۔ ڈھیروں دولت بچوں پر لگائی لیکن انہوں نے اسے گھر سے نکال دیا۔ انہیں شکایت ہے کہ شاید اسی وجہ سے ہوا کہ انہوں نے اپنے بچوں کو اسلام کی تعلیم نہیں دی تھی لیکن جس بیوہ خاتون کا اوپر ذکر کیا ہے وہ خود بھی بہت باتقویٰ خاتون ہیں۔ انہوں نے بچوں کو حج عمرے کروائے، پنجگانہ نماز کی ترغیب دی لیکن چونکہ انکے بیٹوں کی بیویاں ''الٹرا ماڈرن'' تھیں اور سوائے فضول خرچ اور کھانے کے اور سیر کرنے کے کوئی اور دلچسپی نہیں تھی۔ ان کو خوش کرنے کیلئے انکے بیٹے بھی گستاخ اور سنگدل ہوگئے۔ ہر وقت جب بیویاں کان بھرتی رہتی ہیں تو (باقی صفحہ نمبر 33 پر)

## جڑواں بیٹے ملے

(عاصم اقبال، کھاریاں)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تین سال ہوگئے لیکن میری کوئی اولاد نہیں تھی۔ ڈاکٹروں کی طرف رجوع کیا ٹیسٹ کروائے رپورٹ آئی مایوسی لائی کیونکہ سپرمز 10 فیصد تھے' اولاد کے چانس نہیں تھے۔

گزشتہ کچھ عرصہ سے ماہنامہ عبقری پڑھنے کو ملا۔ ماہنامہ عبقری میں بے اولاد افراد کے لئے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''دم والے شہد'' کے متعلق پڑھا۔ میں نے عبقری دفتر سے ''دم والا شہد'' منگوایا اور استعمال کیا' اللہ کا کرم ہوگیا میں بالکل ٹھیک ہوگیا' سپرمز 90 فیصد ہوگئے اللہ تعالیٰ نے مجھے جڑواں بیٹے عطا کیے' مجھے اس کے بعد کوئی دوائی استعمال کرنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ اللہ نے اولاد بھی دے دی اور مجھے بالکل ٹھیک بھی کردیا۔ یہ عبقری کی برکت سے ہوا۔ عبقری کی ادویات بہترین ہیں ان میں شفاء بھی ہے اور حضرت کی دعائیں بھی شامل ہیں۔ میں اپنے بارے اس لئے بتا رہا ہوں کہ دوسرے لوگ میرے بہن بھائی جن کی اولاد نہیں ان تک میرا یہ پیغام عبقری کی بدولت پہنچ جائے کہ عبقری کی برکت سے میں نے اولاد پائی آپ بھی یہ دم والا شہد پلس دوائی اور سفید پیاز کا پانی اور ساتھ جو وظیفہ ہے وہ کثرت سے ضرور پڑھیں اللہ نے مجھے اولاد دی ہے وہ آپ کو بھی دے سکتا ہے ضرور استعمال کریں میں خود عبقری پڑھتا ہوں لوگوں کو متعارف کرواتا ہوں اور ادویات کے متعلق بتاتا ہوں اللہ عبقری کو اور ترقی دے۔ آمین

## بس میں ملے عبقری کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کی نسلوں' آپ کے والدین' آپ کے مرشد اور آپ کے مریدین اور آپ سے وابستہ ہر انسان پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ ماہنامہ عبقری میری بیٹی کو چار سال پہلے بس میں ملا۔ اس وقت سے لے کر اب تک لے رہی ہوں۔ اس سے میری بہت سی پریشانیوں کا حل ہوا ہے۔ اس رسالے میں وظیفہ پڑھنے کی وجہ سے مجھے عمرے کی سعادت نصیب ہوئی ہے میں پورا ایک ماہ مکۃ المکرمہ اور مدینۃ المنورہ کی پاک فضاؤں میں رہ کر آئی ہوں۔ عبقری تیرا شکریہ! (عذرا نرگس' لاہور)

مشروب عبقری افزا
پونڈ پونڈ خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سوفیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پہ کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

https://www.urdutubes.com/
URDU TUBE A HOME OF ENTERTAINMENT
Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# لہسن بھرے انڈے کھائیے! سونے جیسی صحت پائیے!

محمد علی، راولپنڈی

لہسن کی معجون بھی بنائی جاتی ہے جو کہ مختلف امراض میں بے حد مفید ہوتی ہے۔ ان امراض میں گنٹھیا، ریح کے درد، نمونیا، بھوک نہ لگنا، جسم میں حرارت غزیزی کی کمی، لقوہ، بلغمی امراض، بلڈ پریشر زیادہ اہم ہیں۔ یہ معجون قوت باہ بڑھاتی ہے اور جسم میں طاقت پیدا کرتی ہے۔

انسان صدیوں سے لہسن استعمال کر رہا ہے اور بعض معاشروں میں اسے پسند بھی نہیں کیا جاتا، کیونکہ اس کی بو ناگوار ہوتی ہے۔ اسے خاص طور پر خواتین کے لیے نامناسب خیال کیا جاتا تھا، لیکن اسی کے ساتھ ماضی میں یورپ میں اسے طاعون (پلیگ) سے چاؤ کا ایک موثر ذریعہ قرار دیا جاتا تھا۔ تاریخ طب میں ایسے کئی واقعات ملتے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کی بو سے کئی امراض سے تحفظ حاصل رہتا تھا۔ ۱۶ ویں صدی عیسوی کے معالجین اپنی جیبوں میں لہسن کی پوتھیاں ڈالے بغیر بیرون ملک سفر کا تصور بھی نہیں کرتے تھے۔ ان کے مطابق لہسن انہیں ناموافق موسم اور زہریلی ہواؤں اور ماحول میں تحفظ فراہم کرتا تھا۔ یورپ کے ملکوں میں اس کا استعمال سب سے زیادہ اٹلی اور جنوبی فرانس میں ہوتا تھا اور آج بھی یہاں کے لوگ اسے مختلف کھانوں میں کثرت سے استعمال کرتے ہیں۔ قدیم طبی اسے بلغمی امراض کا مؤثر علاج قرار دیتی ہیں اور طب جدید کے مطابق بھی یہ قلب اور شریانوں کے علاوہ ماحول کی آلودگی سے پیدا ہونے والے مسائل صحت سے انسان کو محفوظ رکھتا ہے۔ لہسن میں خون کو پتلا رکھنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ اس طرح یہ ہائی بلڈ پریشر اور فالج وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ مغربی ملکوں میں لہسن کی روٹی تیار کرنے کے علاوہ اسے سوپ سلاد اور دیگر مختلف ڈشوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

**لہسن کا سوپ:** لہسن کے 12 جوے (تریاں) چھیل کر 4 پیالی پانی میں ہرے دھنئے اور پودینے کے ساتھ 20 منٹ تک دھیمی آنچ پر ابالیے۔ پیالوں میں ڈبل روٹی کے مکھن لگے ٹکڑے رکھ کر اوپر سے یہ گرم گرم سوپ انڈیلئے اور نمک مرچ حسب ذائقہ شامل کر کے استعمال کیجئے۔ فرانس میں روٹی کے ٹکڑوں پر پسے ہوئے لہسن اور پنیر کی موٹی تہ چڑھا کر انہیں اسی شوربے میں بھگو کر کھاتے ہیں۔ اس میں پنیر کے پگھلنے سے بڑی خوشبودار ڈس تیار ہو جاتی ہے۔

**لہسن بھرے انڈے:** ابلے انڈے چھیل کر لمبائی میں کاٹ کر دو حصے کرلیں او زردی نکال لیجئے۔ نکالی گئیں زردیوں میں تھوڑی سی پسی ہوئی رائی، تیل، نمک، سرخ مرچ اور کچلا ہوا لہسن، ہرا دھنیا، ہری مرچ خوب اچھی طرح ملا کر پیسٹ سا بنا لیجیے اور انڈوں کے خالی گڑھوں میں اسے بھر کر پودینے کی پتیوں سے سجا کر پیش کیجئے۔ جی چاہے تو اسی پیسٹ میں تھوڑا سا سرکہ یا لیموں کا رس بھی ملایا جا سکتا ہے۔ سنکے ہوئے ٹوسٹ کے ساتھ یہ انڈے مزہ دیتے ہیں۔

**لہسن کی معجون:** لہسن کی معجون بھی بنائی جاتی ہے جو کہ مختلف امراض میں بے حد مفید ہوتی ہے۔ ان امراض میں گنٹھیا، ریح کے درد، نمونیا، بھوک نہ لگنا، جسم میں حرارت غزیزی کی کمی، لقوہ، بلغمی امراض، بلڈ پریشر زیادہ اہم ہیں۔ یہ معجون قوت باہ بڑھاتی ہے اور جسم میں طاقت پیدا کرتی ہے۔

نسخہ وترکیب یوں ہے: لہسن کا مغز چھ چھٹانک، چھاچھ میں بھگو دیں تا کہ لہسن کی بو ختم ہو جائے پھر چھ سیر دودھ مال کر اسے نرم آگ پر پکایا جائے اور ساتھ ساتھ چمچ ہلاتے رہیں جب پورا دودھ کھویا بن جائے تو اس میں سونٹھ، کالی مرچ، الائچی خورد، دار چینی، ناگ کیسر، ہلدی، بڑنگ، دار ہلدی، مول اسگندھ، بدھارا، دیودار، سنا مکی، گوکھرو، سونف، نیم، بیر، لونگ، اجوائن، چپ، تج، پیلامول، کچور اور تخم کونچ ہر ایک چھ ماشہ سفوف بنا کر اس میں شامل کریں۔ اس کے علاوہ حسب ضرورت مصری لے کر اچھی طرح ملا لیں۔ معجون تیار ہے۔ اگر تھوڑی بنانی ہو تو اس تناسب سے ادویہ شامل کر کے معجون بنائیں۔ دو تولہ معجون صبح وشام ہمراہ پانی نیم گرم استعمال کریں۔ یہ معجون صرف سردیوں میں استعمال کرنی چاہیے۔ لہسن کا خالی کھویا بھی بہت مفید ہوتا ہے۔ مقدار خوراک: ایک چمچہ صبح وشام۔ احتیاط: لہسن کو زیادہ مقدار میں نہیں کھانا چاہیے۔ گرم مزاج والے لوگ کم مقدار میں استعمال کریں۔

**بالوں کو اگائیں:** لہسن آپ کے بالوں کے گرنے کے مسئلے کو ختم کر سکتا ہے ایک طبی تحقیق کے مطابق بالوں کے گرنے کی روک تھام کے لیے موثر ہے۔ لہسن کو کاٹ لیں اور اس کی پوتھیوں کو سر پر ملیں۔ آپ تیل میں بھی لہسن کو شامل کر کے مساج کے ذریعے یہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

[redacted]

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اور میرے بیوی بچے دو دفعہ آپ کے تسبیح خانہ لاہور میں حاضر ہوئے اور اسم اعظم کا روحانی دم کروایا ہے۔ ہم نے محسوس کیا کہ تسبیح خانہ میں آنے اور اسم اعظم کا روحانی دم کی وجہ سے ہمیں کافی فائدہ ہوا ہے۔ اب ہمارے گھر میں رحمتوں اور برکات کے دروازے کھلنا شروع ہو گئے ہیں۔ میرا ایک بیٹا جو کہ رات کو اکثر ڈر جاتا تھا اسم اعظم کے روحانی دم کی وجہ سے اب کافی حد تک ڈرنا بند ہو گیا ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ لوگوں کا جم غفیر تسبیح خانہ میں اسم اعظم کے روحانی دم سے مستفید ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے رسالہ عبقری کا ہر ماہ باقاعدگی سے مطالعہ کرتا ہوں اس میں لکھے ہوئے وظائف کافی سودمند ہیں، علاوہ ازیں آپ کے درس نے تو زندگی بدل کر رکھ دی ہے۔ بہت اچھے اور مجرب تحفے ملے ہیں جو میں مسلسل کرنے کی کوشش کر رہا ہوں، ہمارے گھر میں سکون نہیں تھا اب گھر میں سکون آ گیا ہے، یہ سب اسم اعظم کے روحانی دم اور تسبیح خانہ میں درس سننے کی بدولت نصیب ہو رہا ہے۔ واقعی آپ تمام عالم اسلام میں اپنا پیغام پہنچا رہے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو استقامت عطا فرمائے۔ آپ کا درس بڑا روحانی، وجدانی اور نورانیت والا ہوتا ہے۔ (محمد رشید، فورٹ عباس)

31 مارچ 2019 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب، درس، مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

[redacted]

نُورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے



Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

| معاشرے کی بدتہذیبی اور عبقری کا پیغام | میرے آزمودہ خاندانی طبی ٹوٹکے | کسی بھی گھریلو الجھن کے لیے آزمودہ وظیفہ |
|---|---|---|
| بچوں کے ڈبل نمونیا کا علاج | پھوڑے پھنسی کیلئے | چچا کا خطرناک جادو کیسے ٹوٹا؟ |

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## معاشرے کی بدتہذیبی اور عبقری کا پیغام

قارئین عبقری! آپ سب کو دعوتِ فکر اور احساس ذمہ داری قبول ہو۔ عبقری رسالہ آپ بیتی' جگ بیتی' قصے کہانیوں تجربات اور خیالی قیاس آرائیوں کا رسالہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک مستند اور جامع رسالہ اور اصلاح و تربیت کا پلیٹ فارم ہے اس سے منسلک ہر شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے حسن اخلاق سے دوسرے لوگوں کو مستفید کرے اور اپنی اپنی جگہ تبلیغ اسلام کو فروغ دے اور معاشرے کی برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ دے۔ آج میں چند بدتہذیبیوں کی نشاندہی کروں گا اور ہم سب کو اپنی اور دوسرے مسلمانوں کی اصلاح کرنی ہے اور اچھی تربیت کو فروغ دینا ہے۔ 1۔ گمشدہ شناختی کارڈ' موٹرسائیکل یا گاڑی کی کاپی یا دیگر قیمتی کاغذات اگر مل جائیں تو فوراً نزدیکی پوسٹ آفس میں یا لیٹر بکس میں ڈال دیں۔ 2۔ ہسپتال' کلینک' سکول' مدرسہ کے نزدیک ہارن اور تیز بیل مت بجائیں۔ 3۔ کوڑا کرکٹ کو گلی میں مقررہ مقام پر ہی ڈالیں۔ 4۔ چھوٹے بچوں کے ذریعے سگریٹ' نسوار' پان وغیرہ ہرگز مت منگوائیں۔ 5۔ خواتین کا احترام کریں صرف ماں' بیٹی' بہن کا رشتہ ملحوظ رکھیں۔ 6۔ بچوں کو ہمیشہ اپنے ساتھ مسجد میں لے کر جائیں اور انہیں نماز' وضو کا طریقہ سمجھائیں۔ مسجد کی صفائی کروائیں۔ 7۔ حقوق العباد کا خیال رکھیں' ہمیشہ سچ بولیں۔ راستہ سے پتھر سائیڈ پر کر دیں۔ 8۔ موٹرسائیکل احتیاط سے چلائیں۔ 9۔ تعلیم اور اپنے کام پر بھرپور توجہ دیں' بے جا موبائل فون ہرگز استعمال نہ کریں۔ 10۔ قرآنی تعلیمات' سنت نبوی ﷺ پر توجہ دیں سب سے حسن اخلاق سے پیش آئیں کیونکہ اچھا اخلاق اچھے خون کی نشانی ہے۔ 11۔ اللہ تعالیٰ کا ہر حال میں شکر ادا کریں' اس سے شکوہ کسی بھی حال میں ہرگز نہ کریں۔ 12۔ بیکری اور چٹخارے والی اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ محترم حکیم صاحب اور ماہنامہ عبقری کی پوری ٹیم کو عمر خضری عطا فرمائے اور تمام مسلمانوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے' کالے اور سفید کوٹ سے بچائے' بندے اور منجے (چارپائی) کی محتاجی سے بچائے' بُرے وقت' بُرے کام' بُری صحبت اور بُری نظر سے بچائے۔ اپنے در کی باادب حاضری نصیب فرمائے۔ (ایم اے قریشی' ملتان شریف)

## کسی بھی گھریلو الجھن کے لیے آزمودہ وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کی شادی تھی اور ہمارے پاس کچھ موجود نہ تھا' ہماری دکانیں تھیں جو کہ سرمایہ نہ ہونے کی وجہ سے ہم بنا نہ پائے۔ ہم سوچ رہے تھے کہ کوئی جائیداد ہوتی تو بیچ دیتے۔ ہم پانچ بہنوں اور امی نے ملکر محمد رسول اللہ ﷺ کا نصاب (سوا لاکھ) کرنا شروع کر دیا' رمضان کا مہینہ تھا ہم نے 10 لاکھ بار پڑھا۔ اللہ کے فضل سے غائبانہ طور پر ہماری دکانیں بن گئیں اور ہمیں پتہ بھی نہ چلا اور دکانیں مکمل ہو گئیں۔

2- میرے چاچا جان پر جب ان کے اپنوں نے جادو کروایا تو میرے چاچا کی قسمت اچھی کہ وہ کسی طرح ماہنامہ عبقری کے دفتر پہنچ گئے۔ جب گھر آتے تو فوراً جادو کا اثر شروع ہو جاتا' کبھی دادی اماں کو قتل کرنا چاہتے کبھی میرے ابو کو' ایک بار تو ابو کو مارنے کے لیے بندوق لے کر آ گئے کہ یہ میری بیوی کو اپنے پاس بلاتا ہے' کبھی کہتے وہ رات کو کسی مرد کے ساتھ میرے کمرے میں آ کر آواز دیتی ہے' مجھے دھمکاتی ہے تو اس کو مارنے کے لئے بندوق لے آئے لیکن ایسا کچھ بھی نہیں تھا سب جادو کے ذریعے پاگل کرنے کی سازش تھی۔ ہمارے گھر میں ہر وقت سناٹا چھایا رہتا' ہر وقت خوف رہتا کہ اب کہیں آ نہ جائے شروع میں تو عبقری آ کر بھی ٹھیک نہ ہوئے حالانکہ کئی کئی مہینے رہتے تھے پھر کچھ ماہ سے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کیا' یوں سال گزر گئے پھر کہیں جا کر جادو ختم ہوا ہم سب نے بھی بہت زیادہ یَاقَھَّارُ اور یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن کا وظیفہ کیا سورۃ بقرہ پڑھ کر تمام گھر میں پھونک مارتے پھر اللہ تعالیٰ نے اس طرح کامیاب کر کے اور دعاؤں کے ذریعے ہمیں سکون دیا اور مالی وسائل کی پریشانی کے لئے میرا بھائی اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا وظیفہ ہر روز ہر وقت پڑھتا ہے۔ بہت زیادہ انشاءاللہ فائدہ ہو رہا ہے۔ کوئی بھی پسند کی چیز خریدنا چاہتا ہے تو اللہ الصمد کا ورد زبان پر ہوتا ہے اور وہ مل جاتی ہے۔ امتحانات کے دنوں میں کتاب کھول کر بھی نہیں دیکھتا (اللہ الصمد) کے وظیفے سے کامیاب ہو جاتا ہے اچھے نمبروں سے۔ مجھے کہتا ہے کتنا کروں وظیفہ (اللہ الصمد) کا میں نے کہا زندگی کا معمول بنا لو۔ ہر وقت کھلا پڑھتے رہو جتنا زیادہ پرانا ہو گا۔ اتنی زیادہ تاثیر ملے گی اب اس کی زبان پر ہر وقت جاری رہتا ہے۔ بے شمار فوائد ہیں اس کے انسان حیران رہ جاتا ہے۔ اگر ہمارے گھر میں یا کسی کے گھر میں بھی لڑائی ہو جائے یا ہمارے گلی محلے وغیرہ میں کتنی ہی سخت لڑائی ہو ہم تیسرا کلمہ پڑھ کر پھونک مار دیتے ہیں۔ لڑائی فوراً ختم ہو جاتی ہے۔ میرے چاچو کا جب مقدمہ چلا اس کی بیوی نے طلاق کے لیے کیا تھا ان کی طرف زور بہت زیادہ تھا۔ میری دادی اماں نے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر کا بہت زیادہ وظیفہ یقین توجہ اور دھیان کے ساتھ کیا اللہ نے اپنے فضل سے مقدمہ میرے چاچا کے حق میں کر دیا اور وہ جو رقم بندھوانا چاہتے تھے بیٹی کے نام پر وہ بھی نہ بندھ سکی۔

3- آٹھ سالہ نچوڑ: سب سے زیادہ کامیاب وظیفہ جو میری زندگی کا آٹھ سال کا نچوڑ ہے سب سے زیادہ میرے لئے یقین اور فائدہ مند وظیفہ ہر مشکلات کا حل میرے لیے یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن اور اَللّٰہُ الصَّمَدُ بس اس کی کیا تفصیلات بتاؤں بہت ہی زیادہ کامیاب بے مثال وظیفہ ہے لیکن اب آپ نے مجھے دوسرا وظیفہ بتایا تھا اس لئے وہ کر رہی ہوں۔ یہ کم کر دیا ہے کبھی کبھی پڑھتی ہوں۔

عبقری تلبینہ
عورتوں بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن ڈیپریشن تھکان جسمانی کمزنا نگوں کا درد پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے
بچوں بڑوں بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا' ٹانک بھی' دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

## میرے آزمودہ خاندانی طبی ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو زندگی، صحت، تندرستی اور خوشیوں والی زندگی دے میں پہلی مرتبہ زندگی میں یہ ٹوٹکے بھیج رہی ہوں جو آزمودہ اور مجرب ہیں۔ (1) اگر شیر خوار بچے کو نمونیہ ہو جائے اور اس کی پسلیاں چلنے لگ جائیں۔ مثلاً ڈبل نمونیہ ہو جائے تو شہد والا موم لے کر ایک برتن میں ایک گھونٹ یا دو گھونٹ چائے ڈال کر گرم کرلیں اور اس میں گندم کے دانے کے برابر شہد والا موم لے کر چائے میں ڈال کر گرم کریں جب چائے پگھل کر مکس ہوجائے تو اتارلیں اور نیم گرم بچے کو چمچ کے ساتھ پلائیں اور دن میں دو مرتبہ کریں دو دن پلانے سے ان شاءاللہ آرام آجائے گا میرا آزمودہ ہے۔ (2) اگر تین ماہ سے زیادہ کا بھی بچہ ہو مثلاً 5 ماہ یا سال کا موسم سرما میں اکثر چھوٹے بچوں کو باوجود احتیاط کے ٹھنڈ لگ جاتی ہے تو اس کے لیے شہد ایک چمچ اور ایک انڈے کی زردی لے کر سفیدی الگ کرلیں۔ ان کو مکس کر کے دن میں دو دفعہ چٹائیں یا تین دفعہ چٹائیں مثلاً سارا ختم کریں اور یہ عمل رات کو کریں تاکہ بچے کو بستر کی اور ماں کی گرمائش میں زیادہ اثر کرے یہ بھی ٹوٹکہ آزمودہ ہے۔ میرے پانچ بچے ہیں میرے تین بچوں کو جب چھوٹے تھے ڈبل نمونیہ ہوا تھا تو میں نے یہ تینوں ٹوٹکے کیے تھے اور میرے بچے اللہ تعالیٰ کے حکم سے بالکل ٹھیک ہوگئے۔

(3) اگر چھوٹے بچوں کو نمونیہ ہوجائے اور کسی طرح بھی ٹھیک نہ ہورہا ہو چھوٹا بچہ زیادہ دوائیں تو نہیں کھا سکتا تو رات کو ایک پان کا پتا لے کر اس پر سیدھی طرف انڈے کی زردی کو لیپ کر کے بچے کی پسلیاں پر رکھ کر یعنی دو پتے لے کر انڈے کی زردی کو دونوں پتوں پر لیپ کر کے بچے کی دونوں پسلیوں پر رکھ کر اوپر بچے کو قمیص پہنا کر اوپر سے ماں کی قمیص اتروا کر جو اس نے پہنی ہے اُلٹی ہی ہو آگ پر تھوڑا گرم کر کے اس بچے کو باندھ دیں یعنی بچے کے بازو اوپر نکال کر نیچے سارے پیٹ اور پسلیوں پر باندھ دیں اور پھر بچے کو رضائی میں لے کر سو جائے اور صبح کو بچے کو جب دھوپ نکل آئے تو کمرے کے اندر ہی 9، 10 بجے یہ پٹی کھولنی ہے۔ انشاء اللہ ایک ہی دن میں آرام آجائے گا‘ ورنہ مزید ایک روز یہ عمل کریں۔ یہ بھی آزمودہ ہے۔

**گرمیوں میں نکلے پھوڑے پھنسیوں کا آزمودہ علاج:** ہماری دادی اللہ جنت نصیب کرے ہم چھوٹے چھوٹے تھے ہمیں اچھی طرح یاد ہے ہمیں گرمیوں میں پھوڑے پھنسیاں نکل آتے تھے جو بہت بڑی پھنسی ہوتی تھی وہ دیر سے پکتی ہے اور درد کرتی رہتی ہے تو دادی اماں اس پر پیاز کو درمیان سے کاٹ کر آدھا یعنی دو حصے کرلیتی تھیں پھر اس کی گول گول کٹوری سے جو ثابت نکل آئے اس کو چھوٹے چائے والے چمچ پر رکھ کر اس میں تھوڑا سا سرسوں کا تیل ڈال کر ہلکی آنچ پر گرم کرتی جب تیل میں ایک اُبال اٹھتا تھا تو چولہا بند کردیتی تھی۔ اور پھر اُتار کر اس کو پھنسی ہی پر الٹا کر کے رکھ دیتی تھی یعنی تھوڑا تھوڑا گرم ہو جتنا برداشت ہوسکے۔ اس کے اوپر پٹی باندھ دیتی تھی رات کو یہ باندھنا ہے۔ جب ہم صبح اٹھتے تھے تو پٹی ہماری ڈھیلی ہوئی پڑی ہوتی تھی اور پیاز کی کٹوری میں سارا ریشہ اور پیپ گند وغیرہ سارا نکلا ہوتا تھا یا پھر گرمائش کی وجہ سے نرم ہوا پڑا ہوتا تھا۔ اس کو آہستہ آہستہ دبا کر سارا ریشہ خون وغیرہ نکال دیتی تھیں یوں ہماری بڑی پھنسی سے ایک ہی دن میں جان چھوٹ جاتی تھی آپ بھی کر کے دیکھیں انشاء اللہ آپ کو ضرور فائدہ ہوگا۔ آزمودہ ہے فائدہ پائیں اور دعائیں دیجئے۔

**خشک کھانسی سے سکون:** سردیوں میں اکثر بڑوں کو یا بچوں کو بہت کھانسی ہوجاتی ہے کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ساری ساری رات کھانسی کی وجہ سے نیند نہیں آتی۔ خشک کھانسی کیلئے تو ہماری امی ہمارے منہ میں ملٹھی کا 2 انچ کا ٹکڑا رکھوادیتی تھی اور وہ ہم چوستے رہتے تھے ایک گھنٹہ کے بعد ہمیں کھانسی سے سکون مل جاتا تھا اور ہم سوجاتے تھے۔ میرا اپنا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ ہمیں اچھی طرح یاد ہے۔ آپ بھی کھانسی کو رفع کرنے کیلئے ملٹھی چوسیے اور سکون کی نیند سوئیں۔

**ملٹھی اور ہلیلہ سے فائدہ اٹھائیں:** اور اس کے علاوہ ہماری امی ہمیں چھوٹی ہلیلہ بھی چوسنے کیلئے دے دیتی تھیں وہ کڑوی ہوتی ہے اس کو بھی منہ میں رکھ کر آہستہ آہستہ چوسنے سے کھانسی ختم ہوجاتی ہے۔ اگر ایک دفعہ میں آرام نہ آئے تو دوسری دفعہ پھر کرلیں ملٹھی اور چھوٹی ہلیلہ سے فائدہ اٹھائیں اور مجھ دکھی کیلئے دعائیں کریں۔ (فہمیدہ گل‘ گوجرانوالہ)

## سورۂ تکویر کی پہلی چار آیات پڑھیں! رشتہ پکا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے وظائف نے اندھیرے میں روشنی کا کام کردیا ہے۔ آپ نے زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھا دیا ہے‘ عبادات کرنے میں لذت اور اپنا ہی مزہ ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! کچھ عرصہ پہلے میں نے اپنا مسئلہ جوابی لفافہ کے ساتھ لکھ کر دفتر ماہنامہ عبقری میں ارسال کیا تھا۔ میرا مسئلہ رشتے کا تھا‘ لاکھ کوشش کے باوجود بھی ہر بار کوئی نہ کوئی رکاوٹ آجاتی۔ مجھے کچھ عرصہ بعد ہی جواب موصول ہوا اور میں نے آپ کا بتایا وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور آپ کے بتائے وظیفہ سے میرا بہت اچھی جگہ رشتہ طے ہوگیا ہے۔ میں نے آپ کے بتائے وظیفہ پر مکمل بھروسہ کیا اور دل جمی سے سارا دن وظفیہ پڑھتی۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنی آیات کی برکت سے اور آپ کی دعاؤں سے میرے مسئلے کو حل کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے میری ایسی غیبی مدد فرمائی کہ اب تک حیران ہوں۔ آپ کا شکریہ ادا کرنے کیلئے میرے جیسی حقیر بندی کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ آپ نے مجھے سورۃ التکویر کی پہلی چار آیات پڑھنے کے لیے دی تھیں۔ سارا دن باوضو پاک حالت میں پڑھنی تھی۔ (آپ کی بہن)

## نبی کریم ﷺ نے خواب میں آکر وظیفہ بتادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چھوٹی بہن گزشتہ دنوں بہت سخت بیمار تھی‘ کسی دوائی سے بھی افاقہ نہ ہورہا تھا۔ مرض دن بدن بڑھتا جارہا تھا۔ اُس رات میں بہت زیادہ پریشان تھی اور اسی پریشانی کے عالم میں سوگئی‘ اور پھر میں سوئی قسمت جاگ اٹھی‘ خواب میں کیا دیکھتی ہوں کہ محبوب خدا حضور نبی کریم ﷺ ہمارے گھر میں تشریف فرما ہیں اور میرے والد سے گفتگو فرما رہے ہیں‘ میں بھی پاس ہی سر جھکائے کھڑی ہوں اسی دوران وجہ کائنات حضور نبی اکرم ﷺ میری جانب متوجہ ہوکر ارشاد فرماتے ہیں ”آمنہ (میری چھوٹی بہن جو کہ بیمار تھی) بیمار ہے۔ میں عرض کرتی ہوں جی آمنہ بہت بیمار ہے۔ فرماتے ہیں ”سات مرتبہ درود ابراہیمی اور ۷۰ مرتبہ یَاوَهَّابُ پڑھ کر اس پر دم کرو“ اسی کے ساتھ میری آنکھ کھل گئی اور پھر میں نے ایسا ہی کیا اور اپنی بہن پر پھونک دیا بفضل اللہ وہ مرض اسی وقت ختم ہوگیا‘ اسکے بعد ہمارے گھر میں کسی کو بھی کوئی تکلیف ہوتی ہے وہ یہی وظیفہ کرتے ہیں اور اللہ کے فضل سے ٹھیک بھی ہوجاتے ہیں۔ (رقیہ عبدالحمید، راولپنڈی)

شوگر کورس بے شمار کا آزمودہ! شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفکیٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

https://www.urdutubes.com/

# لوبیا کی پھلی جسم کو لوہے کی طرح مضبوط بنائے!

میمونہ ثاقب، ساہیوال

**مختلف مردانہ و زنانہ عوارض میں لوبیے کی پھلیاں اکسیر کا درجہ رکھتی ہیں۔ ان کا استعمال بدن کو مضبوط بناتا ہے چونکہ اس میں گوشت سے زیادہ طاقت بخشی کا سامان ہوتا ہے اس لیے کمزور اور ناتواں افراد کے لیے اس کا استعمال بہت مفید رہتا ہے۔**

لوبیا کو پنجاب میں روانہ بھی کہتے ہیں بلکہ بیشتر علاقوں میں یہ اسی نام سے مشہور ہے۔ یہ ایک غذائیت بخش اور صحت پرور پھلی ہے۔ اس کی پھلیوں میں حیاتین الف جیسے بدن پرور غذائی اجزا خاص مقدار میں پائے جاتے ہیں اس کے علاوہ اس میں گوشت بنانے والے اجزا بھی شامل ہوتے ہیں۔ جب لوبیا کی پھلیاں کچی ہوتی ہیں تو انہیں سبزی کے طور پر پکایا جاتا ہے یا گوشت اور قیمہ کے ساتھ بھی پکائی جاتی ہیں جب دانے پک جاتے ہیں تو ان کے دانوں کو دال کی طرح محفوظ کر کے پکاتے ہیں۔ اس کی غذائیت اور صحت پروری سے متعلق ایک مثال سے بخوبی اندازہ لگا جا سکتا ہے کہ اس میں بھیڑ اور بکری کے گوشت سے بھی زیادہ حرارے پائے جاتے ہیں۔ بکری یا بھیڑ کے گوشت میں پروٹین کی اوسط مقدار 17 یا 18 فیصد ہوتی ہے جب کہ لوبیا کی پھلی میں ان پروٹینز کی مقدار کم از کم 22 فیصد ہوتی ہے۔ یہ ایک ارزاں سبزی ہے۔ اس کی پھلیوں سے نکلنے والے سفید سیاہ نقطے والے دانے رواں کے نام سے فروخت ہوتے ہیں مگر ان کی نسبت اس کی تازہ سبز رنگ کی پھلیاں زیادہ بدن پرور، غذائیت بخش اور کئی عوارض میں بہت زیادہ مفید ہیں۔

طبی نقطہ نظر سے مختلف مردانہ و زنانہ عوارض میں لوبیے کی پھلیاں اکسیر کا درجہ رکھتی ہیں۔ ان کا استعمال بدن کو مضبوط بناتا ہے چونکہ اس میں گوشت سے زیادہ طاقت بخشی کا سامان ہوتا ہے اس لیے کمزور و ناتواں افراد کے لیے اس کا استعمال بہت مفید رہتا ہے۔ حیض میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے پھلیوں کا دال سمیت جوشاندہ بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ رضاعی خواتین کیلئے ان کا استعمال بھی بہت فائدہ دیتا ہے اس کے استعمال سے دودھ بڑھ جاتا ہے اور بچہ آسانی سے سیراب ہو جاتا ہے۔ دردِزہ کے آغاز میں اگر خاتون کو لوبیے کا شوربہ یا اس کے پتوں کا جوشاندہ پلایا جائے تو بچے کی پیدائش جلد ممکن ہو جاتی ہے اور زچہ کو تکلیف بھی کم سہنا پڑتی ہے اور گردہ کے درد میں بھی لوبیے کے پتوں کا ساگ بہت مفید ہے۔ یہ پتھری کو خارج کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے لوبیے کی سبزی میں ادرک یا سونٹھ ڈالنے سے اس کے شفائی اثرات میں حیرت انگیز اضافہ ہو جاتا ہے بلکہ اس تدبیر سے اس کی حیثیت دوا کی سی ہو جاتی ہے۔

لوبیا کی دال بادی ہوتی ہے گیس بھی پیدا کرتی ہے اس لیے اسے استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ اگر اس کے سالن میں لیموں نچوڑ لیا جائے تو ایک تو اس کا ذائقہ بڑھ جاتا ہے اور اس کے بادی اثرات بھی ایک حد تک زائل ہو جاتے ہیں۔ اس کا جوشاندہ چہرے کی رنگت نکھارنے اور ورموں کو تحلیل کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔

## سنہری زندگی کیلئے سنہری باتیں

☆ کچھ باتیں لوگ بہت جلدی بھول جاتے ہیں، ان میں سے ایک ان کی ملاقات ہے۔ ☆ جنت کے منتظر نہ رہو بلکہ اپنے اعمال ایسے بناؤ کہ جنت بھی تمہاری منتظر ہو جائے۔ ☆ رابطے اتنے ہی رکھو جتنے تکلیف نہ دیں۔ ☆ جب تم جان جاؤ کہ اللہ تمہارے ساتھ ہے تو پھر اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کون تمہارے خلاف ہے۔ ☆ جو شخص نصیحت مان لے وہ بعض اوقات نصیحت کرنے والے سے بھی بڑا ہوتا ہے۔ ☆ وہ شخص کامیاب نہیں ہو پاتا جس میں ناکامی کا خوف کامیابی کی چاہت سے زیادہ ہو۔ ☆ اچھا آدمی کبھی نہیں مرتا وہ دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔ ☆ زندگی تب ''بہتر'' ہوتی ہے جب آپ خوش ہوتے ہیں لیکن زندگی تب ''بہترین'' ہوتی ہے جب آپ کی وجہ سے کوئی دوسر خوش ہوتا ہے۔ ☆ بات میں وزن پیدا کرنے کیلئے آواز کا اونچا ہونا ضروری نہیں بلکہ بات کا سچا ہونا ضروری ہے۔

(رانا محمد اصغر، واں بھچراں)

# کامیاب نہیں ہو سکتا!

شاہد رفیق، راولپنڈی

قارئین! جتنا بھی آپ دوسروں کے سہارے پر زندہ رہنا کم کرتے جائیں گے اور اپنی عقل و فراست پر بھروسہ کریں گے اتنا ہی آپ مسائل کا زیادہ کامیابی سے حل معلوم کرتے جائیں گے اور اپنی راہیں آپ ہموار کرنے کے قابل ہوتے جائیں گے رفتہ رفتہ آپ کو یقین ہو جائے گا کہ آپ میں وہ تمام صلاحیتیں موجود ہیں جو نامساعد حالات کے رخنوں کو شکست دے کر بہتر اور حسب منشاء نتائج پیش کرتی ہیں آپ کے ذہن میں وسعت اور عملی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ تمام قنوطی خیالات کو ایک لمحہ کیلئے بھی اپنے پر حاوی نہ ہونے دیجئے اپنی صلاحیتوں کو جانئے اپنے ماحول کو سمجھئے اپنی خواہشات اور ممکنات کا اندازہ لگایئے اور ان لوگوں سے ملتے رہیے جو آپ کو منزل مقصود تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں، زندگی میں کوئی بھی ایسی بات نہیں جو پوری نہ ہو سکتی ہو اور آپ کی پہنچ کے باہر ہو لیکن اس کے ساتھ شرط یہ ہے کہ آپ صحیح راہ تلاش کریں اور اپنے آپ کو یہ کامل یقین دلاتے رہیں کہ آپ ضرور کامیاب ہوں گے ناکامیوں سے تھک ہار کر راہ ہی میں نہ بیٹھے رہیں اگر آپ کی خواہش میں خلوص اور دلی لگاؤ ہوگا تو یہ خلوص اور لگاؤ ہی اس خواہش کو اپنانے اور پورا کرنے کا بین ثبوت ہے اگر آپ یہ کہتے رہے ''میں کامیاب نہیں ہو سکتا یہ کام میری طاقت سے باہر ہے'' تو یقین کیجئے کہ آپ کی کامیابی کی راہ میں آپ کی بزدلی اور شکست خوردگی ہی حائل ہو گیا اور جب آپ یہ کہیں گے ''میں کامیاب ہو سکتا ہوں اور کامیاب ہوں گا'' تو آپ کامیاب ہونے کی آدھے سے زیادہ دشواریوں پر حاوی ہو جاتے ہیں اگر آپ کے اس یقین اور اعتماد میں شک و شبہ نہ پیدا ہوا تو آپ ایک نہ ایک دن ضرور کامیاب ہوں گے۔ خود غرض لوگوں اور حالات اور ماحول سے دور رہئے جو اپنی شکست سے آپ کی ہمت پست کرتے ہیں اپنے ماضی کی ناکامیوں اور غلطیوں پر کف افسوس ملتے بیٹھے نہ رہئے ورنہ مستقبل کا یہ خوف آپ کی جدوجہد میں حائل آئے گا۔ آپ اپنی صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد سے مشکل سے مشکل کام سہل ہو جاتے ہیں۔ یاد رکھیے! ہر انسان میں اللہ تعالیٰ نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے اب کامیاب انسان وہ ہے جو اپنی صلاحیت پر اعتماد کرتے ہوئے خوب استعمال کرے۔


دردی ہربل بام

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں [redacted]

[redacted]

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# سونفل کی منت مانتی ہوں مسئلہ حل ہو جاتا ہے

کنیز فاطمہ، لاہور

بچے کی عمر تقریباً ایک سال تھی' میں نے اسے کہا کہ فوراً اسپغول کا چھلکا منگواؤ۔ آدھا چمچ چھلکا تھوڑی سی چینی کے ساتھ مکس کر کے بچوں کو کھلادو' اوپر سے پانی پلادو اور آدھا گھنٹہ انتظار کرلو' اگر ٹھیک نہ ہو تو ڈاکٹر کے پاس لے جانا

## سونفل کی منت مانتی ہوں مسئلہ حل ہو جاتا ہے

زندگی میں کوئی بھی مشکل پیش آئے شروع سے میری یہ عادت رہی ہے کہ سونفل پڑھنے کی منت مان لیتی ہوں اور یہ نیت کرتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ تو مُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ ہے میری یہ مشکل آسان کردے۔ شکرانے کے طور پر میں سونفل ادا کردوں اور کام ہونے سے پہلے ہی نفل پڑھنے شروع کردیتی ہوں۔ عام طور پر ہر مغرب کی نماز کے بعد دس نفل پڑھ لیتی ہوں۔ میری مشکلات آسان ہوجاتی ہیں اور میں سو نفل شکرانے کے پورے کرلیتی ہوں۔ آزمودہ عمل ہے

**اسپغول کے چھلکے کے فوائد:** محترم حضرت حکیم صاحب! اللہ تعالیٰ نے دنیا میں انسان کے فائدے کے لیے بے شمار چیزیں پیدا کی ہیں ان میں سے اسپغول کا چھلکا بھی ایک نعمت ہے۔ ایک دفعہ میرے پاس ایک ٹیچر چھٹی لینے کے لیے آئی کہ میرا بیٹا شدید بیمار ہے اسے لوز موشن لگے ہوئے ہیں میں نے اسے ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا ہے۔ میں نے اسے کہا کہ بیٹا کہاں ہے؟ اس نے کہا میں اسے اپنے ساتھ سکول لے کر آئی ہوں بچے کی عمر تقریباً ایک سال تھی' میں نے اسے کہا کہ فوراً اسپغول کا چھلکا منگواؤ۔ آدھا چمچ چھلکا تھوڑی سی چینی کے ساتھ مکس کر کے بچے کو کھلادو' اوپر سے پانی پلادو اور آدھا گھنٹہ انتظار کرلو' اگر ٹھیک نہ ہو تو ڈاکٹر کے پاس لے جانا' میں چھٹی دے دوں گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دوبارہ بچے کو لوز موشن کی شکایت نہ ہوئی اور ٹیچر نے اس ٹوٹکے کو خود بھی اپنایا اور بہت سے لوگوں کو بھی اس سے فیض یاب کیا۔ پیٹ میں شدید درد کے ساتھ مروڑ اٹھ رہے ہوں تو بھی اسپغول کا چھلکا کھانے سے آرام ملتا ہے۔ **انڈے کی سفیدی:** اگر کسی کے معدے میں شدید درد ہو تو اس کو چاہیے کہ انڈا توڑ کر اس کی زردی اور سفیدی الگ الگ کرلے' سفیدی کو دیسی گھی میں توے پر ڈال کر فرائی کرے اور اس پر نمک اور کالی مرچ (حسب ضرورت) چھڑک کر چمچ سے کھائیے۔ شروع میں بسم اللہ اور آخر میں الحمدللہ ضرور پڑھے۔ معدے کے درد کو چند منٹوں کے بعد تسکین مل جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

**کھانسی اور گلے میں خراش کا علاج:** اگر کسی کو شدید کھانسی ہو اور گلے میں بھی درد ہو تو رات کو سوتے وقت ادرک کا رس نکال کر ہموزن شہد میں مکس کریں۔ تقریباً ایک چمچ شہد اور ایک چمچ ادرک کا رس مکس کرلیں اور مریض کو پلادیں۔ پینے کے بعد مریض کلی نہ کرے ویسے ہی سو جائے۔ تین راتیں مسلسل یہ ٹوٹکہ استعمال کریں۔

### ہوائی چیزوں کا حصار ٹوٹا اور اہلیہ ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا کرے آپ کی نسلوں اور تسبیح خانہ کو تاقیامت آباد رکھے۔ میرا 2011ء کو ماموں زاد سے نکاح ہوا۔ شادی کا ایک سال خوشی کے ساتھ گزرا لیکن سال کے بعد بیوی کو جنات کی شکایت ہوگئی' عاملوں نے کہا کہ شادی کے ڈیڑھ سال پہلے جادو ٹونہ کیا گیا ہے۔ رمضان المبارک کا مہینہ تھا کہ اہلیہ کو جنات نے تنگ کرنا شروع کردیا ایک عامل سے تعویذ لینے شروع کردیئے اس کے تعویذ جو کہ گلے میں ڈالنے ہوتے تھے۔ اس کے بقول کچھ پرہیز کرنے تھے جو نہ ہوئے جس کی وجہ سے تعویذ کا اثر زائل ہوگیا۔ اس طرح سے عامل نے مریض کا علاج کرنیکی غرض سے صدقے کے لیے ہر دو ماہ بعد دو بکرے لیے جن کے خون سے تعویذ لکھنے ہوتے تھے الغرض جب بھی میری اہلیہ کو ڈیٹ آتی تو انہی جنات کی طرف سے جھٹکے لگنا شروع ہوجاتے' عامل نے گھر کے چاروں کونوں میں حفاظتی کڑے کے لیے تعویذ بھی دفن کروائے پھر بھی کوئی افاقہ نہ ہوسکا' آخر میں نے اپنے ایک دوست جو کہ دورہ حدیث کا طالب علم تھا اس کے ذریعے ان کے استاد سے علاج شروع کروایا انہوں نے گھر کے کمروں میں تہدیدی نامہ مبارک لگانے کے لیے دیئے اور پڑھنے کے لیے بھی عمل دیا جسے ہم دونوں نے ہر نماز کے بعد گیارہ بار اوّل و آخر درود شریف پڑھنا تھا یہ عمل ہم نے دو ماہ باقاعدگی سے کیا' اس عمل کی برکت سے ان ہوائی چیزوں کا حصار ٹوٹ گیا اور میری اہلیہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ (افتخار احمد، لودھراں)

# اصل صوفی تو یہ ہے!

**ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔**

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اس باب میں مزید فرماتے ہیں جس کا خلاص یہ ہے کہ:۔ کتابوں میں بعض صوفیا کرام رحمہم اللہ کی زندگی میں کچھ خلاف شریعت چیزیں نظر آتی ہیں جوان پر حال کی ایک کیفیت ہوتی ہے جس میں انسان اپنے وجود و شعور باہر ہوتا ہے جس کو مجذوب کہتے ہیں۔ اس وقت وہ اپنے حال سے باہر ہوتا ہے مگر وہی لوگ ہیں جب کیفیتِ حال سے نکلتے ہیں تو دن رات شریعت کو اپنے سینے سے لگائے رکھتے ہیں اور اللہ کے ہر حکم کی اتباع کرتے ہیں جس صوفی کو دیکھو گے کامل صوفی ہے۔

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: صوفی کی زندگی میں شریعت کو دیکھو۔ حتیٰ کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب کشف المحجوب میں واضح فرما رہے ہیں کہ بعض اہل اللہ نے دیکھا کہ ہمارے مریدین صوفیانہ لباس سے اپنے اپ کو کچھ سمجھنے لگے تو انہوں نے فوراً کہا کہ فاخرہ لباس پہنو، اچھے سے اچھا لباس پہنو تا کہ تمہارے اندر سے یہ بات نکل جائے، یہ لباس اتار دو۔ صوفی وہ ہوتا ہے جو اپنے من کو صاف رکھنے کی بھرپور کوشش کرے۔ صوفی وہ ہوتا ہے جس کے اندر صفات الٰہی آجائیں۔ صوفی وہ ہوتا ہے جس کے اندر صفات مصطفائی ﷺ آجائیں۔ اللہ اور اس کے رسول نبی کریم ﷺ کی ناپسندیدہ چیز: اپنی زندگی کو اگر صوفیاء کرام رحمہم اللہ کی زندگی پہ ڈھالنا ہے تو یہ دیکھیں! کہ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو صوفی کہہ رہا ہے اور اسکی زندگی میں ایسی چیزیں ہیں جو حضور ﷺ کے دور میں نہیں تھیں، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور میں نہیں تھیں، اہل بیت، اولیاء کرام رحمہم اللہ، صالحین کو خوابوں میں بھی وہ نظر نہ آئیں جن کو یہ دین کہتا ہے تو سمجھ لو وہ میرے اللہ اور رسول ﷺ کی ناپسندیدہ چیز بدعت ہے۔ (جاری ہے)

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج

معدہ کا مسئلہ بلڈ پریشر جگر گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

قیمت 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

Digitized by Google

# سود اور قرض تلے دبے تھے کرشمہ ہوا اور سب ٹھیک

**میرے خاوند نے ان کو زیور واپس کر دیا وہ بہت حیران ہو گئے‘ اس کے ایک ماہ بعد دوسرے بینک کو بھی پیسے واپس کر دیئے اور باقی زیور بھی بینک سے چھڑا کر اصل مالک کو دے دیا‘ حضرت جی لہٰذا پورا خاندان بہت حیران کہ ان کی جان کیسے چھوٹ گئی**

ہم بہت مشکلات میں پھنسے ہوئے تھے ہم نے بینک میں زیور رکھ کر سود پر قرضہ لیا ہوا تھا جو سود در سود چڑھتا گیا میرے خاوند سکول ٹیچر ہیں‘ میرے سسر کی پنشن میری ساس کو ملتی ہے جس سے گھر چل سکتا ہے لیکن پریشانیوں کے عالم میں جو قرض سود پر لیا وہ زیور بھی ہمارا نہیں تھا‘ دوسروں سے ادھار لیا ہوا تھا‘ دن بدن مشکلات بڑھ رہی تھیں‘ سوچ سوچ کر سر چکرا جاتا تھا میری ساس بھی بیمار‘ میں خود‘ میرا خاوند اور بچے گھر کا ہر فرد بیماریوں کا شکار‘ ہر دن کسی نہ کسی کو ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا ہوتا‘ جن سے زیور اُدھار لیا ہوا تھا جب وہ مانگتے ان کو جھوٹی تسلیاں دے کر مطمئن کر دیتے اور جان چھڑاتے ہم پورے خاندان میں ذلیل و خوار ہو گئے۔ سب اپنے ایک ایک کر کے ہمارا ساتھ چھوڑتے جا رہے تھے میرا تعلق کھاتے پیتے گھرانے سے ہے‘ میرے شوہر کے والدین بھی غریب نہ تھے لیکن حالات کچھ ایسے بدلے کہ ہم کچھ سمجھ نہ پائے اور دن بدن بدحالی ہو گئی اور بیماریوں نے ہمارے گھر میں ڈیرے ڈال لیے‘ بچے بھی پریشان اور مجھ سے سوال کرتے کہ کب ہمارا قرض اترے گا اور ہمارے حالات بہتر ہونگے لیکن ہمارے پاس ان کے سوالوں کا جواب نہ ہوتا کیونکہ ہم ان کی ابتدائی ضروریات پوری نہ کر پا رہے تھے۔ اللہ کریم آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے‘ آپ کی نسلوں کے لئے برکت و عافیت فرمائے جو آپ نے ماہنامہ عبقری شائع کرنا شروع کیا اللہ تعالیٰ عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے اور اس کار خیر کو سدا جاری رکھے اور لوگوں کے مسائل کے حل کا ذریعہ بنتا رہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر اور نسلوں کو برکت عطا فرمائے اور عبقری کے لئے آپ کے ساتھیوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

کچھ مہینوں سے عبقری پڑھتے ہیں عبقری کا انتظار بھی ہوتا ہے لیکن پریشان رہتے تھے۔ ایک دن میں بہت بیمار تھی اور اپنے میاں کے ساتھ عبقری سیل آفس گجرات شہد لینے گئی‘ میں باہر کھڑی تھی اور میرے خاوند اندر شہد لینے گئے تو ایجنسی والے بھائی کے والد صاحب باہر نکلے میں رو رہی تھی وہ مجھے کہنے لگے اندر جاؤ اور بھائی کو بتاؤ کیا مسئلہ ہے اگر بیمار ہو‘ عبقری کی ادویات بہت اچھی ہیں۔ دوائی لے لو تم ٹھیک ہو جاؤ گی‘ میں بے دلی سے اندر گئی کہ ایک بزرگ کہہ رہے ہیں تو بات مان لوں میں اندر جا کر بیٹھ گئی انہوں نے بہت اکرام کیا اور تسلی دی‘ پوچھا کہ کیا بات ہے؟ میرے میاں نے ان کو ساری بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ آپ پریشان نہ ہوں شیخ الوظائف کی دعاؤں کی برکت سے اللہ تعالیٰ کا کرم ہو جائے گا اور ہمیں آپ کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ وہ ہمیں آپ کے بارے بتاتے رہے ہمارے اندر آپ سے ملاقات کا شوق بڑھتا گیا پھر ہمیں تسبیح خانہ کے بارے بتایا میرا دل کرے کہ ابھی تسبیح خانہ لاہور پہنچ جاؤ۔ اس بھائی نے ہمیں ’’الحسبتم اور اذان کے کرشمات‘‘ کی کتاب دی اور وظیفہ پڑھنے کا طریقہ سمجھایا اور کہا کہ یہ عمل شروع کر دیں اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگیں‘ آپ کا مسئلہ ضرور ضرور حل ہو جائے گا۔ اب مجھے ایسا لگ رہا تھا کہ کوئی کرشمہ ہوگا اور ہمارے حالات بدل جائیں گے۔ ہم یہ وظیفہ اور اذان کے کرشمات لے کر چلے گئے اور عمل شروع کر دیا۔ جب ہم نے ابھی چند دن یہ وظیفہ کیا حالات اور زیادہ خراب ہو گئے میری ساس جو عرصے سے بیمار ہیں ان کی طبیعت اور زیادہ خراب ہو گئی اور ان کے اندر چیزیں بولتی اور ہمیں گالیاں دیتی ویسے عام حالات میں بہت نرم مزاج ہیں کبھی کچھ نہیں کہتیں لیکن جب چیزیں حاضر ہوں تو وہ بہت بوڑھی ہیں لیکن سنبھالی نہیں جاتیں۔ ہم نے مسلسل عمل جاری رکھا ہمارے حالات بہتر ہونا شروع ہو گئے گھر میں سے بیماری کم ہو گئی‘ ہمیں کوئی رشتہ دار اچھا نہیں سمجھتا تھا اگر کسی سے اُدھار پیسے مانگتے کہ بینک کو دے کر زیور چھڑا لیں تا کہ سود نہ پڑے تو کوئی اعتبار نہ کرتا تقریباً ایک ماہ وظیفہ پڑھا خوب دعا مانگی کہ اللہ کوئی رستہ نکال دے ہماری جان چھوٹ جائے آئندہ اس سودی نظام سے توبہ کی۔

ہمارے ایک عزیز کو ہم نے ادھار پیسے دینے کو کہا ہوا تھا میرے خاوند نے کہا کہ اس سے معلوم کرتا ہوں کچھ ترتیب ہو جائے تو ایک بینک کو پیسے واپس کر کے جس کا زیور ہے اس کو واپس کر دیں تا کہ کم از کم ایک طرف سے تو جان چھوٹے جب بھی زیور والا ملتا ہے بے عزتی کرتا ہے۔ ہم وظیفہ کرتے رہے جب اس سے پیسے مانگے اس نے جتنے دینے کا وعدہ کیا ہوا تھا اس سے زیادہ پیسے دیئے لیکن میرے خاوند نے صرف اتنے لیے جن کی ضرورت تھی اور بینک والوں کو دے کر زیور واپس لے لیا جب ہم اس کو زیور واپس کرنے کے لیے اس کے گھر گئے جس رشتہ دار سے زیور ادھا لیا ہوا تھا اس نے کہا کہ میں آپکے گھر آنے والا تھا اچھا ہوا آپ آ گئے وہ ہماری شادیاں آ رہی ہیں ہمیں زیور واپس کر دیں۔

میرے خاوند نے ان کو زیور واپس کر دیا وہ بہت حیران ہو گئے اس کے ایک ماہ بعد دوسرے بینک کو بھی پیسے واپس کر دیئے اور باقی زیور بھی بینک سے چھوڑا کر اصل مالک کو دے دیا حضرت جی لہٰذا پورا خاندان بہت حیران کہ ان کی جان کیسے چھوٹ گئی حضرت آپکی دعا اور آپکے اس عمل کی برکت سے اللہ نے ہماری مدد کی ہے اور ہم سود سے بچ گئے ہیں اب صرف ہمارے اوپر ادھار کی وہ رقم ہے جس کا کسی بینک سے کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی ہمیں کوئی سود ادا کرنا ہوتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے اب میری ساس بھی بالکل ٹھیک ہیں۔ حضرت اس ایجنسی والے بھائی کے پاس آتے ہیں وہ ہمیں آپکی باتیں سناتے ہیں۔ ان سے آپکی باتیں سن کر بہت سکون ملتا ہے۔ ہمارے حالات پہلے سے بہت بدل گئے ہیں جو ہر وقت پریشانی اور کوفت تھی اس عمل کی برکت سے ختم ہو گئی ہے۔ جہاں ہماری بیماریاں اور پریشانیاں ختم ہوئی ہیں اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ ہمارا تعلق تسبیح خانہ سے جڑ گیا ہے آپ ہمیں مل گئے ہیں ہم درس سنتے ہیں اور تسبیح خانہ بھی درس سننے جاتے ہیں۔ ہمارا الحسبتم اور اذان والا عمل جاری ہے۔ اللہ آپ کو اور گجرات ایجنسی والے بھائی کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (آمین) (م۔ش، گجرات)

## فاقے ختم‘ دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ’’ان کی مشکلات‘ فاقے‘ بے روزگاری‘ بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا‘ دولت مند ہوا‘‘ شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی و زیادتی‘ بوجھ پڑنا‘ کمر میں درد‘ کولہے میں درد اور کھچاؤ‘ اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
600

Digitized by Google

https://www.urdutubes.com/

# کٹر مذہبی ہونا قبول اسلام میں رکاوٹ نہیں

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ان کی کتاب ”نسیم ہدایت کے جھونکے“ پڑھنے کے قابل ہے

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

مولانا خلیق صاحب کا فون آیا کہ ایک صاحب جو کیرالہ کے رہنے والے ہیں‘ ممبئی میں فنانس منسٹری میں بڑے افسر ہیں اور بیس سال سے یہیں مقیم ہیں‘ الحمدللہ ابھی فیلڈ ورک کے دوران ان سے ملاقات ہوئی اور انہوں نے کلمہ پڑھ لیا ہے اور وہیں بیچ (سمندر کے کنارے) سے ہمارے ساتھ خود قبرستان کی مسجد میں آگئے ہیں آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں؟ اس حقیر نے ان سے بات کی‘ وہ اسلام قبول کرنے پر بڑی خوشی کا اظہار کررہے تھے بولے کہ آج کا دن میری زندگی کا بہت مبارک دن ہے کہ مالک نے مجھے اندھکار سے نکالا اور سچ تک پہنچایا‘ اس حقیر نے ان کو مبارکباد دی اور اور اسلام کا مطالعہ کرنے کیلئے کہا‘ اور دین سیکھنے کے لیے کچھ وقت نکال کر اول فرصت میں جماعت میں وقت لگانے کا مشورہ دیا، انہوں نے وعدہ کرلیا، اس حقیر نے ان کے خاندان کی تفصیل جاننی چاہی تو انہوں نے بتایا کہ میرا ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے بیٹا ہوم منسٹری میں کسی اعلیٰ عہدہ پر ہے اور بیٹی کسی کالج کی پرنسپل ہے اور اہلیہ کے بارے میں بتایا کہ وہ بھی ایک کمپنی میں منیجر ہے، مولانا خلیق کی خواہش پر اس حقیر نے کلمہ کی تجدید کرائی اور حسب معمول ان کو صرف خاندانی مسلمان بنکر اسلام پر جمے رہنے کے بجائے دعوت پر لگانے کے لیے ان سے عرض کیا کہ اگر آپ اس یقین کے ساتھ اسلام لائے ہیں کہ ایمان کے بغیر نجات نہیں اور ہمیشہ کی دوزخ ہے تو یہ ایمان اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول ہے میرا بھی اور آپ کا بھی اور جب اس یقین کا نام ایمان ہے کہ ایمان کے بغیر ہمیشہ کا دردناک عذاب اور جہنم ہے تو وہ بیوی، جو پورا خاندان ماں باپ بھائی بہن سب کو چھوڑ کر صرف آپ کے لیے آپ کے دکھ سکھ میں ساتھ دینے اور جیون ساتھی بننے کے لیے آگئی ہے وہ نرگ میں جائے اور وہ بیٹا بیٹی جس سے آپ اپنی جان سے زیادہ محبت کرتے ہیں وہ دوزخ میں جلیں اور آپ جنت میں جائیں تو یہ کیسا ایمان و اسلام ہوگا؟ یہ بات مسلمان تو دور کی بات ہے انسانیت کے بھی ضد ہے اس کے علاوہ بھائی بہن خالہ چچا جو بھی عزیز ہیں اب ان پر کام کرنا ہے۔اس حقیر نے مشورہ دیا کہ ہمارے رفیق اور داعی مولانا خلیق کو گھر لے جا کر کل اتوار کا دن ہے چھٹی بھی ہے گھر پر اہلیہ صاحبہ اور بیٹا بیٹی سے کم از کم ضرور ملوائیں وہ ایک دم گم سے ہوگئے‘ کئی بار ہیلو ہیلو کرنے کے بعد بولے‘ نہیں صاحب میں ان لوگوں سے تو ذکر بھی نہیں کرسکتا وہ تو بہت کٹر دھارمک ہیں وہ تو مجھے بھی اسلام قبول کرنے نہیں دیں گے میں نے بہت خوشامد کی مگر وہ نہیں مانے بہت اصرار کے بعد میں نے ان سے عرض کیا: اچھا یہ بتائیے کہ صبح کو مارننگ واک کے لیے وہ لوگ جاتے ہیں؟ وہ بولے ہم سب لوگ ساتھ میں صبح کو سمندر کے کنارے پابندی سے مارننگ واک کیلئے جاتے ہیں‘ اس حقیر نے ان کو آمادہ کیا کہ ان کو کل مولانا خلیق صاحب سے ملوادیں اگر بات ہوگئی تو بہت بہتر ہے ورنہ مولانا ان سے ملیں گے تو ان کیلئے دعا تو کریں گے وہ اس پر راضی ہوگئے‘ اگلی صبح نو بجے مولانا خلیق صاحب نے پھر فون کیا کہ الحمدللہ ان کے خاندان کے تینوں افراد نے کلمہ پڑھ لیا ہے۔ان تینوں کے کلمہ کی تجدید بھی اس حقیر نے کروائی‘ میں نے ان صاحب سے جن کا نام اب عبداللہ ہے‘ عرض کیا: آپ کہہ رہے تھے کہ میرے گھر والوں سے تو ذکر بھی نہیں کیا جاسکتا ہے وہ بہت کٹر دھارمک ہیں وہ بولے واقعی میں بہت غلط فہمی میں تھا میں نے تو بہت سوال جواب کے بعد ایک گھنٹہ میں کلمہ پڑھا تھا میری بیوی اور بچوں نے تو 25 منٹ بات سن کر کلمہ پڑھ لیا‘ میں نے کہا انسان اگر مذہبی دھارمک ہوتا ہے تو وہ اپنے خدا کو راضی کرنے کے لیے دھارمک ہوتا ہے‘ اگر آپ اس کو یہ سمجھا دیں اور مطمئن کردیں کہ اسلام کے علاوہ جو بھی پوجا پاٹ کرتے ہیں وہ خدا کو راضی کرنے والی نہیں ہے بلکہ اس کو ناراض کرنے والی ہے تو انسان اسی تیزی اور سختی کے ساتھ اسلام کو ماننے اور فالو کرنے لگتا ہے جس سختی اور مضبوطی کے ساتھ وہ پہلے جاہلیت میں اپنے مذہب پر کاربند ہوتا ہے‘ شیطان ہدایت سے روکنے اور داعیوں کو دعوت سے روکنے کے لیے کسی کے مذہب اور دین پر مضبوطی کو کٹر تا اور سختی بتا کر ہدایت اور دعوت سے روکتا ہے اس لیے دعوت کا ٹوٹا پھوٹا کام کرنے والے مسلمان تو کسی دھارمک آدمی کو کٹر مان کر بچتے ہی ہیں وہ نیا مسلمان جو خود اسی کٹر دھارمک خاندان کا فرد ہے وہ بھی اپنے اہل خانہ کو دعوت دینے کے بجائے ان سے بات کرنے سے ڈرتا ہے حالانکہ مذہب سے مضبوط رشتہ قبول اسلام سے رکاوٹ نہیں بلکہ قبول حق کی ایک صلاحیت کا نام ہے۔کاش ہم یہ نکتہ سمجھیں!!


# جیون ساتھی کے دل پر چھائے رہنے کے گر

**عبقری پبلی کیشنز کی لاجواب کاوش! آج ہی اپنی کاپی بک کروائیں اور اپنے گھریلو جھگڑوں ازدواجی اور نفسیاتی مسائل سے چھٹکارا پائیں۔اس کتاب میں کیا کچھ‘ چند اعمال اور چند مضامین کی صرف ہیڈنگز ملاحظہ کیجئے!**

**شب عروسی کا عمل:** شادی کی پہلی رات بیوی سے خلوت کرنے سے پہلے دو رکعت نفل شکرانہ پڑھنے کے بعد یَاجَلِیْلُ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دلہن کو کھلا دیں‘ انشاءاللہ ساری زندگی محبت سے گزرے گی۔

**ناتفاقی دور:** اگر میاں بیوی میں ناتفاقی رہتی ہو اور دونوں چاہیں کہ صلح صفائی ہوجائے تو اسم یَاحَکِیْمُ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے دونوں ایک دوسرے کو کھلائیں۔ انشاء اللہ اتفاق ہوجائے گا۔**میاں بیوی میں الفت کیلئے:** اگر میاں بیوی میں باہم اختلاف ہو تو سورۂ مزمل اکیس بار پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلا دیں انشاء اللہ دونوں میں باہم الفت پیدا ہوجائے گی۔**خاوند کا ناجائز غصہ ختم کرنے کیلئے:** جب بھی عورت اپنے شوہر کو پانی دے تو اس پر بیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دم کر کے اُسے پلائے‘ انشاءاللہ غصہ ختم ہوجائیگا۔

**اس کے علاوہ مزید صرف ہیڈنگز ملاحظہ کیجئے:۔**

☆میاں بیوی‘ خوشگوار ازدواجی تعلق کی دشمن عادات ☆جنسی مسائل اور الجھی ازدواجی زندگی ☆بہترین بیوی بننے کے گر ☆بیوی! آپ سے کیا چاہتی ہے؟ ☆ازدواجی وہم جو زندگی تباہ کرسکتے ہیں! ☆خوشگوار ازدواجی زندگی آپ کے بس میں جب شوہر آپ سے دور ہو! ☆خود کو ملکہ اور شوہر کو بادشاہ بنانے کے گر ☆بے مروت شوہر، چڑچڑی بیوی اور اداس گھر شوہر آپ کی توجہ چاہتا ہے ☆ان مشوروں پر عمل کریں اور ازدواجی زندگی خوبصورت بنائیں ☆سسرال اور شوہر سے بیزار بیویاں ☆مشورے ان جوڑوں کے لیے جو لڑکر تنگ آچکے ہوں۔

ماہنامہ عبقری‘ کتب اور ادویات گھر بیٹھے منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر 0332-7552382

**بنفشی قہوہ** دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج | درد شقیقہ میں مبتلا افراد بھی استعمال کریں | گلے کی خراش زبان منہ میں چھالے بچوں کا آنتوں کے امراض | بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا | قیمت 120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382


Digitized by Google

# قیمتی نہیں، سلیقے سے رکھی چیزیں گھر کو خوبصورت بناتی ہیں!

عمر سلیم کمبوہ، لاہور

بیت الخلاء کی ٹائلوں کو صاف کرنے کے لیے گھر پر بھی آمیزہ تیار کیا جاسکتا ہے۔آپ چوتھائی پیالی بیکنگ سوڈا، نصف پیالی سفید سرکہ اور ایک پیالی امونیا ایک بالٹی گرم پانی میں اچھی طرح ملالیں اور پھر اسے برش یا اسفنج کی مدد سے مطلوبہ جگہ لگادیں۔

ٹوائلٹ، باتھ روم، واش روم یا سادہ لفظوں میں بیت الخلاء بھی آپ کی توجہ کا مستحق ہوتا ہے۔ یہ شاید پرانے وقتوں کی بات ہے کہ بڑی بوڑھیاں جب اپنے بیٹوں کے لیے رشتہ دیکھنے جاتیں تو سب سے پہلے اس گھر کا بیت الخلاء دیکھتی تھیں کہ صاف ستھرا ہے یا نہیں۔ اب تو خیر ایسا معاملہ نہیں لیکن پھر بھی بیت الخلاء کی اہمیت اپنی جگہ پر ہے۔ اب شہری ماحول میں ایسے بیت الخلاء تو دیکھنے کو نہیں ملتے جہاں غلاظت جمع ہوتی ہو کیونکہ بیش قیمت ٹائلوں، خوب صورت واش بیسن اور فلش نے اس جگہ کو ایک نئی طرح دی ہے یہ سب اپنی جگہ لیکن اس جگہ کی صفائی ستھرائی بھی ضروری ہے ورنہ خوب صورت بیت الخلاء بھی چند دنوں میں تعفن اور بدبو دینے لگتا ہے۔ کوئی بھی سلیقہ مند خاتون اپنے گھر کے بیت الخلاء کو گندا دیکھنا پسند نہیں کرے گی۔ بیت الخلاء کی صفائی کے لیے ہم آپ کو چند ٹپس بتاتے ہیں۔

☆ بیت الخلاء کی صفائی کا بہترین وقت وہ ہے جب کسی نے اسٹیم واش لیا ہو۔ کیونکہ اس کے نتیجہ میں دیواروں اور تنصیبات پر بھاپ اثر انداز ہوکر گرد و غبار کو نرم کردیتی ہے اور صفائی آسان ہوجاتی ہے۔

☆ بیت الخلاء کی ٹائلوں کو صاف کرنے کے لیے گھر پر بھی آمیزہ تیار کیا جاسکتا ہے۔ آپ چوتھائی پیالی بیکنگ سوڈا، نصف پیالی سفید سرکہ اور ایک پیالی امونیا ایک بالٹی گرم پانی میں اچھی طرح ملالیں اور پھر اور پھر اسے برش یا اسفنج کی مدد سے مطلوبہ جگہ لگادیں۔ یہ محلول ہاتھوں کے لیے حساس ہوتا ہے اس لیے ربر کے دستانے ضرور استعمال کریں۔

☆ اوپر بیان کردہ محلول شاور اور نلوں کو صاف کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بس اسفنج کی ایک کوچی لیجئے اور اسے مذکورہ محلول میں ڈبو ڈبو کر بیت الخلاء کی تنصیبات شاور، نل، وغیرہ پر ملئے، تھوڑی دیر میں دھو لیجئے۔

☆ اگر ٹائلوں پر نشان پڑ جائیں تو ان کو بہ آسانی مٹی کے تیل سے صاف کیا جاسکتا ہے۔ ضدی قسم کے داغ پڑ جائیں تو کسی اچھے مانجھنے والے پاؤڈر میں تھوڑا سا پانی ملا کر پانچ منٹ رہنے دیں پھر نائیلون کے بنے ہوئے مانجھنے کے پیڈ سے رگڑ کر صاف کرلیں۔ ☆ سنک کی صفائی کے لیے اور ہلکے داغ دھبوں کے لیے ایک تازہ لیموں کاٹ کر داغ پر رگڑ دیئے اور سخت گہرے داغ کی صورت میں بوریکس (بورک پاؤڈر) اور لیموں کے عرق کو ملا کر رگڑ دیئے۔ ☆ ٹائلٹ بند ہونے کی صورت میں اور بدبو سے بچنے کے لیے ایک پیالی بیکنگ سوڈا ہر ہفتے ڈال دیا کریں۔ ☆ ہوسکے تو ایئر فریشنر بیت الخلاء میں رکھ دیں ہلکی ہلکی خوشبو آتی رہے گی۔

## کیا قیمتی چیزیں گھر کو خوبصورت بناتی ہیں؟

گھر خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اگر سلیقے سے سجایا گیا ہو تو نگاہوں کو بھلا محسوس ہوگا۔ اکثر خواتین کا خیال ہے کہ قیمتی و بیرون ممالک کے شو پیس ہر گھر کو خوبصورت بناتے ہیں۔ گھر کی تزئین و آرائش کرتے وقت اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ گھر کو غیر ضروری اشیاء سے بھر دینا سجاوٹ نہیں کہلاتا۔ سجاوٹی اشیاء کی بھرمار افراد خانہ کے مزاج میں چڑچڑاہٹ، پژمردگی اور تھکن کے آثار پیدا کرتی ہے جبکہ گھر کی سجاوٹ ایسی ہونی چاہیے کہ شام کو جب افراد خانہ تھک کر اپنے کاموں سے گھر واپس آئیں تو گھر دیکھ کر ہی ان کی ساری تھکن دور ہوجائے۔

نئے گھر کو ترتیب دیتے وقت سب سے پہلا مسئلہ دیواروں پر رنگ و روغن کا ہوتا ہے ہلکے مگر روشن رنگوں سے سجی دیواریں آنکھوں کو اچھی لگتی ہیں۔ سفید، کریم، گلابی، آسمانی، ہلکا سبز اور سرمئی وغیرہ ایسے رنگ ہیں جو تقریباً ہر گھر کی دیواروں پر نظر آتے ہیں۔ ہلکے رنگ انسانی طبیعت میں سکون اور شادابی پیدا کرتے ہیں جبکہ تیز رنگ کمروں میں گھٹن اور تاریکی کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ آپ گھر کے ڈرائنگ روم، ڈائننگ روم یا ماسٹر بیڈ روم کیلئے وال پیپر کا انتخاب بھی کرسکتی ہیں۔ یہ ہر رنگ اور ڈیزائن میں مناسب قیمت پر دستیاب ہیں یہ دیرپا بھی ہوتے ہیں اور کمرے میں جدت پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

